Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن اور اهل بیت علیهم السلام

سرکار دو عالم نے هدایت امت کے لئے دو گرانقدر چیزیں چھوڑي هیں،"قرآن اور اهل بیتعلیهم السلام"

اور ان دونوں کا کمال اتحاد یه هے که اهل بیتعلیهم السلام کي پوري زندگي میں قرآن مجید کے تعلیمات کي تجسیم هے اور قرآن کي جمله آیات میں اهل بیتعلیهم السلام کي زندگي کي تصویر دیکھي جاسکتي هے۔ کهیں ان کے کردار کي توقیر هے تو کهیں ان کے دشمنوں کي تحقیر۔

کهیں ان کے مستقبل کي تمهید هے تو کهیں ان کے ماضي کي تمجید۔

لیکن اس کے باوجود اقوال مفسرین و محدثین کي روشني میں تقریباً ۳۰۰ آیات صرف انهیں کي شان میں نازل هوئي هیں۔

اور ذیل میں اردو داں حضرات کے لئے اس ذخیره کو یکجا پیش کرنے کے لئے مذکوره آیات کا ایک خلاصه پیش کیا جا رها هے۔ تفصیلات کے لئے مجلدات کي ضرورت هے۔

آیات بینات

اسلامي روایات کي بنا پر قرآن مجید کي بے شمار آیات هیں جو اهل بیت اطهارعلیهم السلام کے فضائل و مناقب کے گرِرد گھوم رهي هیں اور انهیں حضرات معصومینعلیهم السلام کے کردار کے مختلف پهلووٴں کي طرف اشاره کر رهي هیں بلکه بعض روایات کي بنا پر تو کل قرآن کا تعلق ان کے مناقب، ان کے مخالفین کے نقائص ومثالب، ان کے اعمال و کردار اور ان کي سیرت و حیات کے آئین و دستور سے هے لیکن ذیل میں صرف ان آیات کي طرف اشاره کیا جا رها هے جن کي شان نزول کے بارے میںعام مسلمان مفسرین بھي اقرار کیا هے که ان کا نزول اهل بیت اطهارعلیهم السلام کے مناقب اي ان کے مخالفین کے نقائص کے سلسله میں هوا هے۔

علماء حق نے اس سلسله میں پوري پوري کتابیں تالیف کي هیں اور مکمل تفصیل کے ساتھ آیات اور ان کي تفسیر کا تذکره کیا هے لیکن اس کام پر صرف ایک اقتباس درج کیا جا رها هے تاکه اردو داں طبقه کے ذهن میں بھي یه آیات اور ان کے حوالے رهیں اور زیر نظر کتاب کي عظمت و برکت میں اضافه هو جائے۔

۱۔ "اهدنا الصراط المستقیم" خدایا همیں صراط مستقیم کي هدایت فرما۔ یه محمد و آل محمد کا راسته هے۔

شواهد التنزیل ج/۱ ص/۵۱

۲۔ " هديً للمتقین الذین یومنون بالغیب" قرآن ان متقین کے لئے هدایت هے جو غیب پر ایمان رکھتے هیں

بقره/۲۔۳

یه ان مومنین کا ذکر هے جو محبت قائم آل محمد پر قائم رهیں۔ رسول اکرم

ینابیع المودّة ص/۴۴۳

Presented by www.ziaraat.com

۳۔ ”وبشر الذين آمنو و عملوا الصالحات ان لهم جنّات تجري من تحتها الانار“۔

Tبقرہ۔T۲۵

پيغمبر آپ صاحبان ايمان و عمل کو بشارت دے ديں کہ ان کہ لئے وہ جنّتيں ھيں جن کے نيچے نھريں جاري ھوگي۔

شواھد التنزيل

۴۔ ”فتلقيٰ ادم من ربّہ کلمات فتاب عليہ“۔

بقرہ۔۳۷

آدمعليھم السلام نے پروردگار سے کلمات حاصل کرکے ان کے ذريعہ توبہ کي۔

غاية المرام ص/۳۹۳

۵۔ ”واذ قلنا ادخلوا هٰذہ القرية فکلو منها حيث شئتم رغداً و ادخلوا الباب سجّداً و قولوا حطة نغفر لکم خطٰيا کم“

۔بقرہ ۵۸

اھلبيتعليھم السلام کي مثال سفينہٴ نوح اورباب حطّہ کي ھے۔پيغمبراکرم۔

درمنثور،ج۱

۶۔ ”واذ استسقيٰ موسيٰ لقومہ فقلنا اضرب بعصاک الحجر فانفجرت منہ اثنتا عشرة عيناً“

بقرہ۔۶۰

ميرے بعد آئمہ کي تعداد يھي بارہ ھوگي جو قوم کا سرچشمہ ھوگي۔پيغمبر اکرم۔

غاية المرام ص/۲۴۴

۷۔ ”واذا بتليٰ ابرھيم ربہ بکلماتٍ فاتمھن“

بقرہ۔۱۲۴

يہ آئمہ اثنا عشر کا اقرار ھے۔ امام جعفر صادق

ينابيع المودة ص/۲۵

۔ ”وما انزل اليٰ ابراھيم و اسماعيل واسحٰق و يعقوب والاسباط“

بقرہ۔ ۱۳۶

حسينعليھم السلام اس مت کے اسباط ميں ھيں۔ رسول اکرمعليھم السلام۔

اسد الغابہ ج/۲،ص/۱۴۳

۹۔ ”کذٰلک جعلناکم امة وسطا لتکونوا شھداء علي الناس“

بقرہ۔۲۰۸

امت وسط ھم اھل بيتعليھم السلام ھيں۔ امير المومنينعليھم السلام۔

شواھد التنزيل ج/۱،ص/۹۲

۱۰۔ ”فاستبقوا الخيرات اين ما تکونوا يات بکم اللّٰہ جميعاً۔“

Presented by www.ziaraat.com

بقره۔۱۴۸

یه امام مهديعليهم السلام کے ۳۱۳ اصحاب کي طرف اشاره هے۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

ينابيع المودّة، ص/۵۰۵

۱۱۔"يا ايها الذين ادخلوا في السلم کافة۔"

بقره۔۲۰۸

یه هم اهل بيتعليهم السلام کي ولايت هے۔ حضرت عليعليهم السلام۔

غاية المرام،ص/۴۳۸

۱۲۔ "فمن يکفر بالطاغوت و يومن بالله فقد استمسک بالعروة الوثقيٰ۔"

بقره ۲۵۶

عروة الوثقي اور انکي اولاد هے۔ رسول اکرم۔

غاية المرام، ص/۲۴۴

۱۳۔"يؤتي الحکمة من يشاء و من يؤت الحکمة فقد اوتي خيراً کثيراً۔"

بقره۔ ۲۶۹

پروردگار نے حکمت هم اهل بيتعليهم السلام کے اندر قرار دي هے۔ رسول اکرم۔

ينابيع المودة،ص/۴۵

۱۴۔"وما يعلم تاويله الا الله والراسخون في العلم۔"

آل عمران۔۷

راسخون في العلم هم اهل بيتعليهم السلام هيں۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

ينابيع المودة، ص/۱۳۹

۱۵۔ "ان الله اصطفي آدم و نوحاً و آل ابراهيم و آل عمران علي العالمين۔"

آل عمران۔۳۳

مصحف عبد الله ميں اس کي تفسير آل محمد سے کي گئي تهي۔ ابو وائل۔

غاية المرام، ص/۳۱۸

۱۶۔ "فمن حاجک فيه من بعد مان جاء ک من العلم فقل تعالوا ندع ابنائنا و ابنائکم۔"

آل عمران ۶۱

یه آيت مباهله کے موقع پر اهل بيتعليهم السلام کي شان ميں نازل هوئي۔

تفسير جلالين، صحيح مسلم کتاب فضائل الصحابة، غاية المرام، ص۳۰۰ وغيره

۱۷۔ "وله اسلم من في السموات وا لارض طوعاً و کرهاً۔"

آل عمران۔۸۳

یه قيام مهديعليهم السلام کي طرف اشاره هے۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

Presented by www.ziaraat.com

ينابيع المودة م،ص/٣٢١

١٨۔ "و من يعتصم بالله فقد هدي الي صراط مستقيم۔"

آل عمران۔١٠١

علي، ان كي زوجه اور ان كي اولاد حجت خدا هے۔ ان سے هدايت حاصل كرنے والا صراط مستقيم كي طرف هدايت پانے والا هے۔ رسول اكرم۔

شواهد التنزيل،١،ص/٥٨

١٩۔ "واعتصموا بحبل الله ولا تفرقوا۔"

آل عمران ۔١٠٣

حبل الله سے مراد هم اهل بيت هيں۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

شواهد التنزيل،١،ص/١٣١

٢٠۔ "يا ايها الذين آمنو ا اصبروا وصابروا و رابطوا واتقوا الله لعلكم تفلحون"

آل عمران۔٢٠٠

مرابطه امام مهديعليهم السلام كے ساته جهاد كي تياري كا حكم هے۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

ينابيع المودة،ص/٥٠۶

٢١۔ "أم يحسدون الناس علي ما أتاهم الله من فضله فقد أتينا آل ابراهيم الكتاب والحكمة و آتيناهم ملكاً عظيماً۔"

نساء ۵۴

يه محسود افراد هم اهل بيتعليهم السلام هيں۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

اسعافالراغبين،ص١٠٩، نور الابصار،ص١١٢

٢٢۔ "يا ايها الذين آمنوا اطيعوا الله و اطيعوا الرسول و اولي الامر منكم۔"

نساء۔ ۵٩

اولي الامر سے مراد آئمه اهل بيتعليهم السلام هيں۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

ينابيع المودة، ص/١٩۴

٢٣۔ "ومن يطع الله و الرسول فاولئک مع الذين انعم الله عليهم من النبيين و الصديقين والشهداء و الصالحين وحسن اولئک رفيقاً۔"

نساء۔۶٩۔٧٠

صديقين،شهداء اور صالحين عليعليهم السلام او ر ان كے مخلصين هيں۔ابن عباس۔

شواهد التنزيل،١،ص/١۵۴

Presented by www.ziaraat.com

۲۴۔ ”ولوردوہ الي الرسول والیٰ اولي الامرمنهم لعلمہ الذین یستنبطونہ منهم“۔

نساء۸۳

اولي امر سے مراد ائمہ اهلبیت علیہم السلامهیں۔امام محمد باقر علیہم السلام،امام جعفر صادق علیہم السلام۔

ینابیع المودة۳۲۱

۲۵۔”و ان من اهل الکتاب الّالیومننّ بہ قبل موتہ“۔

نساء۱۵۹

ظهور مهدي علیہم السلام کي طرف اشارہ هے۔امام محمد باقر علیہم السلام۔

ےنابےع المودة۵۰۶

۲۶۔”ےا ایّهاالذین اٰمنوالاتحلواشعائراللّٰہ“۔

مائدہ۲

هم شعائر اللہ اور اصحاب هیں۔حضرت علي علیہم السلام۔

ےنابےع المودة۲۱۳

۲۷۔”و لقد اخذاللّٰہ میثاق بني اسرائیل وبعثنامنهم اثني عشرنقےباً“۔

مائدہ۱۲

ائمہ اهلبےت علیہم السلامکي تعداد نقباء بني اسرائیل کے برابر هے۔رسول اکرم۔

غایة المرام۲۴۴

۲۸۔ ”یا ایها الذین اٰمنوااتقوااللّٰہ وابتغواالیہ الوسیلة“۔

مائدہ ۳۵

میري اولاد کے ائمہ هي عروةالوثقيٰ اور وسیلہ الي اللہ هیں۔رسول اکرم۔

ےنابیع المودة۴۴۶

۲۹۔ ”فسوف یاتي اللّٰہ بقوم یحبهم ویحبونہ اذلة علي المومنین اعزةعلي الکافرین“۔

مائدہ۵۴

یہ اصحاب مهديعلیہم السلام کي طرف بهي ایک اشارہ هے۔امام جعفر صادق علیہم السلام۔

ینابیع المودة

۳۰۔ ”وهدےنٰهم اليٰ صراط مستقےم“۔

انعام۸۷

آل محمد هي در اصل صراط مستقےم هیں ۔امام محمد باقر علیہم السلام۔

شواهد التنزےل۱ص۶۱

۳۱۔ ”فان ےکفر بهاهٰؤلاء فقد وکلنابهاقوماًلیسوابهابکافرین“۔

انعام۸۹

اصحاب حضرت قائم علیہم السلامکي طرف اشارہ هے۔امام جعفر صادق علیہم السلام۔

ینابیع المودة۵۰۷

Presented by www.ziaraat.com

۳۲۔ ”و تمّت کلمةربکصدقاوعدلاًلامبدل لکلماته و هو السميع العليم“۔

انعام۱۱۵

يه کلمه هر امام کے بازوپر لکھا هو تا هے۔امام حسن عسکري عليهم السلام۔

ينابيع المودة۴۶۲

۳۳۔ ”وان هذاصراطي مستقےماًفاتبعوه“۔

انعام۱۵۳

عليعليهم السلام بن ابيطالب اور ان کي ذرّيت کا راسته هي صراط مستقےم هے۔حسن بصري۔

غاےة المرام ص۴۳۴

۳۴۔ ”فلنسئلن الذين ارسل اليهم ولنسئلن المرسلين“۔

اعراف۶

قےامت کے دن عمر،جسم،مال اور محبت اهلبےت عليهم السلامکے بارے ميں سوال کيا جائے گا۔رسول اکرم۔

غاےة المرام س۲۶۱

۳۵۔ ”و علي الاعراف رجال ےعرفون کلا بسيماهم“۔

اعراف۴۶

يه هم اهلبيت عليهم السلامهوںگے۔الامام عليعليهم السلام بن ابي طالب۔

غاےةالمرام ص۳۵۴

۳۶۔ ”و ممن خلقناامةيهدون بالحق وبه ےعدلون“۔

اعراف ۱۸۱

يه آيت آل محمدکے بارے ميں هے۔امام جعفر صادق عليهم السلام۔

شواهد التنزےل۱ص۲۰۴

۳۷۔ ”يسئلونک عن الساعةايان مرسٰها“۔

اعراف۱۸۷

ساعت سے قےام قائم آل محمدمراد هے۔امام جعفر صادق عليهم السلام۔

ےنابےع المودة

۳۸۔ ”و ما کان اللّٰه ليعذبهم وانت فيهم“۔

انفال ۳۳

اهلبےت عليهم السلامنه ره جائيں گے تو زمين فنا هو جائے گي۔رسول اکرم۔

اسعاف الراغبےن بر حاشيه نور الابصارص۱۳۰

۳۹۔ ”ان اولياء ه الاالمتقون“۔

انفال۳۴

Presented by www.ziaraat.com

آل محمدھي متقےن ھيں۔رسول اکرم۔

شواھد التنزےل۱ص۲۱۶

۴۰۔ ”وقاتلوھم حتيٰ لاتکون فتنةويکون الدّين کله للّٰه“۔

انفال۳۹

دين صرف اللہ کا دين زمانه قےام قائم عليهم السلاممیں ھوگا۔امام محمد باقر عليهم السلام۔

ےنابےع المودةص۵۰۷

۴۱۔ ”فان اللّٰه خمسه وللرسول ولذي القربيٰ“۔

انفال ۴۱

ذوي القربيٰ سے مراد اهلبيت رسولهيں ۔امير المومنينعليهم السلام۔

شواھد التنزےل ۱ص۲۱۸

۴۲۔ ”يرےدون ان يطفئوانور اللّٰه بافواھهم وےابياللّٰه الا ان يتم نوره ولو کره الکافرون“

۔توبه۳۲

نور خدا سے مراد محمد وآل محمدھے۔امير المومنين عليهم السلام۔

ےنابےع المودةص۱۱۴

۴۳۔ ”ھو الذي ارسل رسوله بالهديٰ ودےن الحق ليظهره علي الدين کله ولوکره المشرکون“۔

توبه۳۳

اس آيت کا مصداق قيام قائم عليهم السلامکے بعد ظاھر ھوگا۔امام جعفر صادق عليهم السلام۔

ےنابےع المودة ص۵۰۸

۴۴۔ ”ان عدة الشهور عنداللّٰه اثنا عشرشهراً“۔

توبه۳۶

TجابرT!ميرے ائمه اهلبيت عليهم السلامکي تعدادمهينوں کي تعداد کے برابرھوگي۔رسول اکرم۔

غاےة المرام ص۲۴۴

۴۵۔ ”و السابقون الاولون من المهاجرےن والانصاروالذين اتبعوھم باحسان رضي اللّٰه عنهم و رضواعنه“۔

توبه۱۰۰

ھم اهلبيت عليهم السلامپر سبقت لے جانے والا کوئي نهيں ھے۔اميرالمومنين عليهم السلام۔

غاےة المرام ص۳۸۵

۴۶۔ ”يا ايها الذين اٰمنوا اتقوااللّٰه و کونوا مع الصادقين “۔

توبه۱۱۹

صادقےن محمدوآل محمد ھيں ۔ابن عمر۔

غاےة المرام ص۲۴۸

Presented by www.ziaraat.com

۴۷۔ "فقل انما الغےب للّٰہ فانتظروااني معکم من المنتظرين "۔

ےونس ۲۰

اس آيت ميں غےب سے مراد قائم آل محمدھيں ۔امام جعفر صادق عليھم السلام۔

ےنابےع المودة۵۰۸

۴۸۔ "لئن اخرناعنھم الغےب الي' امة معدودةليقولن ما يحبسہ"۔

ھود۸

امت مادودہ سے مراد ۳۱۳ اصحاب قائم آل محمدھيں ۔امام محمد باقر عليھم السلاموامام جعفرصادق عليھم السلام۔

ينابےع المودة۵۰۸

۴۹۔ "بقية اللّٰہ خےر لکم"۔

ھود۸۶

بقية اللّٰہ قائم آل محمدکي ھستي ھے۔امام محمد باقر عليھم السلام۔

نورالابصار۱۷۲

۵۰۔ "واناالموفوھم نصيبھم غےر منقوص"۔

ھود ۱۰۹

ان افراد سے مراد بني ھاشم ےعني آل محمدھيں ۔ابن عباس۔

شواھد التنزےل ۱ص۲۸۲

۵۱۔ "فلولاکان من القرون من قبلکم اولوا بقية ينھون عن الفساد في الارض"۔

ھود ۱۱۶

يہ آيت ھم اھلبےت عليھم السلامکے بارے ميں نازل ھوئي ھے۔زيد بن عليعليھم السلام۔

شواھد التنزيل ۱ص۲۸۴

۵۲۔"قل ھذہ سبيلي ادعوا الي اللّٰہ علي بصےرةاناومن اتبعني"۔

ےوسف۱۰۸

يہ اتباع کرنے والے ائمہ آل محمدھيں۔رسول اکرم ۔

شواھد التنزيل ۱ص۲۸۶

۵۳۔ "حتي' اذااستيئس الرسل و ظنواانھم قد کذبواجاء ھم نصرنا"۔

ےوسف ۱۱۰

نصرت الٰھي قےام قائم عليھم السلام کے وقت آئے گي۔اميرالمومنين عليھم السلام۔

ےنابےع المودة ص۵۰۹

۵۴۔ "انما انت منذر و لکل قوم ھاد۔"

رعد۔۷

ھادي سے مراد امام ھر زمانے کا امام ھے۔ امام جعفر صادقعليھم السلام۔

ينابيع المودة،ص/۱۰۰

Presented by www.ziaraat.com

۵۵۔ ”الذين آمنوا و تطمئن قلوبهم بذکر اللہ۔“

رعد۔۲۸

ان سے مراد محبان آل محمد هيں۔رسول اکرم۔

در منثور/۴،ص/۵۸

۵۶۔ ”الذين آمنوا و عملوا الصالحات طوبيٰ لهم و حسن مآب۔“

رعد۔ ۲۹

طوبيٰ ايک درخت هے جس کي اصل خانه عليعليهم السلام ميں هے۔ ابن عباس۔

غاية المرام،ص/۳۹۲

۵۷۔ ”و ذکّر هم بايّام اللہ۔“

ابراهيم۔۵

ايّام اللہ روز قيام قائم، روز جنت اور روز قيامت هے۔صادقينعليهم السلام۔

ينابيع المودة،ص/۵۰۹

۵۸۔ ”أ لم تر کيف ضرب اللہ مثلاً کلمة طيبة کشجرة طيبة۔“

ابراهيم ۔۲۴

شجره ذات پيغمبر هے۔ فرع علي هيں۔ شاخ زهرا هيں اور ثمرات حضرات حسنينعليهم السلام هيں۔

امام محمد باقرعليهم السلام۔

شواهد التنزيل/۱ص/۳۱۱

۵۹۔ ”ألم تر اليٰ الذين بدلوا نعمة اللہ کفراً واحلوا قومهم دار البوار۔“

ابراهيم۔۲۸

نعمت محمد وآل محمد هيں ان تبديل کرنے والے بني اميه هيں۔ مجاهد۔

غاية المرام،ص/۳۵۶

۶۰۔ ”قال فانک من المنظرين اليٰ يوم الوقت المعلوم۔“

حجر۔ ۳۶

زمانه قيام قائم آل محمد هي مراد هے۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

ينابيع المودة،ص/۱۰۹

۶۱۔ ”و نزعناما في صدورهم من غل اخوانا عليٰ سرر متقابلين۔“

حجر۔۴۷

يه آيت عليعليهم السلام، حمزه، جعفر، وغيره کے بارے ميں هے۔ابن عباس۔

شواهد التنزيل،۱ص/۳۱۷

Presented by www.ziaraat.com

۶۲۔ ”ان في ذٰلک لأيات للمتوسمين۔“

حجر۔ ۵۷

متوسمين ميں رسول اکرم،حضرت علي اور ديگر آئمہ اطہار شامل ھيں۔ امام جعفر صادقعليھم السلام۔

شواھد التنزيل،۱ص/۳۲۷

۶۳۔ ”و علي اللہ قصد السبيل۔“

نحل۔۹

ھم اھلبيتعليھم السلام ھر اقتدار کرنے والے کے لئے سبيل حق ھيں۔امام محمد باقر۔

غاية المرام، ص/۲۴۶

۶۴۔ ”وعلٰمٰتٍ و بالنجم ھم يھتدون۔“

نحل۔۱۶

نجم رسول اکرم ھيں اور علامات اولياء رسول ۔امام محمد باقرعليھم السلام۔

شواھد التنزيل،۱ص/۳۲۷

۶۵۔ ”فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون۔“

نحل۔۴۳

اھل ذکر ھم اھل بيتعليھم السلام ھيں۔ امام محمد باقرعليھم السلام۔

جامع البيان في تفسير القرآن،۴۱،ص/۱۰۸

۶۶۔ ”يعرفون نعمةاللّٰہ ثم ينکرونھا واکثرھم الکافرون“۔

نحل۸۳

ھم اھلبيت ايک نعمت پروردگار ھيں۔امام محمدباقر عليھم السلام۔

غاية المرام ص۲۴۶

۶۷۔ ”کل انسان الزمناہ طائرہ في عنقہ“۔

اسراء۱۳

طائر ولاےت امام وقت کي طرف اشارہ ھے۔امام جعفر صادق عليھم السلام۔

ےنابےع المودة ص۴۵۴

۶۸۔ ”وآت ذاالقربيٰ حقہ“۔

اسراء ۲۶

ذوي القربيٰ سے مراد ھم اھلبيت عليھم السلامھيں۔امام زين العابدين۔

غاےة المرام ص۳۲۳

۶۹۔ ”و من قتل مظلوماًفقد جعلنا لوليہ سلطاناًفلايسرف في القتل انہ کان منصوراً“۔

اسراء۳۳

Presented by www.ziaraat.com

یه آیت امام حسن علیهم السلاماور امام مهدیعلیهم السلام کي طرف اشاره هے۔امام رضاعلیهم السلام۔

ےنابےع المودة ص۵۱۰

۷۰۔ ”ےوم ندعو کل اناس بامامهم“۔

اسراء۷۱

ائمه حق علي علیهم السلام اور اولاد علیعلیهم السلام هیں۔ابن عباس ۔

غاےة المرام ص۲۷۲

۷۱۔ ”واذ قلنا للملٰئکة اسجدوا لآدم۔“

کهف۔۵۰

آدمعلیهم السلام نے اپني ذریت میں مجھے اور میري اولاد کو دیکھ کر سجده شکر کیا تو خدا انهیں مسجود ملائک بنا دیا۔رسول اکرم۔

غایة المرام،ص۳۹۳

۷۲۔ ”وامامن اٰمن و عمل صالحاً جله جزاء الحسنيٰ۔“

کهف۔۸۸

مومنین رسول اور آل رسول پر ایمان لانے والے هیں۔ رسول اکرم۔

غایة المرام،ص۵۸۴

۷۳۔ ”کٓهٰیٰعٓصٓ۔“

مریم۔۱

کاف# کربلا،ها# هلاکت عترت، یا# یزید، ع# عطش حسینعلیهم السلام، ص# صبر حسینعلیهم السلام هے۔

ینابیع المودة

۷۴۔ ”ان الذین اٰمنوا و عملوا الصٰلحٰت سیجعل لهم الرحمٰن ودّاً۔“

مریم۔۹۶

اس سے مراد محبان آل محمد هیں۔محمد حنفیه۔

اسعاف الراغبین،ص۱۰۹

۷۵۔ ”وافي لغفار لمن تاب و اٰمن و عمل صالحاً ثم اهتديٰ۔“

طه۔۸۲

هدایت ولایت اهل بیتعلیهم السلام کے راسته پر آجانا هے۔ امیر المومنینعلیهم السلام۔

ینابیع المودة،ص ۱۱۰

۷۶۔ ”یومئذ لا تنفع الشفاعة الا من اذن له الرحمن و رضي له قولاً۔“

Presented by www.ziaraat.com

طہ۔ ۱۰۹

جو ميري آل پر صلوات پڑھے ميں روز قيامت اس کي شفاعت کروں گا۔ رسول اکرم۔

فضائل الخمسہ

۷۷۔ ”وأمر اهلک بالصلٰوة و اصطبر عليها۔“

طہ۔۱۳۲

رسول اکرم آٹھ مهينہ تک در اهل بيتعليهم السلام پر نماز صبح کے بعد آتے رهے۔

ابو سعيد الخدري۔ در منثور ج۱،ص ۳۱۳

۷۸۔ ”فستعلمون من اصحاب الصراط السوي و من اهتديٰ۔“

طہ۔ ۱۳۵

يہ حضرات محمد و آل محمد هيں۔ ابن عباس۔

غاية المرام ص۴۰۵

۷۹۔ ”فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون۔“

انبياء۔۷

اهل ذکر اولاد رسول کے آئمہ اطهارعليهم السلام هيں۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

شواهد التنزيل،۱،ص،۳۳۷

۸۰۔ ”ان الذين سبقت لهم منا الحسنيٰ اولئک عنها مبعدون،“

انبياء۔ ۱۰۰

يا عليعليهم السلام! يہ آيت تم لوگوں کے بارے ميں نازل هوئي هے۔ رسول اکرم۔

شواهد التنزيل ۱،ص۳۸۴

۸۱۔ ”لقد کتبنا في الزبور من بعد الذکر ان الارض يرثها عبادي الصالحون۔ “

انبياء۔۱۰۵

يہ قائم آل محمد اور ان کے اصحاب هيں۔ صادقينعليهم السلام۔

ينابيع المودة ص۵۱۰

۸۲۔ ”ومن يعظم شعائر اللّٰہ فانها من تقوي القلوب۔“

حج۔۳۲

شعائر اللّٰہ هم اهل بيتعليهم السلام هيں۔ امير المومنينعليهم السلام۔

ينابيع المودة

۸۳۔ ”اذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا و ان اللّٰہ علي نصر هم لقدير۔“

حج۔۳۹

يہ هم اهل بيت کے بارے ميں هے۔ زيد TبنT عليعليهم السلام بن الحسينعليهم السلام۔

شواهد التنزيل ۱،ص۳۹۹

۸۴۔ ”الذين ان مکنا هم في الارض اقاموا الصلٰوة۔۔۔“

حج۔ ۴۱

يہ هم اهل بيتعليهم السلام کے بارے ميں هے۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

Presented by www.ziaraat.com

شواهد التنزیل١،ص۴٠٠

٨۵۔ "و ان الله لهاد الذین اٰمنوا الیٰ صراط مستقیم۔" حج۔۵۴

صراط مستقیم آل محمد هیں۔امام محمدباقرعلیهم السلام۔

شواهد التنزیل ١، ص۶١

٨۶۔ "ومن عاقب بمثل ما عوقب به ثم بغي علیه لینصرنه الله ان الله لغفور رحیم۔" حج۔۶٠

منصور آل محمد حضرت مهدیعلیهم السلام هیں۔ امام جعفر صادقعلیهم السلام۔

ینابیع المودة ص ۵١٠

٨٧۔ "لیکون الرسول شهیدا علیکم و تکونوا شهداء علي الناس۔"

حج۔٧٨

یه آیت رسول اکرم اور ائمه اولاد رسول کے بارے میں هے۔ امیر المومنینعلیهم السلام۔

غایة المرام ٢۶۵

٨٨۔ "وانک لتدعوا هم الي صراط مستقیم۔ "

مومنون۔ ٧٣

صراط مستقیم هم اهل بیتعلیهم السلام کي محبت هے۔ امیر المومنینعلیهم السلام۔

ینابیع المودة،ص١١۴

٨٩۔ "و ان الذین لا یومنون بالآخرة عن الصراط لناکبون۔"

مومنون۔٧۴

صراط سے مراد هم اهل بیتعلیهم السلام کي ولایت هے۔ امیر المومنینعلیهم السلام۔

ینابیع المودة ،ص١١۴

٩٠۔ "فاذا نفخ في الصور فلا انساب بینهم یومئذ ولا یتسائلون۔"

مومنون۔١٠١

روز قیامت میرے حسب و نسب کے علاوه سارے حسب و نسب منقطع هو جائیں گے۔ رسول اکرم۔

واهد التنزیل ١،ص۴٠٧

٩١۔ "اني جزیتهم الیوم بما صبروا انهم هم الفائزون۔"

مومنون۔١١١

اس سے اهل بیتعلیهم السلام پیغمبر کا صبر مراد هے۔ عبد الله ابن مسعود۔

شواهد التنزیل ١،ص۴٠٨

٩٢۔ "مثل نوره کمشکوٰة فیها مصباح۔۔۔"

نور۔ ٣۵

مشکوٰة جناب فاطمهعلیهم السلام، مصباح جناب حسنینعلیهم السلام، شجره مبارکه حضرت ابراهیمعلیهم السلام، نور علي نور امام بعد امام هیں،امام ابول الحسن۔

غایة المرام،ص٣١۵

٩٣۔ "في بیوت اذن الله ان ترفع"

Presented by www.ziaraat.com

نور۔ ۳۶

ان بیوت میں افضل بیوت بیت علیعلیہم السلام و فاطمه علیہم السلام هے۔رسول اکرم۔

شواهد التنزیل۱،ص۴۱۰

۹۴۔ "وعد الله الذین اٰمنو منکم و عملوا الصالحات لیستخلفنهم في الارض۔۔۔"

نور۔۵۵

ان حضرات سے مراد اهل بیتعلیہم السلام طاهرین هیں۔ عبد الله بن محمد الحنفیه۔

شواهد التنزیل۱،ص۴۱۳

۹۵۔ "والذین یقولون ربنا هب لنا من ازواجنا و ذرّیاتنا قرة اعین و اجعلناللمتقین اماما۔
"

ازدواج خدیجه، ذریت فاطمهعلیہم السلام، قرة العین حسنینعلیہم السلام اور امام حضرت علیعلیہم السلام هیں۔

شواهد التنزیل۱،ص۴۱۶

۹۵۔ "ان نشأ ننزل علیهم من السماء اٰیة فظلت اعناقهم لها خاضعین۔"

شعراء۔۴

ظهور مهدیعلیہم السلام کي طرف اشاره هے۔امام علي رضاعلیہم السلام۔

ینابیع المودةص۴۴۸

۹۷۔ "ویوم نحشر من کل امة فوجاً۔"

نمل ۔۸۳

ظهور مهدیعلیہم السلام کي طرف اشاره هے جب بعض مجرمین کو دوباره زنده کیا جائے گا۔فوج یعني جماعت،مجاهد

در TمنثورT۵ ص۱۱۷

۹۸۔ "و نرید ان نمن علي الذین استضعفوا في الارض ونجعلهم ائمة و نجعلهم الوارثین۔"

قصص۔۵

یه سلسله امامت هے جو تا قیامت باقي رهنے والا هے۔امام جعفر صادقعلیہم السلام۔

شواهد التنزیل۱،ص۴۳۰

۹۹۔ "وربک یخلق ما یشاء و یختار۔"

قصص۔ ۶۸

الله نے مجهے اور میرے اهل بیتعلیہم السلام کو منتخب قرار دیا هے۔ رسول اکرم۔

غایة المرام،ص۳۳۱

۱۰۰۔ "من جاء بالحسنة فله خیر منها"

قصص۔۸۴

حسنه هم اهل بیتعلیہم السلام کي محبت هے۔ امیر المومنینعلیہم السلام۔

شواهد التنزیل۱،ص۴۲۵

Presented by www.ziaraat.com

۱۰۱۔ ”و الذين كفروابآيات اللّٰه ولقائه اولٰئک يئسوامن رحمتي واولٰئک لهم عذاب اليم“۔

عنكبوت۲۳

دشمن اهلبيتعليهم السلام كي پيشاني پر روز قيامت لكھ ديا جائے گا كه يه رحمت خدا سے مايوس هے۔رسول اكرم بروايت ابن عمرونافع ومالک ابن انس۔

غاية المرام ص۵۸۰

۱۰۲۔ ”والذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا۔“

عنكبوت۔۹۶

يه آيت هم اهل بيتعليهم السلام كي بارے ميں نازل هوئي هے۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

شواهد التنزيل

۱۰۳۔ ”يومئذ يفرح المومنون بنصر الله۔“

روم۔۴۔۵

ظهور مهديعليهم السلام كي طرف اشاره هے۔ امام جعفر صادقعليهم السلام ۔

ينابيع المودة ص۵۱۱

۱۰۴۔ ”ولنذيقنهم من العذاب الادنيٰ دون العذاب الاكبر۔“

سجده۲۱

ظهور مهديعليهم السلام ظالموں كے لئے عذاب اكبر هوگا۔ امام جعفر صادقعليهم السلام ۔

تفسير برهان ۲،ص۲۸۸

۱۰۵۔ ”وجعلنا منهم ائمة يهدون بامرنا لما صبروا و كانوا بآياتنا يوقنون۔“

سجده۲۴

الله نے اولاد قارون سے باره قائد قرار دئے تھے اور اولاد عليعليهم السلام ميں گياره امام بنائے هيں جس سے كل باره هوگئے۔ ابن عباس۔

شواهد التنزيل۱ ص۴۵۵

۱۰۶۔ ”انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت يطهركم تطهيرا۔“

احزاب۔۳۳

يه آيت عليعليهم السلام وفاطمهعليهم السلام وحسنينعليهم السلام اور رسول اكرم كي شان ميں نازل هوئي هے۔ ام سلمه۔

فضائل الخمسه ۲، ص۲۱۹

۱۰۷۔ ”ان اللّٰه و ملائكة يصلون عل النبيي يا ايها الذين آمنوا صلواعليه وسلموا تسليماً۔“

احزاب۵۶

ميرے ساتھ اهلبيتعليهم السلام پر صلوات ضروري هے۔رسول اكرم ۔

تفسير مراغي۲۲ص۳۴

۱۰۸۔ ”وجعلنا بينهم و بين القريٰ التي باركنا فيها قريً ظاهرةً۔“

سبا۔۱۸

بابركت قريه سے مراد هم اهل بيتعليهم السلام كي بستي هے۔ امام عصرعليهم السلام۔

Presented by www.ziaraat.com

ينابيع المودة ص۵۱۱

۱۰۹۔ "قل ما سأ لتكم من اجر فهو لكم۔"

سبا۔۴۷

اجر رسالت سے مراد محبت اهلبيتعليهم السلام هے جس سے تمام اولياء خدا كي محبت پيدا هوتي هے۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

ينابيع المودةص۹۸

۱۱۰۔ "ولو تريٰ اذفزعوا فلا فوت و اخذوا من مكان قريب۔"

سبا۔۵۱

ظهور مهديعليهم السلام سے قبل سفياني خروج كرے گا اور مدينه پهونچنے سے پهلے صحرا ميں دهنس جائے گا۔ امير المومنينعليهم السلام۔

ينابيع المودةص۵۱۲

۱۱۱۔ "وقفوهم انهم مسئلون۔"

صافات۔۲۴

روز قيامت سب سے پهلے مرحله پر محبت اهل بيتعليهم السلام كے بارے ميں سوال كيا جائے گا۔ رسول اكرم۔

غاية المرام ص۲۵۹

۱۱۲۔ "سلام عليٰ الياسين۔"

صافات ۔۱۳۰

الياسين آل محمد هيں۔ ابن عباس۔

غاية المرام ص۳۸۲

۱۱۳۔ "قال فانک من المنظرين اليٰ يوم الوقت المعلوم۔"

ص۔۷۹۔۸۰

يوم وقت معلوم روز ظهور قائم آل محمد هے۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

ينابيع المودة ص۵۰۹

۱۱۴۔ "قل هل يستوي الذين يعلمون و الذين لا يعلمون۔" زمر۔۹

يعلمون هم اهل بيتعليهم السلام هيں اور لايعلمون همارے دشمن هيں۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔ شواهد التنزيل۲،ص۱۱۶

۱۱۵۔ "فمن اظلم ممن كذب علي الله و كذب بالصدق اذ جاء ه۔" زمر۔۳۲

صدق هم اهل بيتعليهم السلام كے ولايت هے۔امام عليعليهم السلام۔

مناقب السيد هاشم بحراني ص۱۰۹

۱۱۶۔ "ان تقول نفس يا حسرتيٰ عليٰ ما فرطت في جنب الله۔" زمر۔۵۶

جنب الله امير المومنينعليهم السلام اور ان كي اولاد طاهرين هيں۔امام موسيٰ كاظمعليهم السلام۔

ينابيع المودة ص۴۹۵

۱۱۷۔ "واشرقت الارض بنور ربها۔" زمر۔۲۹

Presented by www.ziaraat.com

نور رب مهديعليهم السلام آل محمد هے جس کے ظهور سے زمين روشن هو جائے گي۔ رسول اکرم۔ غاية المرام ص۶۹۲

۱۱۸۔ ”الذين يحملون العرش و من حوله يسبحون بحمد ربهم و يومنون به و يسغفرون للذين اٰمنوا۔“غافر۔۷

الذين اٰمنو همارے ولايت پر ايمان رکهنے والے هيں۔ امير المومنينعليهم السلام۔

ينابيع المودة ص۴۸۵

۱۱۹۔ ”و ما يدرک لعل الساعة قريب۔“ شوريٰ۔۱۷

ساعت کا ايک مصداق قيام قائم هے۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔

ينابيع المودة ص۵۱۴

۱۲۰۔ ”الا ان الذين يمارون في الساعة لفي ضلال بعيد۔“ شوريٰ۔۱۸

يه شک قيام قائم کے بارے ميں هے که کب پيداهوئے؟ کس نے ديکها هے؟ کهاں هےں؟ اور کب ظاهر هوں گے ۔ امام جعفر صادقعليهم السلام۔ ينابيع المودة ص۵۱۴

۱۲۱۔ ”قل لا اسئلکم عليه اجراً الا المودة في القربيٰ۔“ شوريٰ ۲۳۔

قربيٰ مرسل اعظم کے قرابت دار هيں۔سعيد ابن جبير۔

في ظلال القرآن جلد هفتم و غيرها من الکتب الکثيره

۱۲۲۔ ”ومن يقترف حسنة نزد له فيها حسنا۔“ شوريٰ ۔۲۳

حسنه مودت اهل بيتعليهم السلام کا نام هے۔ ابن عباس۔

صواعق محرقه ص۱۰۱

۱۲۳۔ ”وجعلها کلمة باقية في عقبه لعلهم يرجعون۔“ زخرف ۔۲۸

يعني امامت اولاد حسينعليهم السلام ميں تا قيامت باقي رهے گي۔امير المومنينعليهم السلام۔

ينابيع المودة

۱۲۴۔ ”فلما آسفونا انتقمنا منهم۔“ زخرف۔۵۵

خدا پر ظلم در حقيقت آل محمد پر ظلم هے۔امام محمدباقرعليهم السلام۔

ينابيع المودةص۳۵۸

۱۲۵۔ ”وانه لعلم للساعة فلا تمترن بها واتبعونِ هٰذا صراط مستقيم۔“ زخرف۔۶۱

ساعت”نزول عےسيٰ“هے جو ظهور مهدي عليهم السلامکے بعد هونے والا هے۔ابن عباس۔

درمنثور۶ص۲۱۔

۱۲۶۔ ”هل ينظرون الا الساعة ان تاتےهم بغتةوهم لاےشعرون۔“ زخرف۶۶

ساعت سے مراد وقت ظهور قائم هے۔امام محمد باقرعليهم السلام۔

ےنابےع المودةص۵۱۳

۱۲۷۔ ”فارتقب يوم ياتي السماء بدخان مبين۔“ دخان ۱۰

دخان علامت ظهور مهديعليهم السلام ميں شامل هے ۔رسول اکرم۔

درمنثور۵ ص۱۱۶

Presented by www.ziaraat.com

۱۲۸۔ ”ان المتقين في مقام امين ۔“ دخان۵۱

آل محمدسب کے سب تقي هيں۔رسول اکرم۔ شواهد التنزيل۱ص۲۱۷

۱۲۹۔ ”قل للذين اٰمنوا ےغفرواللذين لاےرجون ايام اللّٰہ۔“ جاثےہ۱۴

ايام الله روز قيامت روز رجعت اور روز قےام قائم عليهم السلامهے۔امام جعفر صادق عليهم السلام۔ ےنابےع المودةص۵۳۱

۱۳۰۔ ”ام حسب الذين اجترحواالسيئات ان نجعلهم کالذين اٰمنواواملوا الصالحات۔“

جاثےہ۱۴

بدکار بني اميه هيں اور صاحبان ايمان وکردار رسول ،عليعليهم السلام،حمزهعليهم السلام،جعفرعليهم السلام،حسنعليهم السلام،حسينعليهم السلام اور فاطمهعليهم السلام هيں۔ابن عباس۔ شواهد التنزےل ۲ص۱۷۰

۱۳۱۔ ”الذين کفرواوصدواعن سبيل اللّٰہ اضل اعمالهم والذين اٰمنوا وعملوا الصالحات۔۔۔“

محمد۱۔۲

الذين کفروا بني اميه هيںاور الذين اٰمنواهم اهلبيتعليهم السلام هيں۔امام حسےن عليهم السلام۔

شواهد التنزےل۲ص۱۷۱

۱۳۲۔ ”ذالک بان الذين کفرواواتبعواالباطل وان الذين اتبعواالحق من ربهم۔“ محمد۳

سورهٔ محمد ميں ايک آيت همارے بارے ميں هے اور ايک بني اميه کے بارے ميں۔امےر المومنينعليهم السلام۔ درمنثور۶ص۴۶

۱۳۳۔ ”والذين قتلوا في سبيل الله فلن يضل اعمالهم۔“

محمد۔۴۔۶

سورهٔ محمد ميں ايک آيت همارے بارے ميں هے اور ايک آيت بني اميه کے بارے ميں ۔ امير المومنينعليهم السلام۔ شواهد التنزيل۲،ص۱۷۱

۱۳۴۔ ”ذٰلک بان الله مولياٰ الذين اٰمنوا و ان الکافرين لا مولياٰ لهم۔“

محمد ۔۱۱

الذين اٰمنو عليعليهم السلام،حمزهعليهم السلام،جعفرعليهم السلام،فاطمهعليهم السلام اور حسنينعليهم السلام هيں۔ اور کافرين ابو سفيان اور اس کے اصحاب هيں۔

شواهد التنزيل۲ ص ۱۷۲

۱۳۵۔ ”ان الله يدخل الذين اٰمنوا و عملوا الصالحٰت جنات تجري من تحتها الانهار و الذين کفروا۔۔۔“

محمد ۔۱۲

سورهٔ محمد کي ايک آيت همارے بارے ميں هے اور ايک بني اميه کے بارے ميں ۔ امير المومنينعليهم السلام۔ شواهد التنزيل۲ ص ۱۷۲

۱۳۶۔ ”افمن کان علي بينة من ربه کمن زين له سوء عمله۔“

محمد۔۱۴

Presented by www.ziaraat.com

سورۂ محمد کي ایک آیت ھمارے بارے میں ھے اور ایک بني امیه کے بارے میں ۔ امیر المومنینعلیہم السلام۔ در منثور ۶ ص۴۶

۱۳۷۔ "مثل الجنة التي وعد المتقون فیها انهار۔۔"

محمد۔۱۵

سورۂ محمد کي ایک آیت ھمارے بارے میں ھے اور ایک بني امیه کے بارے میں ۔ امیر المومنینعلیہم السلام۔ شواهد التنزیل۲ ص۱۷۲

۱۳۸۔ "منهم من یستمع الیک حتيٰ اذا خرجوامن عندک قالوا للذین اوتوا العلم ماذا قال آنفا۔"

محمد۔۱۶

سورۂ محمد کي ایک آیت ھمارے بارے میں ھے اور ایک بني امیه کے بارے میں ۔ امیر المومنینعلیہم السلام۔ روح المعاني تفسیر سوره محمد

۱۳۹۔ "فهل ینظرون الا الساعة ان تاتیهم بغتة فقد جاء اشراطها۔"

محمد۔۱۸

یه ساعت قیام قائمعلیہم السلام ھے۔امام جعفر صادقعلیہم السلام۔

ینابیع المودة ص۵۱۴

۱۴۰۔ "فهل عسیتم ان تولیتم في الارض۔۔"

محمد۔۲۲

یه بني امیه کي طرف اشاره ھے۔ ابن عباس۔

شواهد التنزیل۲ ص ۱۷۶

۱۴۱۔ "و لنبلونکم حتي نعلم المجاهدین منکم و الصابرین۔"

محمد ۔۳۱

سورۂ محمد کي ایک آیت ھمارے بارے میں ھے اور ایک بني امیه کے بارے میں ۔ امیر المومنینعلیہم السلام۔ شواهد التنزیل ۲ ص۱۷۱

۱۴۲۔ "فلا تهنوا و تدعوا الي السلم و انتم الاعلون وا لله معکم۔"

محمد ۔۳۵

ھماري اور بني امیه کي شناخت سوره محمد ھے۔ حسن بن حسن۔

شواهد التنزیل۲ ص ۱۷۲

۱۴۳۔ "لو تزیلوا لعذبنا الذین کفروا منهم عذاباً الیماً۔"

فتح۔۲۵

کفار و منافقین کے اصلاب میں کچھ ایماني امانتیں ھیں جن کے باھر آجانے کے بعد قائم آل محمد سب کو قتل کردیں گے۔ امام جعفر صادقعلیہم السلام۔ ینابیع المودة ص۵۱۴

۱۴۴۔ "وعد الله الذین اٰمنوا و عملوا الصّٰلحٰت منهم مغفرة و اجراً عظیماً ۔" فتح۔۲۹

یه آیت آل محمد کے بارے میں نازل ھوئي ھے۔ ابن عباس۔

شواهد التنزیل ۱ ص ۴۱۲

Presented by www.ziaraat.com

۱۴۵۔ ”القينا في جهنم كل كفار عنيد۔“

ق۔۲۴

يه خطاب روز قيامت مجھ سے اور علي عليهم السلامسے هوگا۔رسول اکرم۔

مسند ابو الحسين کلابي در خاتمه مناقب ابن مغازلي ص ۴۲۷

۱۴۶۔ ”واستمع يوم يناد المناد من مكان قريب يوم يسمعون الصيحة بالحق يوم الخروج۔“ ق۔۴۱۔۴۲

يه روز ظهور قائم آل محمد هوگا۔امام علي رضاعليهم السلام۔

ينابيع المودة ص۳۲۱

۱۴۷۔ ”كانوا قليلا من الليل ما يهجعون وبالاسحار هم يستغفرون۔“

الذاريات۔۱۷۔۱۸

يه آيت عليعليهم السلام فاطمهعليهم السلام اور حسنينعليهم السلام کے بارے ميں نازل هوئي هے۔ابن عباس۔ شواهد التنزيل۲ ص۱۹۵

۱۴۸۔ ”فو رب السماء و الارض انه لحق مثل ما انكم تنطقون۔“

الذاريات۔۲۳

اس سے مراد قيام قائم آل محمد هے۔ امام زين العابدين عليهم السلام۔

ينابيع المودة ص ۵۱۱

۱۴۹۔ ”ان المتقين في جنات و نعيم۔“

طور۔۱۷۔۲۰

يه عليعليهم السلام،حمزه، جعفر اور فاطمه کے بارے ميں نازل هوئي هے۔ ابن عباس۔

شواهد التنزيل ۲ ص۱۹۶

۱۵۰۔ ”والذين اٰمنوا واتبعتهم ذريتهم بايمان الحقنا بهم ذريتهم۔۔۔“

طور۔۲۱۔۲۴

يه آيت رسول اکرم، عليعليهم السلام، فاطمهعليهم السلام اور حسنعليهم السلام و حسينعليهم السلام کي شان ميں نازل هوئي هے۔ ابن عباس۔ شواهد التنزيل ۲ص۱۹۷

۱۵۱۔ ”اقتربت الساعة انشق القمر۔“

قمر۔۱

يه ساعت قيام قائمعليهم السلام کي طرف اشاره هے۔امام جعفر صادقعليهم السلام ۔

ينابيع المودة ص ۵۱۴

۱۵۲۔ ”مرج البحرين يلتقيان۔۔“

الرحمن۔۱۹۔۲۲

بحرين عليعليهم السلام و فاطمهعليهم السلام اور لؤلو ومرجان حسنعليهم السلام و حسينعليهم السلام هيں۔ ابن عباس۔ در منثور ۶ ص۱۴۲

۱۵۳۔ ”يعرف المجرمون بسيماهم فيوخذ بالنواصي والاقدام۔“

الرحمن۔۴۱

Presented by www.ziaraat.com

اس آیت کا مظاھر ہ قیام قائم آل محمد کے موقع پرھوگا۔ امام جعفر صادقعلیہم السلام۔

ینابیع المودة ص۵۱۴

۱۵۴۔ ”والسابقون السابقون اولئک المقربون۔“ الواقعہ۔۱۰۔۱۱

یہ علیعلیہم السلام اور ان کے شیعہ ھیں۔ رسول اکرم۔

شواھد التنزیل ۲ ص۲۱۶

۱۵۵۔ ”واصحاب الیمین ما اصحاب الیمین۔۔“ الواقعہ۔۲۷۔۳۸

ھم اور ھمارے شیعہ اصحاب یمین ھیں۔ امام محمد باقرعلیہم السلام۔

شواھد التنزیل ۲ص۲۹۳

۱۵۶۔ ”فما ان کان من المقربین۔“

الواقعہ۔۸۸۔۸۹۔

آل محمد ھي مقربین اور سابقین ھیں۔ رسول اکرم۔

شواھد التنزیل ۲ص۳۲۶

۱۵۷۔ ”واماان کان من اصحاب الیمین فسلام لک من اصحاب الیمین۔“

الواقعہ۔۹۰۔۹۱

یہ ھم اھل بیتعلیہم السلام کے شیعہ ھیں۔ امام محمد باقرعلیہم السلام۔

شواھد التنزیل۲ص۲۹۴

۱۵۸۔ ”اعلموا ان اللہ یحي الارض بعد موتھا۔“ الحدید۔۱۷

ظھور قائم ال محمد کي طرف اشارہ ھے۔ امام محمد باقرعلیہم السلام ۔

ینابیع المودة۵۱۴

۱۵۹۔ ”یا ایھا الذین اٰمنوا اتقوا اللہ واٰمنوا برسولہ یوتکم کفلین من رحمتہ۔“

الحدید۔۲۸

کفلین رحمت حسنعلیہم السلام و حسینعلیہم السلام ھیں اور نور علیعلیہم السلام بن ابي طالبعلیہم السلام۔ ابن عباس۔ شواھد التنزیل۲ص۲۲۷

۱۶۰۔ ”لا تجد قوما یومنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حادّ اللہ و رسولہ۔۔“

مجادلہ۔۲۲

آیت میں حزب اللہ ائمہ اثنا عشر کے شیعہ ھیں۔ رسول اکرم۔

ینابیع المودة ص ۴۴۳

۱۶۱۔ ”ما اناٴ اللہ علي رسولہ من اھل القريٰ فللہ و للرسول ولذي القربيٰ۔“

حشر۔۷

ذي القربيٰ سے مراد رسول کے قرابت دار ھیں۔ ابن عباس۔

غایة المرام۳۲۴

۱۶۲۔ ”و یوثرون علي انفسھم ولو کان بھم خصاصة۔“ حشر۔۹

یہ آیت علیعلیہم السلام وفاطمہعلیہم السلام اور حسنعلیہم السلام وحسینعلیہم السلام کي شان میں نازل ھوئي ھے۔ ابن عباس۔ شواھد التنزیل ۲ ص۲۴۷

Presented by www.ziaraat.com

۱۶۳۔ "يريدون ليطفئوا نور الله بافواهھم والله متم نوره ولو كره الكافرون۔" الصف۔۸

نور امام ھے اور اتمام تكميل عدد امامت ھے۔ امام زين العابدينعليھم السلام۔

ينابيع المودة

۱۶۴۔ "ھو الذي ارسل رسوله بالھديٰ ودين الحق ليظھره علي الدين كله ولو كره المشركون۔" الصف۔۹

اس كا مصداق ظھور قائمعليھم السلام كے وقت سامنے آئے گا۔ امام جعفر صادقعليھم السلام۔

ينابيع المودة ۔۵۰۸

۱۶۵۔ "واذا راو تجارة ولھواانفضوا اليھا وتركوک قائما۔" جمعه۔۱۱

نماز ميں ره جانے والوں ميںعليعليھم السلام، حسنعليھم السلام، حسينعليھم السلام، سلمان، ابوذر او مقداد تھے۔ ابن عباس۔ غاية المرام ص۴۰۲

۱۶۶۔ "فاٰمنوا بالله ورسوله والنور الذي انزلنا۔" التغابن۔۸

نور سے مراد امام وقت ھے۔امام زين العابدينعليھم السلام۔

ينابيع المودة

۱۶۷۔ "وان تظاھروا عليه فان الله ھو مولاه وجبرئيل وصالح المومنين۔" تحريم۔۴

يا عليعليھم السلام! صالح المومنين تم اور تمھارے شيعه ھيں۔رسول اكرم۔

ينابيع المودةص۹۳

۱۶۸۔ "يوم لايجزي الله النبي و الذين معه نورھم يسعيٰ بين ايديھم و بايمانھم۔" تحريم۔۸

الذين اٰمنوا عليعليھم السلام،فاطمهعليھم السلام، حسنعليھم السلام، حسينعليھم السلام، حمزه اور جعفر ھيں۔ ابن عباس۔ غاية المرام ص۴۳۶

۱۶۹۔ "حتي اذا راوا مايوعدون فسيعلمون من اضعف ناصراً واقل عدداً۔" الجن۔۲۴

ظھور قائم آل محمد كي طرف اشاره ھے۔ امام زين العابدينعليھم السلام۔

ينابيع المودة ص۵۱۵

۱۷۰۔ "ان ھذه تذكرة فمن شاء اتخذ الي ربه سبيلا۔" مزمل۔۱۹

جس نے مجھ سے اور ميرے اھل بيتعليھم السلام سے تمسک كيا اس نے خدا كا راسته اختيار كر ليا۔ رسول اكرم۔ صواعق محرقه۔ص۹۰

۱۷۱۔ "فاذا نقر في الناقور# فذلک يومئذ يوم عسير۔۔۔" مدثر۔۸۔۱۰

روز ظھور قائم عليھم السلام كي طرف اشاره ھے۔امام جعفر صادقعليھم السلام۔

ينابيع المودة ص۱۵۱

۱۷۲۔ "كل نفس بما كسبت رھينة الا اصحاب اليمين۔" مدثر۔۳۸۔۴۰

ھم اور ھمارے شيعه اصحاب يمين ھيں۔امام محمد باقر عليھم السلام۔

شواھد التنزيل۲ص۲۹۳

۱۷۳۔ "ھل اتيٰ علي الانسان حين من الدھرلم يكن شيئامذكوراً۔۔۔" دھر۔۱۔۳۱

يه سوره اھلبيت عليھم السلامكي شان ميں نازل ھوا ھے اورسائل جبرئيل تھے جن كے ذريعه قدرت نے اھلبيتعليھم السلام كاامتحان ليا تھا۔ابن عباس۔تفسير قرطبي،غاية المرام ص۳۶۸

Presented by www.ziaraat.com

۱۷۴۔ "ان المتقےن في ظلال وعےون۔۔"

مرسلات۴۱۔۴۴

متقےن عليعليهم السلام،حسنعليهم السلام،اورحسےنعليهم السلام هيں۔ابن عباس۔

شواهد التنزيل۲ص۳۱۶

۱۷۵۔ "فلا اقسم بالخنس۔" تکوےر۔۱۵

غےبت امام مهديعليهم السلام کي طرف اشاره هے۔امام محمد باقر عليهم السلام۔

ےنابےع المودة ص۵۱۵

۱۷۶۔ "ومزجه من تسنيم# عينا يشرب بها المقربون۔" المطففين۔۲۷۔۲۸

مقربين آل محمد هيں۔ رسول اکرم۔ شواهد

التنزيل ۲ ص۳۲۶

۱۷۷۔ "والسماء ذات البروج۔" البروج۔۱

ميں آسمان هوں اور ائمه اهل بيتعليهم السلام بروج جن کے اول عليعليهم السلام هيں او ر آکر مهديعليهم السلام۔ رسول اکرم۔ ينابيع المودة ص۵۱۵

۱۷۸۔ "ووالد وما ولد۔" البلد۔ ۳

عليعليهم السلام اور اولاد عليعليهم السلام مراد هيں۔ امام محمد باقرعليهم السلام۔

شواهد التنزيل ۲ ص۳۳۱

۱۷۹۔ "فلا اقتحم العقبة۔۔" البد۔۱۱۔۱۲

عقبات قيامت سے ميرے اور ميرے اهلبيتعليهم السلام کے علاوه کوئي آساني سے نهيں گذر سکتاهے۔ رسول اکرم۔ غاية المرام ص۳۲۶

۱۸۰۔ "والشمس وضحٰها والقمر اذا تلٰها۔۔"

الشمس۔۱۔۴

شمس رسول اکرم، قمر عليعليهم السلام، نهار حسنينعليهم السلام اور ليل بني اميه هيں۔ ابن عباس۔ شواهد التنزيل ۲ ص ۳۳۳

۱۸۱۔ "ولسوف يعطيک ربک فترضيٰ۔" الضحيٰ۔۵

رضائے پيغمبر اسي ميں هے که اهل بيتعليهم السلام ميں کوئي جهنم نه جانے پائے ۔ ابن عباس۔

جامع البيان في تفسير القرآن

۱۸۲۔ "ورفعنا لک ذکرک۔" انشراح۔۴

بقائے نسل پيغمبر کي طرف اشاره هے۔ شيخ اسماعيل حقي۔

تفسير روح البيان

۱۸۳۔ "والتين و الزيتون و طور سينين وهذا البلد الامين۔" التين ۱۔۸

تين و زيتون حسنعليهم السلام و حسينعليهم السلام، طور سينين امير المومنينعليهم السلام اور بلد امين رسول اکرم هيں۔ امام موسيٰ کاظمعليهم السلام ۔ شواهد التنزيل

۱۸۴۔ "ان الذين اٰمنوا و عملوا الصٰلحٰت اولئک هم خير البرية۔" البينة۔۷۔۸

Presented by www.ziaraat.com

آل محمد خير البريه هيں ۔ رسول اکرم۔

شواهد التنزيل ٢ ص٣۶۴

١٨۵۔ ”ثم لتسئلن يومئذ عن النعيم۔ “ التکاثر۔٨

اس نعمت سے مراد هم اهل بيتعليهم السلام کي محبت هے۔ امام علي بن موسيٰ الرضاعليهم السلام۔ ينابيع المودة ص ١١١۔١١٢

١٨۶۔ ”الا الذين اٰمنوا وعملوا الصٰلحٰت و تواصوبالحق وتواصو بالصبر۔“ العصر ۔٢

آيت کا مصداق اول عليعليهم السلام بن ابي طالبعليهم السلام هےں۔ ابن عباس۔

شواهد التنزيل٢ ص٣۴٧

١٨٧۔ ”انا اعطيناک الکوثر۔“ کوثر۔١

کوثر هم اهل بيتعليهم السلام کي منزل جنت کا نام هے۔ رسول اکرم۔

شواهد التنزيل٢ ص٣٧۶

مذکوره بالا آيات اگر چه ارقام کے اعتبار سے ١٨٨ هيںليکن حقيقتاً ٣٠٠ کے قريب هيں جن ميں اکثر مقامات پر ايک پورے سلسلهٴ آيات کو ايک شمار کيا گيا هے جس طرح کے سورهٴ دهر کو ايک نمبر ديا گيا هے، حالانکه اس ميں ٣١ آيات هيں اور يه پور اسوره اهل بيتعليهم السلام کے ايثار اور کرم کے مظاهره کے موقع پر نازل هواهے۔

ان آيات کے علاوه سورهٴ محمد کے معيار کے مطابق ديکها جائے تو تمام آيات قرآني ميں يا سيرت و فضيلت اهلبيتعليهم السلام کا جلوه نظر آتاهے يا ان کي دشمنوں کي خباثت و شرارت اور ان کے انجام آخرت کا ذکر هے اور اس طرح اهلبيت طاهرينعليهم السلام کو بلا تردد مرکز و محور قرآن قرار ديا جا سکتا هے جيسا که بعض روايات ميں اشاره کيا گيا هے۔!

بسم الله الرحمن الرحيم

ضرورت امام از روئے عقل و قرآن

تمام اہل اسلام اوردیگررجملہ مذاہب کے نزدیک وجود ابلےس (سیطان) تسلیم شدہ ہے قرآن شریف میں اکثرمقامات پرتذکرہ ٔ سیطان موجود ہے جس میں بتاگیاہے کہ سیطان انسان کادشمن اورکھلم کھلاگمراہ کرنے والاہے نیز سیطان نے خودبھی دربار خداوندی اپنایہ چیلنج واضح کیا ہے کہ میں سوائے تےرے مخلص بندوں کے سب کوبہکاؤںگا اورراہ راست سے منحرف کروں گا چنانچہ و ہ انسانی رگوں میں خون کی طرح سراےت کرتے ہوئے ہرفرد کوبہکاتارہتاہے اورضلالت وگمراہی اس کامشغلہ ہے۔

مگریہ بھی حقےقت ہے کہ خالق سیطان خداہے اوراسی نے اس کووقت معلوم تک مہلت بھی عطاکی ہے ۔ اس لےے عقلاضروری ہے کہ جب تک کائنات میںاےسے گمراہ کرنے والے کاوجود باقی ہے اس وقت تک اسی طرح کسی ہدایت کرنے والے کاوجود بھی ہواچاہےے ۔ ورنہ انسان اپنی فطری تخلےقی کمزورےوں کی بناٴ پر شرارت اورگناہ پر مجبورسمجھا جائے گا ۔ خداوند عالم کا سیطان کوموجود رکھنا اورمخلوق کوبغیرہادی چھوڑنا مخلوق پر ظلم کے مترادف ہوگا اورجب انسان فطرتا گناہ وگمراہی پرمجبورسمجھ لیا جائے گا توپھرجزا ٴ وسزا وجود جنت ودوزخ سب بے کارہوجائے گا ۔

Presented by www.ziaraat.com

اسی لئے قدرت نے کائنات کوازابتداً کبھی کبھی بغیرہادی نہیں چھوڑا چنانچہ حضورصلعم کے متعلق ارشادہے کہ "اے پیغمبرتوبشےرونذےرہے اورہوقوم کے لےے ایک ہادی ہے۔" گویا ہدایت کانتظام من جانب اللہ ہمےشہ سے موجود ہے اورہمےشہ رہے گا ۔مگرظاہر ہے کہ وہ انسان جوخود محتاج ہدایت ہوہرگزہرگز ہادی نہیں ہوسکتا بلکہ ہادی وہی ہوسکتاہے جوخود ہدایت یافتہ ہواورجس کا دامن گناہوں سے مبراہواورصرف وہ معصوم ہی ہوسکتاہے گمراہ اورخطاکارانسان ہرگز ہدایت کااہل نہیں ہوسکتاکیونکہ اوخویشتن گم است کراراہبری کند

اسی طرح یہ امرواضح ہوجاتاہے کہ ہادی وہی ہوگا جوبالفطرت ہدایت یافتہ ہواورجوہدایت یافتہ ہوگا اسی کو "مہدی " کہتے ہیں اورکسی اےسے کے وجود سے عقلازمانہ کبھی خالی نہیں رہ سکتا۔ چنانچہ تخلےق بشری کی ابتداء سے یہ سلسلہ جاری وساری ہے بلکہ پہلابشربھی بشکل ہادی ہی زےنت زمےن کاسبب بناہے اورازآدم تاخاتم سلسلہ ہدایت ونبوت جاری رہاہے جن میں ہرنبی کی معصوم زندگی ضرورت ہدایت کوپوری کرتی رہی ہے اس لےے بعدازختم نبوت جبکہ زمانہ باقی ہے اوراس کوقیامت تک باقی رہناہے توضرو ری ہے کہ اےساہی معصوم سلسہٴ ہدایت اب بھی جاری رہے مگردنیاجانتی ہے کہ اےسی معصوم شخصےتےں بعدازنبی اکرم علاوہ ذرےت خاص وآل پیغمبرکے اورکوئی نہیں ہے کسی ظاہری راہ نمانے اپنے معصوم ہونے کادعوی کیاہے اسی لئے اس دورکے لےے بھی جملہ اہل اسلام متفق ہیں کہ اس زمانے کے امام حضرت مہدی علیہ السلام بھی ذرےت پیغمبرہی سے ہوں گے جن کاوجودمسلم ومحقق ہے ذرےت پیغمبرمیں جوسلسلہ امامت جاری رہاہے اس میں کے بارھوےں امام حضرت حجت ابن الحسن العسکری علیہ السلام موجودہیں اورغائب ہیں آپ فرےضہٴ ہدایت کوپوشےدہ رہ کر اسی طرح انجام دے رہے ہیں جس طرح سیطان پوشےدہ رہ کر گمراہی وبہکانے میں مصروف ہے۔

حدیث پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضورسرورکائنات کی مشہورحدیث "حدیث ثقلین " جوحضورنے آخری حج کے موقع پرارشادفرمائی ۔ تقریبا جملہ اہل اسلام میں‌متفق علیہ ہے اس حدیث میں حضورنے اپنے بعد کی ہدایت کا انتظام واضح کرتے ہوئے ارشادفرمایاکہ انی تارک فےکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی واھلبےتی ۔ الخ (اے مسلمانوں! میں اپنے بعدتمہارے درمیان ہدایت کے لےے دوگرانقدرچےزےں‌چھوڑرہاہوں جن میں ایک قرآن اللہ کی کتاب اوردوسرے مےری عترت واہلبیت ہیں تم ان دونوں سے اپنارشتہ وابستہ رکھوگے توہرگزگمراہ نہ ہوگے اوریہ آپس میں ہرگزجدانہ ہوں‌گے یہاں تک کہ حوض کوثرپرنہ پہنچ جائےں) اس حدیث سے یہ بات واضح ہے کہ بعد ازپیغمبرمسلمانوں کے لےے واجب الاتباع "اہلبیت رسول " اورواجب العمل کتاب اللہ (قرآن) ہے اوران سے تمسک کے بغیرنجات ممکن نہیں ہے اسی لئے ان کاقیام قیامت تک ساتھ رہناضروری نہیں ہے ظاہری طورسے کتاب اللہ یعنی قرآن تومسلمان کے پاس موجودہے مگراہلبیت کی بہ ظاہرفرد نظرنہیں آتی لےکن یہ ارشاد اس ذات گرامی کاہے جس کی جانب دروغ اورجھوٹ کاشائبہ بھی نظرنہیں ہوسکتابلکہ اعلان قرآن کی روسے ان کاارشادخداکاارشاد ہے اس لےے عقلاوشرعا ماننا پڑے گا کہ اہل بےت پیغمبرمیں‌سے کسی بھی فرد کاباقی رہنااشدضروری ہے اوراس وقت تک ضروری ہے جب تک دنیامیں‌قرآن باقی ہے اوراہلبیت پیغمبرمیں اےسی جوذات بھی ہوگی وہ ہادی ہوگی اورکوئی ہادی ہونہیں سکتاجب تک کہ مہدی نہ ہو ۔ اس لےے اگرآج کوئی اےسے امام کے وجود کامنکرہوگا جونسل اہلبیت سے ہوتواس کووجود کتاب کابھی انکارکرناپڑے گا کیوں کہ حضورکاارشاد ہے کہ "یہ دونوں ہرگزجدانہیں ہوسکتے " بلکہ ساتھ سا تہ رہیں‌گے لہذا واضح ہوگیا کہ جب قرآن موجود تواہلبیت رسول میں سے کوئی نہ کوئی اےساوجود ضرورہے جوقرآن کے ساتھ ہو اوراہلبیت رسول مع آنحضرت چہاردہ معصومےن ہیں جنمیں علاوہ دخترپیغمبرجناب فاطمہ الزہراصلوات اللہ علےھا کے با رہ امام شامل ہیں ان میں سے آج تک گیارہ امام ازحضرت علی تا حضرت امام حسن عسکری گزرچکے ہیں اب صرف بارہوں فرزند یعنی صرف حضرت امام مہدی علیہ السلام باقی ہیں جن کاوجود کتاب خداکے ساتھ باقی ہے اورانھےں کی وجہ سے یہ قرآن باقی ہے ان کانظرنہ آنا موجود نہ ہونے کی دلےل نہیں ہوسکتا۔اس لےے جملہ اہل اسلام عقےدہ رکھتے ہیں کہ امام مہدی اہلبیت رسول ہی سے ہیں اوروقت مقررہ پرظاہرہوں گے ان کے وجود سے انکارنہیں‌کیاجاسکتا۔

Presented by www.ziaraat.com

حدیث مذکورکی اسناد اس قدر کتب میںموجود ہیں مجھے اس کے متعلق کچھ تحریرکرنے کی ضرورت نہیں ۔ عام مسلمانوں کی کتابوں میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں علاوہ ازایں دیگراکثراحادیث وآیات قرآنی بطوردلیل اس بارے میں موجود ہیں ۔ کتاب ہذا کااختصارتفصیلی طورسے تحریرکرنے میں مانع ہے ،مطالعہ کے شوقین طالبان حق اورصاحبان ذوق وشوق صراط السری فی احوال المہدی اورکفایۃالطالب محمدابن شافعی میں ملاحظہ فرماسکتے ہیں بطورنمونہ صرف دوحدیثیں پیش کی جارہی ہیں

۱۔ ابن عباس ،انس ،جابر،ابن ماجہ ، احمدبن حنبل وغیرہم نے روایت کی کہ رسول اکرم نے ارشادفرمایا کہ اگرحیات دنیا میںصرف ایک ہی دن باقی رہ جائے توبھی ضروراللہ میرے اہلبیت سے ایک شخص کوقائم کرے گا جوزمین کوعدل وانصاف سے اسی طرح بھردے گا ۔ جیساکہ وہ ظلم وجورسے پرہوچکی ہوگی ۔

نوٹ: اس حدیث پرجملہ اہل اسلام متفق ہیں ۔

۲۔ بخاری شریف صحیح مسلم اوردیگرکتابوں میں موجود ہے کہ حضورنے ارشاد فرمایا کہ ”یکون بعدی اثناعشرامیرا کلھم من قریش

اوربعض نسخوں میں ”من بنی ہاشم “ یعنی پیغمبرنے ارشاد فرمایا کہ میرے بعد بارہ امیر ہوں گے جوکل قریش سے ہوں گے پھرتخصیص کے ساتھ فرمایا کہ بنی ہاشم سے ۔

یہ حدیث بخاری میں تین طرح صحیح مسلم میںنوطرح ،ابوداؤد میںتین طراح ترمذی میں ایک طرح حمیدی میں تین طرح اوردیگررمتعددکتابوں میں متعدد طریقوں سے مروی ہے اس لئے پتہ چلتاہے کہ پیغمبراکرم نے چندمرتبہ یہ حدیث بیان فرمائی جس میں کہیں قریش فرمایااورکہیں تخصیص کرکے بنی ہاشممگربارہ کی قیدہرجگہ موجود ہے اب یہ بالکل واضح ہے کہ یہ بارہ امیر،خلیفہ ، حاکم یاامام علاوہ اہلبیت رسول کے دوسرے نہیںہوسکتے کیونکہ نہ توکوئی دوسرے سلسلہ کاکوئی خلیفہ وامیرایساآج موجودہے جس کا وجود قرآن کے ساتھ تسلیم کیاجائے اورنہ کوئی حاکمی وامیری سلسلہ بارہ پرختم ہوجاتاہے رہے اصحاب رسول جوخلیفہ کہلائے وہ با رہ نے تھے نہ بنی امیہ کے تاجداروں میںیہ تعداد پوری ہوتی ہے اورنہ بنی عباس کے بادشاہوں میں اس درست صرف یہی ہے کہ ان امیروں سے مراد صرف بنی ہاشم اوراہلبیت رسول میںسے بارہ امام ہی ہوسکتے ہیں جن کے اول علی اورآخری بارہویں امام مہدی علیہ السلام حجت خداورسول موجودہ ہیں ۔ جن کی وجہ سے اب تک دین محمدی ووجودعالم باقی وقائم ہے اورقیامت کوبھی انہیں کاانتظارباقی ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غائب امام کافائدہ اورصورت استفادہ

قرآن میں سب سے پہلے غیبت پرایمان لانے والوں کاذکرہے سورہ الحمد کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ یہی آیت ہے

الم ذلک الکتاب لایب فیہ ھدی للمتقین الذین یومنون بالغیب

یعنی وہ کتاب ہے جس کے کتاب الہی ہونے میں کوئی شک نہیں یہ ان پرہیزگاروں کے لئے رہنما ہے جوغیب پرایمان لاتے ہیں ۔

خداوندعالم کے اس فرمان کے بعد ہرمسلمان کے لئے غیب پرایمان لانے کی اہمیت ظاہر ہے اورعقل بھی یہی کہتی ہے کہ بندوں کو اپنی زندگی میں غیب کی باتوں کا اقرارکئے بغیر چارہ کارنہیں یہی وجہ ہے کہ لامذہب شخص کوبھی اس کاقائل ہونا پڑتاہے اورمذہب والے خداکومانتے ہیں ۔ وہ بلاتامل ایک ایسی طاقت کے سامنے سرجھکاتے ہیں جونہ کسی کے مشاہدے میں آئی اورنہ آسکتی ہے ۔

Presented by www.ziaraat.com

خداکی نشانےاں نظرآتی ہیں مگروہ خود نظرنہیں آتا پھرقےامت پر،حساب وکتاب پر، بہشت ودوزخ پر، بے دےکھے ایمان لانا ضروریہے پس اےسی تمام غیبی چےزوں پرایمان رکھنے والے ہرمنصف مزاج کوپس وپےش نہیں ہوسکتاجن کی موجودگی کی سنکڑوں دلےلےں موجود ہیں ۔

موجودات عالم میں غیبت کے دوطریقہ ہیں ۔

اےک یہ کہ و ہ چےزےں نظرہی نہ آتی ہوں جےسے کہ جنت ےااصحاب کہف ۔اوردوسری صورت یہ ہے کہ وہ غائب ذاتےں نظرتوآتی ہیں مگران کی پہچان نہیں ہوتی جےسے کہ جنات ےاحضرت خضرےاحضرت الےاس وغےرہ ۔بس یہی صورت حجت علیہ السلام کی ہے کہ لوگ حضرت کودےکھتے ہیں لےکن پہچانتے نہیں ہیں اور اس غیبت کاصرف یہ مطلب ہے کہ امام زمانہ درپردہ منصب امامت کی ذمہ داری انجام دے رہے ہیں۔جنت درپردہ موجود ہے مگر نہ اس کی نعمتےں ہم تک آتی ہیں نہ ہم وہاں پہنچ سکتے ہیں پھربھی کوئی عاقل اس وقت اس کے وجود کوبے فائدہ نہیں کہہ سکتے اس لئے کہ اس کے تذکرے اطاعت الٰہی کی طرف متوجہ کرتے ہیں لہٰذا جب غیبت میں جنت کاوجود مفےد ہے توکم ازکم اسی طرح بحالت غیبت امام زمانہ کاوجود مفےد ہے ۔ خداکی بنائی ہوئی جنت کواس وقت لوگ نہیں دےکھتے لےکن اس کے بنائے ہوئے امام وحجت کوپہلے بھی دےکھا گےا اوراب بھی خوش قسمت صاحبان زےارت سے مشرف ہوتے ہیں ۔

ہرامام کاکام ۔دین وملت کی حفاظت ونگہداشت ہے وہی رہنمائے عالم ہوتا ہے لےکن اس رہنمائی کی دوصورتےں ہیں اگراس کودنےوی اقتداربھی حاصل ہے توکارہداےت حکومت کے ذرےعہ سے انجام پائے گا اوراگر مخالف قوتوں کی مزاحمت سے اےساتسلط ہوگا تواس کارمنصبی کی تکمےل مخفی طرےقے پرہوتی رہے گی جےسی کہ اس زمانہ میں ہورہی ہے کہ اصول اسلام وقانون شرےعت محض فےوض امام سے باقی ہیں اورجزوی مسائل میں ہرشخص کے لئے حضرت کے احکام نافذنہ ہونے سے منصب امامت پرکوئی اثرنہیں پڑسکتا کےونکہ دنےاوالوں نے بدقسمتی سے اپنا یہ نقصان آپ کےاہے ۔ان کے مظالم اورکمزورےاں ہی اس پردہٴ غیبت کاباعث ہیں اوریہ سب ان کے کردارکانتےجہ ہے ۔

انبیاٴہوں یا آئمہ ،جب سب کاتقررخداکی طرف سے ہوتاہے اوریہ دین دنےادونوںکے بادشاہ ہوتے ہیں کسی کی رعےت نہیںہوتے اگرکہیں دنےوی رےاست وحکومت پردوسرے لوگ قابض ہوجائےں تواس سے ان کی نبوت وامامت میں کوئی فرق نہیں آتا ۔اسی طرح یہ حضرات حاضرہوں ےاغائب ہوں ہرحالت میں نبی وامام رہتے ہیں۔حضوروعدم حضورےاغیبت وظہورسے شان نبوت وامامت میں کوئی تبدےلی نہیں ہوتی ۔انبےا ٴ کی بھی غیبتےں ہوئی ہیں نبی تھے اورنبی رہے اسی طرح حضرت حجت علیہ السلام ہرحال میں امام ہیں اورحضرت کاوجود مبارک تمام عالم خداکے لئے رحمت ونعمت ہے۔

حضرت حجت علیہ السلام اسی نوررسول اللہ کے حامل ہیں جس سے خطاب الٰہی ہوا تھا : لولاک لماخلقت الافلاک یعنی تم نہ ہوتے تومیں آسمانوں کوپےدانہ کرتا پس عالم کی پےدائش جس پرموقوف ہے اسی پرعالم کابقاموقوف ہے اگریہ نہ ہوں توساری دنےاختم ہوجائے اسی لئے تواس نورکے حامل امام موجود ہیں اورہرقسم کی نعمتےں عام خلائق کے شامل حال ہیں آسمان سے بارش ہوتی ہے ،زمےن سے داناگتاہے ،درختوں میں پھل آتے ہیں ،عقلوں میں سمجھنے کی قوت ہے ،آنکھوں میںبصارت ہے ، کانوں میں سماعت ہے ۔زبان میں گوئی ہے اوران انعامات الٰہیہ کاذرےعہ روئے زمےن پر حجت خداکاوجود ہے جورحمة للعالمےن کے فرزند ہیں ۔ جن کی برکت سے دنےا باوجود ان بدکردارےوں کے جوسابقہ امتوںپرنزول عذاب کا باعث ہوتی رہی ہیں ،عذابوں سے محفوظ ہیں۔اور پہلے کے عالم گےرعذاب مسخ وخسف ،غرق وحرق یعنی صورتوں کابدل جانا ،زمےن میںدھنسنا ،پانی مےن ڈوبنا ،آگ میں جلنا سب کے سب انھےں کے سبب سے رکے ہوئے ہیں۔کےونکہ عذاب نازل نہ ہونے کے دوسبب قرآن میں بےان ہوئے ہیں

یارسول اللہ کی موجودگی ،یابندوں کااستغفار

وماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم وماکان اللہ معذبھم وھم یستغفرون

یعنی اے رسول ،جب تک تم ان میںموجود ہو خداان پرعذاب نہ کرے گا اورنہ اےسی حالت میںعذاب نازل فرمائے گا کہ لوگ استغفار کرتے رہیں ۔

Presented by www.ziaraat.com

پس اب نہ رسول اللہ تشریف فرماہیں،نہ سب بندے معافی کے خواہاں ہیں ،توبہ واستغفار مثل نہ ہونے کے ہے .پھرعذاب کےوں نازل نہیں ہوتا ؟ صرف اس لئے کہ قائم مقام رسول ہمنام رسول موجود ہیں جوفرزند رسول ہیں ،وارث رسول ہیں جن کافعل ،فعل رسول ہے ، جن کا وجود وجود رسول ہے ،جن کانور نور رسول ہے اوروہ اسی نورمبارک کے حامل ہیں جوغاےت خلقت عالم اورسبب بقائے عالم ہے .یہی مطلب اس فرمان نبوی کاہے

النجوم امان لاهل السماء واهل بیتی امان لاهل الارض .یعنی ستارے اہل آسمان کے لئے امان کاسبب ہیں اورمےرے اہل بےت زمےن والوں کے واسطے باعث امن وامان ہیں .

ستارے نہ ہوں توآسمان والوں کے لئے مصےبت ہے اورمےرے اہل بےت میں سے کوئی نہ ہوتوزمین والوں کے لئے مصیبتیں ہیں

یہ بھی حضرت کاارشاد ہے کہ اگراےک ساعت بھی روئے زمےن حجت خدا سے خالی ہوجائے توساری زمےن تباہ وبرباد ہوجائے گی ،اورحجت خدانہ ہونے کی صورت میںزمےن اس طرح موجےںمارے گی جس طرح سمندر موج زنی کرتا ہے .

جابر بن عبداللہ انصاری نے رسول اللہ سے سوال کےا تھاکہ آےا زمانہ غیبت میںقائم آل محمد سے دوستوںکوفائدہ پہنچے گا ؟ حضرت نے ارشاد فرماےا کہ " ہا ں ! اے جابراس خداکی قسم جس نے مجھ کونبی بناکر بھےجاہے ،ےقےنا ان کی غیبت میں وہ ان سے منتفع ہوں گے اوران کے نورس ولاےت سے اسی طرح روشنی حاصل کرےںگے جس طرح لوگ آفتاب سے فائدہ حاصل کرتے ہیں اگرچہ اس پربادل چھاےاہوا ہو.

یہ پےغمبراسلام کامختصرکلام ہے جس میں حضرت نے اپنے فرزند کوآفتاب سے تشبیہ دی ہے اس جتنابھی غورکےاجائے اتناہی آنکھوں میں نوردل میںسرورپےداہوگا .

جس طرح آفتاب سے دنےا روشن رہتی ہے وہ کائنات عالم کی زندگی کاذرےعہ ہے اس کی روشنی سے مخلوقات کے کام نکلتے ہیں ، ضرورےات پوری ہوتی ہیں ،حاجات برآتی ہیں .اسی طرح وجود عالم کی روشنی امام علیہ السلام سے ہے انھےں کے ذرےعہ سے دنےامیں نورہداےت قائم ہے ،وہی علوم ومعارف کاوسےلہ ہیں ،ان کے توسل سے حاجت روائی ہوتی ہے .بلاؤمصےبت کے اےسے موقعوںپرکہ جب کوئی فرےادرس نہ ہو،امےدوںکے دروازہ ہرطرف سے بندہوچکے ہوں ،مایوسی کاعالم ہو تووہی بارگاہ الٰہی میں شفاعت کرتے ہیں اور ساری بلائےں دفع ہوجاتی ہیں .ظاہرہے کہ جےسامکان ہوتاہے وےسی ہی اس میں روشنی پہنچتی ہے جتنابھی حائل ہونے والی چےزےں کم ہوں گی اتنی ہی اس میں دھوپ آئے گی جتنے وسےع دروازہ ہوں گے ،جتنے روشن دان ہوںگے ،اتنی ہی شعائےں کمرہ میں داخل ہوںگی اسی طرح انسان جس قدرعلائق جسمانیہ سے منزہ اورمعارف رحونایہ پرفائز ہوگااسی قدراس کاسےنہ امام علیہ السلام کے انوارامامت کی روشنی سے منورہوگا . یہاں تک کہ اس شخص کی طرح ہوسکتاہے جوآسمان کے نےچے ہو،اورچاروں طرف سے آفتاب کی راحت رساں ،روح افزاشعاعےں اس پرپڑرہی ہوں .

پھریہ بھی ضروری نہیں ہے کہ اےک بستی میں سورج نظرنہ آئے تودوسری آبادی میں چھپارہے بلکہ بےک وقت کسی شہرمیں دھوپ ہوتی ہے کسی میںگھٹاہوتی ہے کسی ملک میں دن ہے کسی میںرات ہے ، کہیں دھوپ میں مصلحت ہے .جب آفتاب صاف دکھائی دے رہاہو توتھوڑی سی دےربھی آنکھےں کھول کر اس کیطرف نظرقائم نہیں رہتی اوراےسی صورت سے ہرشخص اس کی روشنی کامتحمل نہیں ہوسکتا بلکہ بعض اوقات اےسے عمل سے بےنائی جاتی رہتی ہے .اسی طرح یہ اےسا وقت ہے کہ اگرامام علیہ السلام ظاہرہوجائےں توبہت سے لوگ حضرت کودےکھنے سے بالکل اندھے اورحق سے منحرف ہوسکتے ہیں کےونکہ ان میں اپنی بداعمالےوں کی وجہ سے وہ کمزورےاں پےدا ہوچکی ہیں کہ حقےقت حق کے تحمل کی قوت باقی نہیں رہی حالانکہ وہ بظاہر اس زمانہ غیبت میں اسلام پرقائم ہیں .اس وقت حضرت حجت علیہ السلام کی مثال آفتاب کی مثال ہے جب کہ وہ بادل میں پوشےدہ کہ اےسی حالت میں بھی اس کی روشنی سے دنےافائدہ اٹھاتی ہے اگرچہ بے بصارت آدمی محروم رہتاہے .

Presented by www.ziaraat.com

اسی طرح امام علیہ السلام کے فیوض سے ایمان کی بینائی والے مستفیض ہورہے ہیں لیکن بے بصیرت لوگ محروم ہیں ۔اوریہ کہ باوجود ابرکے بھی بعض اہل نظرسورج کو اسی طرح دیکھ لیتے ہیں کہ یکایک ذرا بادل ہٹا اوران کی نگاہ اس پرپڑگئی مگردوسروں کودیکھائی نہیں دیتا ۔آفتاب کے مقابل ابرکاحصہ دفعتا ہلکاہوااورتیزنظر لوگوں نے قرص آفتاب کودیکھ لیا لیکن عام طور پڑسب لوگوں کی نظریں اس پرنہ پڑسکیں اسی طرح کچھ خوش قسمت لوگ موجودہ زمانہ ٔ غیبت میں بھی امام علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوتے ہیں اوران کوشرف ملاقات ہوسکتاہے ۔

ایمان بالغیب وانتظارظہورضروردشوارگزارمنزل ہے مگرایسی مبارک کہ جناب رسالتمآب نے اپنے اصحاب سے ارشادفرمایا تھا کہ تمہارے بعد ایک ایسی قوم آئے گی جن میںایک شخص اجروثواب میں تمہارے پچاس آدمیوں کے برابرہوگا ۔انھوں نے عرض کیا کہ یاحضرت ہم نے توبدروحنین میں جہاد کئے ،ہمارے تذکرے قرآن میں ہیں ۔فرمایا کہ اگران کے جیسے مصائب وصعوبتیں پیش آئیں تو تم ان کی طرح صبرنہیں کرسکتے ۔

جناب امیرالمومنین علیہ السلام کاارشاد ہے کہ ظہورکے منتظر رہنا کیونکہ خداکے نزدیک بہترین عمل انتظار ہے اورہمارے امرکا منتظر مثل اس شخص کے ہے جوراہ خدامیں شہید ہواوراپنے خون میں لوٹے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام

امام زمانہ حضرت امام مہدی علیہ السلام سلسلہ عصمت محمدیہ کی چودھویںاورسلک امامت علویہ کی بارھویں کڑی ہیں آپ کے والد ماجد حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اور والدہ ماجدہ جناب نرجس(۱) خاتون تھیں۔

آپ اپنے آباو ٔاجدادکی طرح امام منصوص ،معصوم ،اعلم زمانہ اورافضل کا ئنات ہیں ۔آپ بچپن ہی میں علم وحکمت سے بھرپور تھے۔ (صواعق محرقہ #۲۴۱) آپ کو پانچ سال کی عمرمیں ویسی ہی حکمت دے دی گئی تھی ،جیسی حضرت یحیی کو ملی تھی اورآپ بطن مادرمیں اسی طرح امام قراردیے گئے تھے،جس طرح حضرت عیسی علیہ السلام نبی قرارپائے تھے۔(کشف الغمہ ص ۱۳۰) آپ انبیاء سے بہترہیں ۔(اسعاف الراغبین ص ۱۲۸) آپ کے متعلق حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بے شمار پیشین گوئیاں فرمائی ہیں اوراس کی وضاحت کی ہے کہ آپ حضورکی عترت اورحضرت فاطمۃالزہرا کی اولاد سے ہوں گے۔ ملاحظہ ہوجامع صغیرسیوطی ص۱۶۰ طبع مصرومسند احمدبن حنبل جلد۱ ص ۸۴ طبع مصروکنوزالحقائق ص۱۲۲ ومستدرک جلد۴ ص ۵۲۰ ومشکوۃ شریف) آپ نے یہ بھی فرمایاہے کہ امام مہدی کا ظہورآخرزمانہ میں ہوگا ۔اورحضرت عیسی ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے ۔ملاحظہ ہو صحیح بخاری پ۱۴ ص۳۹۹ وصحیح مسلم جلد۲ ص ۹۵ صحیح ترمذی ص ۲۷۰ وصحیح ابوداؤد جلد۲ ص۲۱۰ وصحیح ابن ماجہ ص۳۴ وص۳۰۹ وجامع صغیرص۱۳۴ وکنوزالحقائق ص۹۰) آپ نے یہ بھی کہاہے کہ امام مہدی میرے خلیفہ کی حیثیت سے ظہورکریں گے اور یختم الدین بہ کما فتح بنا جس طرح میرے ذریعہ سے دین اسلام کا آغاز ہوا ۔ اسی طرح ان کے ذریعہ سے مہراختتام لگادی جائیگی ۔ ملاحظہ ہوکنوزالحقائق ص۲۰۹آپ نے اس کی بھی وضاحت فرمائی ہے کہ امام مہدی کا اصل نام میرے نام کی طرح محمد اورکنیت میری کنیت کی طرح ابوالقاسم ہوگی وہ جب ظہورکریں گے توساری دنیاکو عدل وانصاف سے اسی طرح پرکردیں گے جس طرح وہ اس وقت ظلم وجورسے بھری ہوگی ۔ ملاحظہ ہو جامع صغیرص۱۰۴ ومستدرک امام حاکم ص ۴۲۲ و۴۱۵ ظہورکے بعد ان کی فورابیعت کرنی چاہیے کیونکہ وہ خداکے خلیفہ ہوں گے ۔ (سنن ابن ماجہ اردوص۲۶۱ طبع کراچی ۱۳۷۷ھج) ۔

حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام کی ولادت باسعادت

مورخین کا اتفاق ہے کہ آپ کی ولادت باسعادت ۱۵ شعبان ۲۵۵ ھج یوم جمعہ بوقت طلوع فجرواقع ہوئی ہے جیسا کہ (وفیات الاعیان ،روضۃ الاحباب ،تاریخ ابن الوردی ،ینابع المودۃ،تاریخ کامل طبری ،کشف الغمہ ،جلاٗالعیون ،اصول کافی ،

Presented by www.ziaraat.com

نور الا بصار ، ارشاد ، جامع عباسی ، اعلام الوری ، اور انوار الحسینہ وغےرہ میں موجود ہے (بعض علماٗ کا کہنا ہے کہ ولادت کا سن ۲۵۶ ھج اور ما دہ ٗ تاریخ نور ہے)یعنی آپ شب برات کے اختتام پر بوقت صبح صادق عالم ظھور وشہود میں تشریف لائے ہیں ۔

۱# نرجس ایک ےمنی بوٹی کو کہتے ہیں جس کے پھول کی شعراٗ آنکھوں سے تشبیہ دےتے ہیں (المنجد ص۸۶۵) منتہی الادب جلد ۴ ص۲۲۲۷ میں ہے کہ یہ جملہ دخےل اورمعرب یعنی کسی دوسری زبان سے لایاگیا ہے ۔ صراح ص۴۲۵ اورالعماط صدےق حسن ص۴۷ میں ہے کہ یہ لفظ نرجس ،نرگس سے معرب ہے جوکہ فارسی ہے ۔رسالہ آج کل لکھنؤ کے سالنامہ ۱۹۴۷ کے ص ۱۱۸ میں ہے کہ یہ لفظ ےونانی نرکسوس سے معرب ہے ، جسے لاطےنی میں نرکسس اورانگےرےزی میں نرس سس کہتے ہیں ۔۱۲

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی پھوپھی جناب حکےمہ خاتون کا بیان ہے کہ ایک روز میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے پاس گئتو آپ نے فرمایا کہ اے پھوپھی آپ آج ہمارے ہی گھر میںرہئے کےونکہ خداوندعالم مجھے آج ایک وارث عطافرمائے گا ۔ میں نے کہاکہ یہ فرزند کس کے بطن سے ہوگا ۔آپ نے فرمایاکہ بطن نرجس سے متولد ہوگا ،جناب حکےمہ نے کہا :بےٹے!میں تونرجس میں کچھ بھی حمل کے آثارنہیں پاتی،امام نے فرمایاکہ اسے پھوپھی نرجس کی مثال مادرموسی جےسی ہے جس طرح حضرت موسی کاحمل ولادت کے وقت سے پہلے ظاہرنہیں ہوا ۔اسی طرح میرے فرزند کا حمل بھی بروقت ظاہرہوگا غرضکہ میں امام کے فرمانے سے اس شب وہیں رہی جب آدھی رات گذرگئی تومیں اٹھی اورنمازتہجدمیں مشغول ہوگئی اورنرجس بھی اٹھ کرنمازتہجدپڑھنے لگی ۔ اس کے بعدمیرے دل میں یہ خیال گذراکہ صبح قرےب ہے اورامام حسن عسکری علیہ السلام نے جوکہاتھا وہ ابھی تک ظاہرنہیں‌ہوا ، اس خیال کے دل میں آتے ہی امام علیہ السلام نے اپنے حجرہ سے آوازدی :اے پھوپھی جلدی نہ کےجئے ،حجت خداکے ظھورکا وقت بالکل قرےب ہے یہ سن کرمیں نرجس کے حجرہ کی طرف پلٹی ،نرجس مجھے راستے ہی میں ملےں ، مگران کی حالت اس وقت متغےرتھی ،وہ لرزہ براندام تھیں اوران کا ساراجسم کانپ رہاتھا ،میں نے یہ دےکھ کران کواپنے سےنے سے لپٹالیا ،اورسورہ قل ھواللہ ،اناانزلنا واےۃ الکرسی پڑھ کران پردم کیا بطن مادرسے بچے کی آواز آنے لگی ،یعنی میں جوکچھ پڑھتی تھی ،وہ بچہ بھی بطن مادرمیں وہی کچھ پڑھتا تھا اس کے بعد میں نے دےکھا کہ تمام حجرہ روشن ومنورہوگیا ۔ اب جومیں دےکھتی ہوں تو ایک مولود مسعود زمین پرسجدہ میں پڑاہوا ہے میں نے بچہ کواٹھالیا حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے حجرہ سے آواز دی اے پھوپھی ! میرے فرزند کو میرے پاس لائےے میں لے گئےی آپ نے اسے اپنی گود میں بٹھالیا ،اورزبان دردھان دے کراوراپنی زبان بچے کے منہ میں دےدی اورکہا کہ اے فرزند !خدا کے حکم سے کچھ بات کرو ،بچے نے اس آیت : بسم اللہ الرحمن الرحےم ونرےدان نمن علی اللذےن استضعفوا فی الارض ونجعلھم الوارثین کی تلاوت کی ، جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ احسان کریں ان لوگوں پرجوزمین پرکمزورکردئےے گئے ہیں اور ان کوامام بنائےں اورانھےں کوروئے زمین کاوارث قراردیں ۔

اس کے بعد کچھ سبزطائروں نے آکرہمیں گھےرلیا ،امام حسن عسکری نے ان میں سے ایک طائرکوبلایا اوربچے کودےتے ہوئے کہا کہ خدہ فاحفظہ الخ اس کولے جاکراس کی حفاظت کرویہاںتک کہ خدا اس کے بارے میں کوئی حکم دے کےونکہ خدا اپنے حکم کوپورا کرکے رہے گا میں نے امام حسن عسکری سے پوچھا کہ یہ طائرکون تھا اوردوسرے طائر کون تھے ؟ آپ نے فرمایا کہ جبرئےل تھے ،اوردوسرے فرشتگان رحمت تھے اس کے بعد فرمایاکہ اے پھوپھی اس فرزند کواس کی ماں کے پاس لے آوتاکہ اس کی آنکھےں خنک ہوں اورمحزون ومغوم نہ ہو اور یہ جان لے کہ خدا کاوعدہ حق ہے واکثرھم لاےعلمون لےکن اکثرلوگ اسے نہیں جانتے ۔ اس کے بعد اس مولود مسعود کو اس کی ماں کے پاس پہنچادیاگیا (شواہدالنبوۃ ص ۲۱۲ طبع لکھنؤ ۱۹۰۵ء علامہ حائری لکھتے ہیں کہ ولادت کے بعد آپ کو جبرئےل پرورش کے لئے اٹھاکرلے گئے (غایۃالمقصود جلد۱ ص ۷۵) کتاب شواہدالنبوت اوروفیات الاعیان وروضۃالاحباب میں ہے کہ جب آپ پےداہوے تومختون اورناف برےدہ تھے اورآپ کے داہنے بازوپریہ آیت منقوش تھی جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل

Presented by www.ziaraat.com

کان زھوقا یعنی حق آیا اورباطل مٹ گیا اورباطل مٹنے ہی کے قابل تھا ۔ یہ قدرتی طورپربحرمتقارب کے دومصرعے بن گئے ہیں حضرت نسیم امروہوی نے اس پرکیا خوب تضمین کی ہے وہ لکھتے ہیں #

چشم وچراغ دیدہٴ نرجس عین خداکی آنکھ کاتارا

بدرکمال نیمہٴ شعبان چودھواں اختراوج بقاکا

حامی ملت ماحیٴ بدعت کفرمٹانے خلق میں آیا

وقت ولادت ماشاء اللہ قرآن صورت دیکھ کے بولا

جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا

محدث دہلوی شیخ عبدالحق اپنی کتاب مناقب ائمہ اطہارمیں لکھتے ہیں کہ حکیمہ خاتون جب نرجس کے پاس آئیں تودیکھا کہ ایک مولود پیداہوا ہے ،جومختون اورمفروغ منہ ہے یعنی جس کا ختنہ کیا ہوا ہے اورنہلانے دھلانے کے کاموں سے جومولود کے ساتھ ہوتے ہیں بالکل مستغنی ہے ۔ حکیمہ خاتون بچے کو امام حسن عسکری کے پاس لائیں ، امام نے بچے کولیا اوراس کی پشت اقدس اور چشم مبارک پرہاتھ پھیرا اپنی زبان مطہران کے منہ میں ڈالی اورداہنے کان میں اذان اوربائیں میں اقامت کہی یہی مضمون فصل الخطاب اوربحارالانوارمیں بھی ہے ، کتاب روضۃالاحباب ینابع المودۃ میں ہے کہ آپ کی ولادت بمقام سرمن رائے سامرہ میں ہوئی ہے ۔

کتاب کشف الغمہ ص۱۳۰ میں ہے کہ آپ کی ولادت چھپائی گئی اورپوری سعی کی گئی کہ آپ کی پیدائش کسی کومعلوم نہ ہوسکے ، کتاب دمعہ ساکبہ جلد ۳ص۱۹۴ میں ہے کہ آپ کی ولادت اس لئے چھپائی گئی کہ بادشاہ وقت پوری طاقت کے ساتھ آپ کی تلاش میں تھا اسی کتاب کے ص ۱۹۲ میں ہے کہ اس کا مقصد یہ تھا کہ حضرت حجت کوقتل کرکے نسل رسالت کاخاتمہ کردے ۔ تاریخ ابوالفداٴ میں ہے کہ بادشاہ وقت معتزباللہ تھا ، تذکرہ خواص الامۃ میں ہے کہ اسی کے عہدمیں امام علی نقی کوزہردیاگیاتھا ۔ معتزکے بارے میں مورخین کی رائے کچھ اچھی نہیں ہے ۔ ترجمہ تاریخ الخلفاٴ علامہ سیوطی کے ص۳۶۳ میں ہے کہ اس نے اپنے عہد خلافت میں اپنے بھائی کوولی عہدی سے معزول کرنے کے بعد کوڑے لگوائے تھے اورتاحیات قید میں‌رکھاتھا ۔ اکثرتواریخ میں ہے کہ بادشاہ وقت معتمد بن متوکل تھا جس نے امام حسن عسکری علیہ السلام کوزہرسے شہید کیا ۔ تاریخ اسلام جلد۱ ص ۶۷ میں ہے کہ خلیفہ معتمد بن متوکل کمزورمتلون مزاج اورعیش پسند تھا ۔ یہ عیاشی اورشراب نوشی میں بسرکرتاتھا ، اسی کتاب کے صفحہ ۲۹ میں ہے کہ معتمد حضرت امام حسن عسکری کوزہرسے شہید کرنے کے بعدحضرت امام مہدی کوقتل کرنے کے درپے ہوگیاتھا ۔

آپ کا اسم گرامی

آپ کانام نامی واسم گرامی ”محمد“ اورمشہورلقب ” مہدی “ ہے علماٴ کاکہنا ہے کہ آپ کانام زبان پرجاری کرنے کی ممانعت ہے علامہ مجلسی اس کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ”حکمت آن مخفی است “ اس کی وجہ پوشیدہ اورغیرمعلوم ہے ۔ (جلاٴالعیون ص۲۹۸) علماء کابیان ہے کہ آپ کایہ نام خود حضرت محمدمصطفی نے رکھا تھا ۔ ملاحظہ ہو روضۃ الاحباب وینابع المودۃ ۔ مورخ اعظم ذاکرحسین تاریخ اسلام جلد۱ ص ۳۱میں لکھتے ہیں کہ ”آنحضرت نے فرمایا کہ میرے بعد بارہ خلیفہ قریش سے ہوں گے آپ نے فرمایا کہ آخرزمانہ میں جب دنیا ظلم وجورسے بھرجائے گی ،تومیری اولاد میں سے مہدی کاظہورہوگا جوظلم وجورکودورکرکے دنیا کوعدل وانصاف سے بھردے گا ۔ شرک وکفرکودنیا سے نابود کردے گا ، نام ”محمد “ اورلقب ” مہدی “ ہوگا حضرت عیسی آسمان سے اترکر اس کی نصرت کریں گے اوراس کے پیچھے نماز پڑھیں گے ،اوردجال کوقتل کریں گے۔

آپ کے القاب

آپ کے القاب مہدی ، حجۃ اللہ ، خلف الصالح ، صاحب ا لعصر، صاحب الامر ، والزمان القائم ، الباقی اورالمنتظرہیں ۔ ملاحظہ ہو تذکرہ خواص الامۃ ۲۰۴ ، روضۃ الشہداٴ ص۴۳۹، کشف الغمہ ۱۳۱ ، صواعق محرقہ۱۲۴ ،مطالب السؤال ۲۹۴ ،اعلام الوری ۲۴ حضرت دانیال نبی نے حضرت امام مہدی علیہ السلام کی ولادت سے ۱۴۲۰ سال پہلے آپ کالقب

Presented by www.ziaraat.com

منتظرقراردیاہے ۔ ملاحظہ ہو کتاب دانیال باب۱۲ آیت ۱۲ ۔ علامہ ابن حجرمکی ، المنتظرکی شرح کرتے ہوے لکھتے ہیں کہ انھیں منتظریعنی جس کاانتظارکیاجائے اس لئے کہتے ہیں کہ وہ سرداب میں غائب ہوگئے ہیں اوریہ معلوم نہیں ہوتا کہ کہاں سے گئے (مطلب یہ ہے کہ لوگ ان کاانتظارکررہے ہیں ،شیخ العراقین علامہ شیخ عبدالرضا تحریرفرماتے ہیں کہ آپ کومنتظراس لئے کہتے ہیں کہ آپ کی غیبت کی وجہ سے آپ کے مخلصین آپ کاانتظارکررہے ہیں ۔ ملاحظہ ہو۔ (انوارالحسینیہ جلد۲ ص۵۷طبع بمبئی)۔

آپ کی کنیت

اس پرعلماٴ فریقین کااتفاق ہے کہ آپ کی کنیت " ابوالقاسم " اورآپ ابوعبداللہ تھی اوراس پربھی علماٴ متفق ہیں‌کہ ابوالقاسم کنیت خود سرورکائنات کی تجویزکردہ ہے ۔ ملاحظہ ہو جامع صغیرص۱۰۴ تذکرہ خواص الامۃ ۲۰۴ روضۃ الشہداٴ ص ۴۳۹ صواعق محرقہ ص۱۳۴ شواہدالنبوت ص ۳۱۲ ، کشف الغمہ ص۱۳۰ جلاٴالعیون ص۲۹۸۔

یہ مسلمات سے ہے کہ آنحضرت صلعم نے ارشادفرمایا ہے کہ مہدی کانام میرانام اوران کی کنیت میری کنیت ہوگی ۔ لیکن اس روآیت میں بض اہل اسلام نے یہ اضافہ کیاہے کہ آنحضرت نے یہ بھی فرمایاہے کہ مہدی کے باپ کانام میرے والد محترم کانام ہوگا مگر ہمارے راویوں نے اس کی روآیت نہیں کی اورخود ترمذی شریف میں‌بھی " ا سم ابیہ اسم ابی " نہیں ہے ،تاہم بقول صاحب المناقب علامہ کنجی شافعی یہ کہاجاسکتاہے کہ روآیت میں لفظ "ابیہ" سے مراد ابوعبداللہ الحسین ہیں ۔ یعنی اس سے اس امرکی طرف اشارہ ہے کہ امام مہدی حضرت امام حسین کی اولادسے ہیں ۔

آپ کاحلیہ مبارک

کتاب اکمال الدین میں شیخ صدوق فرماتے ہیں کہ سرورکائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کاارشادہے کہ امام مہدی ،شکل وشباہت خلق وخلق شمائل وخصایل ،اقوال وافعال میں میرے مشابہہ ہوں گے۔

آپ کے حلیہ کے متعلق علماٴ نے لکھا ہے کہ آپ کارنگ گندگون ، قدمیانہ ہے ۔ آپ کی پیشانی کھلی ہوئی ہے اورآپ کے ابرو گھنے اورباہم پیوستہ ہیں ۔ آپ کی ناک باریک اوربلند ہے آپ کی آنکھیں بڑی اورآپ کا چہر ہ نہایت نورانی ہے ۔ آپ کے داہنے رخسارہ پرایک تل ہے "کانہ کوکب دری " جوستارہ کی مانند چمکتاہے ، آپ کے دانت چمکداراورکھلے ہوئے ہیں ۔ آپ کی زلفیں کندھوں پرپڑی رہتی ہیں ۔ آپ کاسینہ چوڑا اورآپ کے کندھے کھلے ہوئے ہیں آپ کی پشت پراسی طرح مہرامامت ثبت ہے جس طرح پشت رسالت مآب پرمہرنبوت ثبت تھی (اعلام الوری ص۲۶۵ وغایۃ المقصود جلد۱ ص ۶۴ ونورالابصارص۱۵۲)۔

آپ کا نسب نامہ

آپ کاپدری نسب نامہ یہ ہے محمد بن حسن بن علی بن محمد بن علی بن موسی ابن جعفربن محمدبن علی بن حسین بن علی وفاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ، یعنی آپ فرزندرسول ،دلبند علی اورنورنظربتول علیھم السلام ہیں ۔ امام احمد بن حنبل کاکہناہے کہ اس سلسہٴ نسب کے اسماٴکو اگر کسی مجنون پردم کردیاجائے تواسے یقینا شفاحاصل ہوگی (مسندامام رضاص۷) آپ سلسہٴ نسب ماں کی طرف سے حضرت شمعون بن حمون الصفاٴوصی حضرت عیسی تک پہنچتاہے ۔ علامہ مجلسی اورعلامہ طبرسی لکھتے ہیں کہ آپ کی والدہ جناب نرجس خاتون تھیں ، جن کاایک نام "ملیکہ" بھی تھا ،نرجس خاتون یشوعا کی بیٹی تھیں ، جوروم کے بادشاہ" قیصر" کے فرزند تھے جن کاسلسلہٴ نسب وصی حضرت عیسی جناب شمعون تک منتہی ہوتاہے ۔ ۱۳سال کی عمرمیں قیصرروم نے چاہاتھا کہ نرجس کاعقد اپنے بھتیجے سے کردے لیکن بعض قدرتی حالات کی وجہ سے وہ اس مقصد میں کامیاب نہ ہوسکا، بالاخرایک ایسا وقت آگیا کہ عالم ارواح میں حضرت عیسی ، جناب شمعون حضرت محمد مصطفی ، جناب امیرالمومنین اورحضرت فاطمہ بمقام قصرقیصرجمع ہوئے ، جناب سیدہ نے نرجس خاتون کواسلام کی تلقین کی اورآنحضرت صلعم نے بتوسط حضرت عیسی جناب شمعون سے امام حسن عسکری کے لئے نرجس خاتون کی خواستگاری کی ،نسبت کی تکمیل کے بعد حضرت محمد مصطفی صلعم نے ایک نوری منبرپربیٹھ کرعقد پڑھا اورکمال مسرت کے ساتھ یہ محفل نشاط برخواست ہوگئی جس کی اطلاع جناب

Presented by www.ziaraat.com

نرجس کوخواب کے طورپرہوئی ، بالاخروہ وقت آیا کہ جناب نرجس خاتون حضرت امام حسن عسکری کی خدمت میں آپہنچےں اورآپ کے بطن مبارک سے نورخدا کاظہور ہوا۔ (کتاب جلاٴ العےون ص ۲۹۸ وغایۃ المقصود ص۱۷۵)۔

تین سال کی عمرمیں حجت اللہ ہونے کادعوی

کتب تورا ےخ وسےر سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی پرورش کاکام جناب جبرئےل علیہ ا لسلام کے سپرد تھا اوروہ ہی آپ کی پرورش وپرداخت کرتے تھے ظاہرہے کہ جوبچہ ولادت کے وقت کلام کرچکاہو اورجس کی پرورش جبرئےل جےسے مقرب فرشتہ کے سپرد ہووہ ےقےنا دنیا میں چنددن گزارنے کے بعد بہرصورت اس صلاحےت کامالک ہوسکتاہے کہ وہ اپنی زبان سے حجت اللہ ہونے کادعوی کرسکے ۔ علامہ اربلی لکھتے ہیں کہ احمد ابن اسحاق اورسعدالاشقری ایک دن حضرت امام حسن عسکری کی خدمت میں حاضرہوئے اورانھوں‌نے خیال کیا کہ آج امام علیہ السلام سے یہ دریافت کریں گے کہ آپ کے بعد حجت اللہ فی الارض کون ہوگا ، جب سامناہوا توامام حسن عسکری نے فرمایا کہ اے احمد !تم جودل میں لے کرآئے ہو میں اس کا جواب تمہیں دےئے دےتاہوں ،یہ فرماکرآپ اپنے مقام سے اٹھے اوراندجاکرےوں واپس آئے کہ آپ کے کندھے پرایک نہایت خوب صورت بچہ تھا ،جس کی عمرتین سال کی تھی ۔ آپ نے فرمایا کہ اے احمد !میرے بعد حجت خدایہ ہوگا اس کانام محمد اوراس کی کنےت ابوالقاسم ہے یہ خضرکی طرح زندہ رہے گا ۔ اورذوالقرنےن کی طرح ساری دنیاپرحکومت کرے گا ۔احمدبن اسحاق نے کہا مولا! کوئی اےسی علامت بتادےجئے کہ جس سے دل کواطمےنان کامل ہوجائے ۔ آپ نے امام مہدی کی طرف متوجہ ہوکرفرمایا ،بےٹا ! اس کوتم جواب دو ۔ ا مام مہدی علیہ السلام نے کمسنی کے باوجود بزبان فصےح فرمایا : ”اناحجۃ اللہ وانا بقےۃاللہ “ ۔ میں ہی خدا کی حجت اورحکم خداسے باقی رہنے والاہوں، ایک وہ دن آئے گاجس میں دشمن خداسے بدلہ لوں گا ، یہ سن کراحمدخوش ومسروراورمطمئن ہوگئے (کشف الغمہ۱۳۸)

حدیث نعثل اورامام عصر :

نعثل ایک یہودی تھا جس سے حضرت عائشہ ،حضرت عثمان کوتشبیہ دیاکرتی تھےں ،اوررسول اسلام علیہ السلام کب بعد فرمایا کرتی تھےں : اس نعثل اسلامی کو عثمان کوقتل کردو ۔ (ملاحظہ ہو،نہاےۃاللغۃ علامہ ابن اثےرجزری ص۳۲۱) یہی نعثل ایک دن حضوررسول کرےم کی خدمت میں حاضرہوکر عرض پردازہوا مجھے اپنے خدا ،اپنے دےن ،اپنے خلفاٴ کاتعارف کرائےے اگر میں آپ کے جواب سے مطمئن ہوگیا تومسلمان ہوجاؤں گا ۔ حضرت نے نہایت بلےغ اوربہترین انداز میں خلاق عالم کاتعارف کرایا،اس کے بعد دےن اسلام کی وضاحت کی ۔ ”قال صدقت ۔“ نعثل نے کہا آپ نے بالکل درست فرمایا پھراس نے عرض کی مجھے اپنے وصی سے آگاہ کےجئے اوربتائےے کہ وہ کون ہے یعنی جس طرح ہمارے نبی حضرت موسی کے وصی ےوشع بن نون ہیں اس طرح آپ کے وصی کون ہیں ؟ آپ نے فرمایا میرے وصی علی بن ابی طالب اور ان کے فرزند حسن وحسین پھرحسین کے صلب سے نوبےٹے قیامت تک ہوں گے ۔ اس نے کہا سب کے نام بتائےے آپ نے بارہ اماموں کے نام بتائے ناموں کوسننے کے بعد وہ مسلمان ہوگیا اورکہنے لگا کہ میں نے کتب آسمانی میں ان بارہ ناموں کو اسی زبان کے الفاظ میں دےکھا ہے ،پھراس نے ہروصی کے حالات بیان کئے ،کربلا کاہونے والا واقعہ بتایا ،امام مہدی کی غیبت کی خبردی اورکہا کہ ہمارے بارہ اسباط میں‌سے لادی بن برخیاغائب ہوگئے تھے پھرمدتوں کے بعد ظاہر ہوئے اورازسرنودےن کی بنیادیں استوارکےں ۔حضرت نے فرمایا اسی طرح ہمارابارہواں جانشےن امام مہدی محمدبن حسن طویل مدت تک غائب رہ کر ظہورکرے گا ۔ اوردنیا کو عدل وانصاف سے بھردے گا ۔ (غایۃ المقصود ص۱۳۴بحوالہ فرائدالسمطےن حموےنی)۔

Presented by www.ziaraat.com

امام عصرکا واقعہٴ کربلابیان کرنا

حضرت امام مہدی علیہ السلام سے پوچھاگیا کہ " کھےعص " کاکیامطلب ہے توفرمایا کہ اس میں (ک)سے کربلا (ہ) سے ہلاکت عترت (ی) سے یزےدملعون (ع) سے عطش حسینی (ص) سے صبرآل محمدمراد ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ آیت میں جناب زکریاکاذکر کیاگیا ہے ۔جب زکریاکوواقعہٴ کربلاکی اطلاع ہوئی تووہ تین روزتک مسلسل روتے رہے ۔(تفسیرصافی ص۲۷۹)۔

امام غائب کاہرجگہ حاضرہونا

احادےث سے ثابت ہے کہ امام علیہ السلام جوکہ مظہرالعجائب حضرت علی کے پوتے ،ہرمقام پرپہونچتے اورہرجگہ اپنے ماننے والوں کے کام آتے ہیں ۔ علماٴ نے لکھا ہے کہ آپ بوقت ضرورت مذہبی لوگوں سے ملتے ہیں لوگ انھےں دےکھتے ہیں یہ اورںات ہے کہ انھےں پہچان نہ سکےں ۔(غاية المقصود)۔

حضرت صاحب العصرکی ازواج واولاد

حضرت حجت کی اولاد کے بارے مےں بعض صاحبان متحےررہتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کے بےشترمحافل ومجالس مےں اےسی باتوں کاذکرنہیں ہوتا اورخود فرصت نہیں کہ ان کتابوں کودےکھےں جن مےں اس قسم کے تذکرے ملتے ہیں ۔بہت سی روایات مےں اس قسم کے بےانات ملتے ہیں اورعقل بھی اس کی تائےد کرتی ہے ۔ کےونکہ عےنی طورسے کسی امرپرہمارا مطلع نہ ہونا اس کے نہ ہونے کی دلےل نہیں بن سکتا۔ ہم کےااورہمارا علم کےا ؟ اگرا ےک چےزہمےں معلوم نہیں ہے تواس سے یہ نتےجہ برآمد نہیں ہوسکتا کہ اس شی کاوجود ہی نہیں ۔ بلکہ ہوسکتاہے کہ ہمےں اےک بات کی اطلاع نہ ہولےکن دوسرے لوگ اس سے مطلع ہوں ۔ البتہ ہمارے پاس تےن قسم کے اےسے قرائن وشواہد موجود ہیں جن کی بناء پراگرہم یہ تسلےم کرلےں کہ امام زمانہ مجرد نہیں بلکہ معےل زندگی گزاررہے ہیں توہم حق بجانب ہوں گے ۔ وہ شواہد وقرائن یہ ہیں :

فطرت انسانی کے فطری تقاضے۔

آئمہ معصومین سے منقول روایات ۔

آئمہ کرام کی عطاکردہ دعائیں۔

حضرت امام مہدی علیہ السلام کے طول عمرکی بحث

بعض مستشرقےن وماہرےن اعمارکاکہناہے کہ "جن کے اعمال وکرداراچھے ہوتے ہیں اورجن کا صفائے باطن کامل ہوتاہے ان کی عمرےں طویل ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ علماٴ فقہاء اورصلحاٴکی عمرےں اکثرطویل دےکھی گئی ہیں اورہوسکتاہے کہ طول عمرمہدی علیہ السلام کی یہ بھی ایک وجہ ہو ،ان سے قبل جوآئمہ علےہم السلام گزرے وہ شہےدکردئےے گئے ،اوران پردشمنوں کادسترس نہ ہوا ،تویہ زندہ رہ گئے اوراب تک باقی ہیں لےکن میرے نزدےک عمرکاتقرر وتعےن دست اےزد میں ہے اسے اختیارہے کہ کسی کی عمرکم رکھے کسی کی زیادہ اس کی معےن کردہ مدت عمر میں ایک پل کابھی تفرقہ نہیں ہوسکتا ۔

Presented by www.ziaraat.com

تواریخ واحادیث سے معلوم ہوتاہے کہ خداوندعالم نے بعض لوگوں کوکافی طویل عمریں عطاکی ہیں ۔ عمرکی طوالت مصلحت خداوندی پرمبنی ہے اس سے اس نے اپنے دوست اوردشمن دونوں کونوازاہے ۔دوستوں میں حضرت عیسی ،حضرت ادریس ،حضرت خضروحضرت الیاس ، اوردشمنوں میں سے ابلیس لعین ،دجال بطال ،یاجوج ماجوج وغیرہ ہیں اورہوسکتاہے کہ چونکہ قیامت اصول دین اسلام سے ہے اور اس کی آمد میں امام مہدی کاظہورخاص حیثیت رکھتاہے لہذا ان کازندہ وباقی رکھنامقصودہاہو ،اوران کے طول عمرکے اعتراض کورداوررفع ودفع کرنے کے لئے اس نے بہت سے افراد کی عمریں طویل کردی ہوں مذکورہ ا فراد کوجانے دیجئے ۔ عام انسانوں کی عمروں کودیکھئے بہت سے ایسے لوگ ملیں گے جن کی عمریں کافی طویل رہی ہیں ،مثال کے لئے ملاحظہ ہو :

۱) ۔ لقمان کی عمر ۳۵۰۰ سال ۔(۲) عوج بن عنق کی عمر ۳۳۰۰ سال اوربقولے ۳۶۰۰ سال ۔ (۳) ذوالقرنین کی عمر ۳۰۰۰ سال۔ (۴) حضرت نوح و(۵) ضحاک و(۶) طمہورث کی عمریں ۱۰۰۰ سال۔(۷) قینان کی عمر ۹۰۰ سال ۔ (۸) مہلائیل کی عمر۸۰۰سال (۹) نفیل بن عبداللہ کی عمر۷۰۰ سال۔ (۱۰) ربیعہ بن عمرعرف سطیع کاہن کی عمر۶۰۰ سال ۔ (۱۱) حاکم عرب عامربن ضرب کی عمر۵۰۰ سال ۔ (۱۲) سام بن نوح کی عمر ۵۰۰ سال۔ (۱۳) حرث بن مضاض جرہمی کی عمر۴۰۰ سال ۔ (۱۴) ارفخشد کی عمر ۴۰۰ سال ۔ (۱۵) دریدبن زیدکی عمر۴۵۶ سال۔ (۱۶) سلمان فارسی کی عمر۴۰۰ سال۔ (۱۷) عمروبن روسی کی عمر۴۰۰ سال۔ (۱۸) زہیربن جناب بن عبداللہ کی عمر۴۳۰سال۔ (۱۹) حرث بن ضیاص کی عمر۴۰۰ سال۔ (۲۰) کعب بن جمجہ کی عمر۳۹۰ سال ۔ (۲۱) نصربن دھمان بن سلیمان کی عمر ۳۹۰ سال۔ (۲۲) قیس بن ساعدہ کی عمر۳۸۰سال ۔ (۲۳) عمربن ربیعہ کی عمر۳۳۳سال۔ (۲۴) اکثم بن ضیفی کی عمر۳۳۶ سال ۔ (۲۵) عمربن طفیل عدوانی کی عمر ۲۰۰ سال تھی (غایۃ المقصود ص۱۰۳ اعلام الوری ص۲۷۰) ان لوگوں کی طویل عمروں کودیکھنے کے بعدہرگزنہیں کہاجاسکتا کہ ”چونکہ اتنی عمرکاانسان نہیں ہوتا ،اس لئے امام مہدی کاوجود ہم تسلیم نہیں کرتے ۔ کیونکہ امام مہدی علیہ السلام کی عمراس وقت ۱۳۹۳ہجری میں صرف گیارہ سواڑتالیس سال کی ہوتی ہے جومذکورہ عمروں میں سے لقمان حکیم اورذوالقرنین جیسے مقدس لوگوں کی عمروں سے بہت کم ہے ۔

الغرض قرآن مجید ،اقوال علمأاسلام اوراحادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ امام مہدی پیداہوکر غائب ہوگئے ہیں اورقیامت کے قریب ظہورکریں گے ،اورآپ اسی طرح زمانۂ غیبت میں بھی حجت خداہیں جس طرح بعض انبیاء اپنے عہدنبوت میں غائب ہونے کے دوران میں بھی حجت تھے (عجائب القصص ص ۱۹۱) اورعقل بھی یہی کہتی ہے کہ آپ زندہ اورباقی موجودہیں کیونکہ جس کے پیداہونے پرعلمأکااتفاق ہواوروفات کاکوئی ایک بھی غیرمتعصب عالم قائل نہ ہو اور

طویل العمرانسانوں کے ہونے کی مثالیں بھی موجود ہوں تولامحالہ اس کاموجود اورباقی ہونا ماننا پڑے گا ۔ دلیل منطقی سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے لہذا امام مہدی زندہ اورباقی ہیں ۔

ان تماشواہد اوردلائل کی موجودگی میں جن کا ہم نے اس کتاب میں ذکرکیاہے ،مولوی محمد امین مصری کا رسالہ ”طلوع اسلام “ کراچی جلد۱۴ ص ۵۴# و ۹۴# میں یہ کہناکہ :

”شیعوں کو ابتداء روی زمین پر کوئی ظاہری مملکت قائم کرنے میں کامیابی نہ ہوسکی ،ان کوتکلیفیں دی گئیں اورپراکندہ اورمنتشر کردیا گیا توانھوں نے ہمارے خیال کے مطابق امام منتظراورمہدی وغیرہ کے پرامیدعقائد ایجاد کرلئے تاکہ عوام کی ڈھارس بندھی رہے۔“

اورملا اخوند درویزہ کاکتاب ارشادالطالبین ص ۳۹۶ میں یہ فرمانا کہ :

Presented by www.ziaraat.com

” ہندوستان میں ایک شخص عبداللہ نامی پےداہوگا جس کی بےوی کاا ےمنہ (آمنہ) ہوگی ، اس کے ایک لڑکاپےداہوگاجس کانان محمد ہوگاوہی کوفہ جاکرحکومت کرے گا ...

لوگوں کایہ کہنا درست نہیں کہ امام مہدی وہی ہیں جوامام حسن عسکری کے فرزندہیں ۔ ا لخ حددرجہ مضحکہ خےز،افسوس ناک اورحےرت انگےز ہے ،کےونکہ علماٴ فریقین کااتفاق ہے کہ ”المھدی من ولدالامام الحسن العسکری ۔“ امام مہدی حضرت امام حسن عسکری کے بےٹے ہیں اور۱۵ شعبان ۲۵۵ کوپےداہوچکے ہیں ،ملاحظہ ہو ،اسعاف الراغبےن ،وفیات الاعیان ،روضة الاحباب ،تاریخ ابن ا لوردی ،ےنابع المودة ، تاریخ کامل ،تاریخ طبری ،نورالابصار،اصول کافی ،کشف الغمہ ،جلاٴالعےون ،ارشادمفید ،اعلام الوری ،جامع عباسی ،صواعق محرقہ ،مطالب السول ،شواہدالنبوت ،ارجح المطالب ،بحارالانوار ومناقب وغےرہ۔

ِزیارت ناحیہ اوراصول کافی

کہتے ہیں کہ اسی زمانہ غیبت صغری میں ناحیہ مقدسہ سے ایک اےسی زیارت برآمد ہوئی ہے جس میںتمام شہداٴ کربلا کے نام اورانکے قاتلوں کے آسماٴہیں ۔ اس ”زیارت ناحیہ “ کے نام سے موسوم کیاجاتاہے ۔ اسی طرح یہ بھی کہاجاتاہے کہ اصول کافی جوکہ حضرت ثقة الاسلام علامہ کلےنی المتوفی ۳۲۸ کی ۲۰ سالہ تصنےف ہے وہ جب ا مام عصرکی خدمت میں پےش ہوئی توآپ نے فرمایا : ” ھذا کاف لشےعتنا۔“ یہ ہمارے شےعوں کے لئے کافی ہے زیارت ناحیہ کی توثےق بہت سے علماء نے کی ہے جن میں علامہ طبرسی اورمجلسی بھی ہیں دعائے سباسب بھی آپ ہی سے مروی ہے ۔

امام مہدینبوت کے آئینہ میں

علامہ طبرسی ش بحوالہ حضرات معصومےن علیہم السلام تحرےرفرماتے ہیں کہ حضرت امام مہدی علیہ ا لسلام میں بہت سے انبیاٴ کے حالات وکےفیات نظرآتے ہیں ۔ اورجن واقعات سے مختلف انبیاٴ کودوچارہوناپڑا ۔ وہ تمام واقعات آپ کی ذات ستودہ صفات میں دکھا ئی دےتے ہیں مثال کے لئے حضرت نوح ،حضرت ابراہےم ، حضرت موسی ،حضرت عیسی ، حضرت اےوب ،حضرت ےونس ، حضرت محمدمصطفی صلعم کولے لےجئے اور ان کے حالات پرغورکےجئے ، آپ کوحضرت نوح کی طویل زندگی نصےب ہوئی حضرت ابراہےم کی طرح آپ کی ولادت چھپائی گئی ۔ اورلوگوں سے کنارہ کش ہوکر روپوش ہونا پڑا ۔ حضرت موسی کی طرح حجت کے زمین سے اٹھ جانے کا خوف لاحق ہوا ، اورانھےں کی ولادت کی طرح آپ کی ولادت بھی پوشےدہ رکھی گئی ، اورانھےں کے ماننے والوں کی طرح آپ کے ماننے والوں کو آپ کی غیبت کے بعد ستایا گیا ۔ حضرت عیسی کی طرح آپ کے بارے میں لوگوں نے اختلاف کیا حضرت اےوب کی طرح تمام امتحانات کے بعد آپ کوفرج وکشائش نصےب ہوگی ۔حضرت ےوسف کی طرح عوام اورخواص سے آپ کی غیبت ہوگئی حضرت ےونس کی طرح غیبت کے بعد آپ کا ظہورہوگا یعنی جس طرح وہ اپنی قوم سے غائب ہوکربڑھاپے کے باوجود نوجوان تھے ۔ ا سی طرح آپ کا جب ظہورہوگا توآپ چالےس سالہ جوان ہوں گے اورحضرت محمد مصطفی کی طرح آپ صاحب السےف ہوں گے ۔ (اعلام الوری ص ۲۶۴ طبع بمبئی ۱۳۱۲ہجری)

Presented by www.ziaraat.com

ادیان وامام مہدی علیہ السلام:

تمام آسمانی کتابوں کی تحقیق کرنے پرہم اس نتیجہ پرپہونچے ہیں کہ دنیاکے اچھے ومستقبل ا ور باطل پرحق کی جبت کاعقیدہ صرف مسلمانوں میں ہی نہیں پایاجاتا، بلکہ دنیاکے دوسرے ادیان میں بھی اس عقیدے میں مسلمانوں‌کے ساتھ ہیں اس کے لئے ہم کچھ مثالیں پیش کرتے ہیں۔

١۔ زردشتیوں کی کتابیں:

زردشتیوں کی مذہبی کتاب زند میں فسادیوں‌کے اختتام اورنیک لوگوں کی حکومت کے بارے میں بیان ہواہے کہ اہریمنان کالشکرایزدان کے لشکرسے ہمیشہ جنگ کرتارہتاہے اوراکثراہرمنوں کی جبت ہوتی ہے لیکن اس طرح نہیں کہ وہ ابزدان کابالکل صفایاہی کردیں کچھ دنوں کے بعدآسمان کے خدا اورمزد کی طرف سے اس کے بیٹے ایزدان کے پاس مدد آئے گی اوران کی جنگ نوہزارسال تک چلتی رہے گی اس کے بعدایزدان کی جیت ہوگی اوراہریمن کاصفایاہوجائے گا اہریمن کااقتدارتوصرف زمین پرہی ہے آسمان پران کاوجودنہیں‌ہے۔

جاماسپ نامہ میں لکھاگیاہے کہ ہاشم کی اولادسے ایک انسان زمین سے باہرنکلے گاجس کاسرپنڈلیاں اورجسم بڑاہوگااوروہ اپنے جدکے دین پرہوگا...۔

اسی کتاب میں ایک دوسری جگہ پرلکھاہواہے کہ سب سے بڑانجات دینے والا دین کودنیامیں پھیلائے گا،بھوک مری کوختم کرے گاایزدان کواہربمن کے ہاتھ سے بچائے گااوردنیاکے تمام لوگوں کی تہذبب ،فکراورکردارکوایک بنادے گا۔

٢۔ ہندوؤں‌کی کتابیں :

شاک منی جوکہ کافر ہندوؤں کاسردارہے اوراس کے ماننے والے اس کوآسمانی کتاب کے ساتھ پیغمبرمانتے ہیں،اس نے اپنی کتاب میں آخری زمانے میں ایک روحانی کے جھنڈے کے نیچے سبھی مذہبوں‌کے ایک ہوجانے کے بارے میں اشارہ کیاہے۔

اس نے لکھاہے کہ دنیاکے خراب ہوجانے کے بعد آخری زمانے میں ایک بادشاہ پیداہوگاجوپوری دنیاکے لوگوں کارہبرہوگا،اس کانام منصورہوگا،وہ پوری دنیاپرحکومت کرے گااورسب کواپنے دین میں شامل کرلے گا۔

٣۔ زبور :

تمام اجسام کاخاتمہ ہوجائے گااوراللہ کاانتظارکرنے والے زمین کے وارث بنیں گے ہاں کچھ وقت کے بعدکوئی جسم باقی نہیں رہے گا۔

اس کی جگہ کے بارے میں تم تامل کروگے اورنہیں کرپاؤگے۔لیکن حلیم لوگ زمین کے وارث بنیں گے اورزمین پران کی وراثت ہمیشہ رہے گی ۔......

Presented by www.ziaraat.com

۴۔ توریت :

باغ میں ایک نیادرخت اگاہے اس کی شاخیں اس کی جڑسے پھلے پھولیں گی اوراللہ کی روح اس پر ٹھہرے گی وہ مسکینوں کے لئے عدالت کے ساتھ فیصلہ کرے گااورمظلوموں کے لئے زمین پرسچی حکومت کرے گا۔

۵۔ انجیل :

اپنی کمرکوباندھ لواوراپنے چراغوں کوروشن رکھواوررات میں اس طرح رہوجیسے کوئی اپنے مالک کاانتظارکرتاہے........ کتنے خوش نصیب ہیں وہ غلام ،جن کامالک آنے کے بعد ان کوجاگتاہواپائے ،......بس تم بھی تیاررہو،کیونکہ انسان کابیٹااس وقت آئے گاجس کے بارے میں تمہیں گمان بھی نہ ہوگا۔

امام مہدی کاذکرکتب آسمانی میں

حضرت داؤد کی زبورکی آیت ۴#مرموز ۹۷میں ہے کہ آخری زمانہ میں جوانصاف کامجسمہ انسان آئے گا ، اس کے سر پرابرسایہ فگن ہوگا ۔ کتاب صفیائے پےغمبرکے فصل ۳آیت ۹ میں ہے آخری زمانے میں تمام دنیا موحدہوجائے گی ۔کتاب زبورمرموز ۱۲۰میں ہے جوآخرالزمان آئے گا، اس پرآفتاب اثراندازنہ ہوگاصحےفہ شعیاپےغمبرکے فصل ۱۱میں ہے کہ جب نورخداظہورکرے گا توعدل وانصاف کا ڈنکا بجے گا شےراوربکری ایک جگہ رہیں گے چےتااوربزغالہ ایک ساتھ چرےں گے شےراورگوسالہ ایک ساتھ رہیں گے ،گوسالہ اورمرغ ایک ساتھ ہوں‌گے شےراورگائے میں دوستی ہوگی ۔ طفل شےرخوارسانپ کب بل میں ہاتھ ڈالے گااوروہ کاٹے گانہیں پھراسی صفحہ کے فصل ۲۷ میں‌ہے کہ یہ نورخدا جب ظاہرہوگا، توتلوارکے ذرےعہ سے تمام دشمنوں سے بدلہ لے گا صحےفہ تنجاس حرف الف میں ہے کہ ظہورکے بعد ساری دنیا کے بت مٹادئےے جائیں گے ،ظالم اورمنافق ختم کردئےے جائیں گے یہ ظہورکرنے والاکنےزخدا (نرجس) کابےٹاہوگا ۔ تورےت کے سفرانبیاٴمیں ہے کہ مہدی ظہورکریں گے عیسی آسمان سے اترےں گے ،دجال کوقتل کریں گے انجےل میں ہے کہ مہدی اورعیسی دجال اورشیطان کوقتل کریں گے ۔ اسی طرح مکمل واقعہ جس میں شہادت امام حسین اورظہورمہدی علیہ السلام کااشارہ ہے ۔انجےل کتاب دانیال باب ۱۲ فصل ۹ آیت ۲۴ روےائے ۲#میں موجود ہے (کتاب الوسائل ص۱۲۹ طبع بمبئی ۱۳۳۹ہجری)۔

دیگررمذاہب عالم اوروجودامام مہدی علیہ السلام :

مختلف کتابوں کے مطالعہ سے پتہ چلتاہے کہ تقرےبا دنیاکے جملہ مذاہب اورعقلاء اس بات پرمتفق ہیں‌کہ دورآخرمیں‌ایک اےسی مافوق الفطرت ہستی آئے گی جودنیاسے ظلم وستم کاخاتمہ کرکے عدل وانصاف سے اس کرہ ارض کرپرکردیگری اوردنیا کے بگڑے ہوئے معاشرے اوراخلاق کو درست کرے گی البتہ اےسی ہستی کانام ہر ایک مذہب وملت نے علےحدہ علےحدہ بتایاہے چنانچہ فاضل بروجردی نے کتاب ”نورالانوار“ مطبوعہ اےران میں بالتفصےل تحرےرفرمایاہے کہ آپ کے مختلف نام ہرمذہب وملت میں‌علےحدہ علےحدہ لےے جاتے رہے ہیں نیزجملہ کتب کفاراورتورےت وزبوروانجےل وقرآن میں علےحدہ علےحدہ آپ کاتذکرہ موجودہے جن کی نقل کتاب ”صراط السوی فی احوال المہدی “ میں بھی پیش کی گئی ہے مگرآپ کے مشہورنام قائم مہدی منتظر،صاحب الامر،حجت ،برہان وغےرہ ہیں صحف ابراہےم میں‌آپ اس گرامی صاحب ،زبورمیں قائم ،تورےت میں اوقےل مواورانجےل میں مہمےذہے ،زرتستی کتابوں میں خسرواوروبعض صحف آسمانی میں کلمة الحق تحرےرہے کتاب ”بزارناموبند“میں آپ کو لندےطار،برہمنوں کی وےدمیں‌منصورکے نام سے یادکیاگیاہے ۔ عرفا وصوفیامیں‌آپ کانام قطب مشہورہے ۔غوث آپ کالقب خاص ہے اورصحرائی

Presented by www.ziaraat.com

عرب بادیہ نشےن آپ کو ابوصالح کے نام سے یادکرتے ہیں اورآپ اسی نام سے زیادہ مشہورہیں مگریہ طے ہے کہ نام کے فرق سے ذات وشخصےت میں کوئی فرق نہیں ہوسکتا۔

ولادت باسعادت :

اکثرعلماء اہلسنت اورکل علمائے شیعہ بالتصریح بیان کرتے ہیں کہ آپ کے والد ماجدحضرت امام حسن عسکری ابن علی ،ابن محمد ،ابن علی ،ابن موسی،ابن جعفر،ابن محمد ،ابن علی ،ابن الحسےن ،ابن علی علیہم السلام ہیں اورابن شاذان کے حوالہ سے خود امام حضرت حسن عسکری علیہ السلام نے ارشادفرمایاہے کہ ولی ٗ خداوحجت الہی وامام وقت میرے بعد مےرافرزندہے جوپندرہ شعبان ۲۵۵ھ کوبروزجمعہ نزدیک طلوع صبح صادق سامرہ میں ختنہ شدہ پےداہواجس کے لےے غےبت ہے ۔ غےبت کبری کے بعدوہ ظاہرہوگا اورزمےن کوعدل وانصاف سے اسی طرح پرکردے گا جیسے کہ وہ ظلم وجورسے پرہوچکی ہوگی ۔

نوٹ : تفصےل کے لئے ہماری کتاب" عرفان امامت "ملاحظہ فرمائےں ۔

حلیہ مبارک:

جارود بحوالہ باقرالعلوم روایت کرتے ہیں کہ جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب نے منبرپرارشادفرمایاکہ ایک مولودمےری اولادسے آخرزمانہ میں خروج کرے گا جس کارنگ سفےدمائل بہ سرخی ،شکم اوررانےں چوڑی شانوں کی ہڈیاں بڑی اورپرگوشت ،پشت پردوخال ایک برنگ جلد دوسرا مثل خال پیغمبران کے دونام ہیں ایک پوشےدہ ایک ظاہر جوپوشےدہ ہے وہ احمداورجوظاہرہے م ح د ۔

دیگرکتابوںکے حوالہ اوراقوال ائمہ کے خلاصہ سے آپ کی شکل وشمائل کاخلاصہ درج ذےل ہے جس کایادرکھنابراانتظارکرنے والے مسلمان کے لئے ضروری ہے ۔

سرمدور،بال خوبصورت شانوںتک لٹکے ہوئے درمیان سرمیں مانگ ، چہر ہ نورانی سفےد ،پیشانی فراخ ودرخشندہ ،رےش مبارک سیاہ وگھنی وگنجان ، ناک لمبی پتلی ستواں ،آنکھےں سرمگےں بڑی چمکدارمگراوپرکوابلی ہوئی نہیں بلکہ نےچے کودبی ہوئی ابروکشادہ کمانی دار،دونوں ابرووں کے درمیان کچھ بلندی ،دندان کشادہ چمکدار، رخسارپرکم گوشت اورایک رخسارہ پرسیاہ تل چہرہ اورسرپرکوئی نشان ،سےنہ چوڑا شانے

جناب بحرالعلوم کا امام زمانہ سے ملاقات کرنا

کتاب قصص العلماٗ مولفہ علامہ تنکابنی ص۵۵ میں مجتہد اعظم کربلائے معلی جناب آقا محمدمہدی بحرالعلوم کے تذکرہ میں مرقوم ہے کہ ایک شب آپ نماز میں اندرون حرم مشغول تھے کہ اتنے میں امام عصراپنے اب وجدکی زیارت کے لئے تشریف لائے جس کی وجہ سے ان کی زبان میں لکنت ہوئی اوربدن میں ایک قسم کا رعشہ پےداہوگیا پھرجب وہ واپس تشریف لے گئے توان پرجوایک خاص قسم کی کےفےت طاری تھی وہ جاتی رہی ۔اس کے علاوہ آپ کے اسی قسم کے کئی واقعات کتاب مذکورہ میں مندرج ہیں ۔

Presented by www.ziaraat.com

ملامحمد باقرداماد کاامام عصرسے استفادہ کرنا

ہمارے اکثرعلمأ علمی مسائل اورمذہبی ومعاشرتی مراحل حضرت امام مہدی ہی سے طے کرتے آئے ہیں ملامحمد باقرداماد جوہمارے عظیم القدرمجتہد تھے ان کے متعلق ہے کہ ایک شب آپ نے ضرےح نجف اشرف میں ایک مسئلہ لکھ کرڈالا اس کے جواب میں ان سے تحرےرا کہاگیاکہ تمھارا امام زمانہ اس وقت مسجدکوفہ میں نمازگذارہے تم وہاں جاؤ،وہ وہاں جاپہونچے ،خود بخود دروازہ مسجد کھل گیا ۔ اورآپ اندرداخل ہوگئے آپ نے مسئلہ کاجواب حاصل کیا اواآپ مطمئن ہوکر برآمد ہوئے

امام مہدی کی مومنین سے ملاقات :

رسالہ جزیرہ خضرا کے ص ۱۶ میں بحوالہ احادےث آل محمد مرقوم ہے کہ حضرت امام مہدی علیہ السلام سے ہرمومن کی ملاقات ہوتی ہے۔ یہ اوربات ہے کہ مومنین انھےں مصلحت خداوندی کی بناء پراس طرح نہ پہچان سکےں جس طرح پہچاننا چاہےے مناسب معلوم ہوتاہے اس مقام پرمیں اپناایک خواب لکھ دوں ۔ واقعہ یہ ہے کہ آج کل جبکہ میں امام زمانہ کے حالات لکھ رہاہوں حدےث مذکورہ پرنظرڈالنے کے بعد فورا ذہن میں یہ خیال پےداہواکہ مولا سب کودکھائی دےتے ہیں ،لےکن مجھے آج تک نظرنہیں آئے ،اس کے بعد میں استراحت پرگیا اورسونے کے ارادے سے لےٹاابھی نےند نہ آئی تھی اورقطعی طورپرنےم بےداری کی حالت میں تھا کہ ناگاہ میں نے دےکھا کہ میرے کان سے جانب مشرق تابحد نظرایک قوسی خط پڑاہواہے یعنی شمال کی جانب کاسارا حصہ عالم پہاڑہے اوراس پرامام مہدی علیہ السلام برہنہ تلوارلئے کھڑے ہیں اوریہ کہتے ہوئے کہ ”نصف دنیاآج ہی فتح کرلوں گا ۔“ شمال کی جانب ایک پاؤں بڑھارہے ہیں آپ کاقد عام انسانوں کے قد سے ڈےوڑھا اورجسم دوہراہے ،بڑی بڑی سرمگےن آنکھےں اورچہرہ انتہائی روشن ہے آپ کے پٹے کٹے ہوئے ہیں اورسارا لباس سفےد ہے اوروقت عصرکاہے۔

یہ واقعہ ۳۰ نومبر۱۹۵۸شب ےکشنبہ بوقت ساڑھے چاربجے شب کاہے۔

پانچ سال کی عمرمیں خاص الخاص اصحاب سے آپ کی ملاقات

ےعقوب بن منقوش ومحمد بن عثمان عمری وابی ہاشم جعفری اورموسی بن جعفربن وہب بغدادی کابیان ہے کہ ہم حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں حاضرہوئے اورہم نے عرض کی مولا! آپ کے بعد امرامامت کس کے سپرد ہوگا اورکون حجت خداقرارپائے گا ۔ آپ نے فرمایا کہ مےرا فرزند محمدمیرے بعد حجت اللہ فی الارض ہوگا ہم نے عرض کی مولا ہمیں ان کی زیارت کرواد ےجئے آپ نے فرمایا وہ پردہ جوسامنے آوےختہ ہے اسے اٹھاؤ ۔ ہم نے پردہ اٹھا یا ، تواس سے ایک نہاےت خوب صورت بچہ جس کی عمرپانچ سال تھی برآمدہوا ،اور وہ آکر امام حسن عسکری کی آغوش میں بےٹھ گیا۔ ا مام نے فرمایاکہ یہی مےرافرزند میرے بعد حجت اللہ ہوگا محمد بن عثمان کا کہناہے کہ ہم اس وقت چالےس افراد تھے اورہم سب نے ان کی زیارت کی ۔ امام حسن عسکری نے اپنے فرزند امام مہدی کوحکم دیا کہ وہ اندرواپس چلے جائیں اورہم سے فرمایا : ”شمااورا نخواھےد دےد غےرازامروز “ کہ اب تم آج کے بعد پھراسے نہ دےکھ سکوگے ۔ چنانچہ اےساہی ہوا ، پھرغیبت شروع ہوگئی (کشف الغمہ ص۱۳۹ وشواہدالنبوت ص ۲۱۳) علامہ طبرسی اعلام الوری کے ص ۲۴۳ میں تحرےرفرماتے ہیں کہ آئمہ کے نزدےک محمد اورعثمان عمری دونوں ثقہ ہیں ۔ پھراسی صفحہ میں فرماتے ہیں کہ ابوہارون کاکہنا ہے کہ میں نے بچپن میں صاحب الزمان کودےکھا ہے ” کانہ القمرلےلۃ البدر “ ان کا چہرہ چودھوےں رات کے چاند کی طرح چمکتاتھا ۔

Presented by www.ziaraat.com

جزیرہ خضراٗ میں امام علیہ السلام سے ملاقات

حضرت امام مہدی علیہ السلام کی قیام گاہ جزیرہ خضراٗ میں جولوگ پہنچے ہیں۔ ا ن میں سے شیخ صالح ،شیخ زےن العابدےن ملی بن فاضل مازندرانی کانام نمایاں طورپرنظرآتاہے ۔ آپ کی ملاقات کی تصدےق ، فضل بن ےحےی بن علی طبےعی کوفی وشیخ عالم عامل شیخ شمس الدےن نجح حلی وشیخ جلال الدےن ، عبداللہ ابن عوام حلی نے فرمائی ہے ۔ علامہ مجلسی نے آپ کے سفرکی ساری روےداد ایک رسالہ کی صورت میں ضبط کیاہے ۔ جس کامفصل ذکربحارالانوار میں موجود ہے رسالہ جزیرہ خضراء کے ص ۱ میں ہے کہ شیخ اجل سعےدشہےد بن محمد مکی اورمےرشمس الدےن محمد اسداللہ شوشتری نے بھی تصدےق کی ہے۔

مؤلف کتاب ہذا کہتاہے کہ حضرت کی ولادت حضرت کی غیبت ،حضرت کاظہوروغےرہ جس طرح رمزخداوندی وررازالہی ہے اسی طرح آپ کی جائے قیام بھی ایک رازہے جس کی اطلاع عام ضروری نہیں ہے ،واضح ہوکہ کولمبس کے ادراک سے قبل بھی امرےکہ کاوجود تھا۔

اسحاق بن یعقوب کے نام امام عصرکاخط:

علامہ طبرسی بحوالہ محمد بن ےعقوب کلےنی لکھتے ہیں کہ اسحق بن ےعقوب نے بذرےعہ محمد بن عثمان عمری حضرت امام مہدی علیہ السلام کی خدمت ایک خط ارسال کیا جس میں کئی سوالات مندرج تھے ۔حضرت نے بخط خود جواب تحرےرفرمایا اورتمام سوالات کے جوابات تحرےرا عنایت فرمائے جس کے اجزاٗ یہ ہیں :

۱) جوہمارامنکرہے ،وہ ہم سے نہیں ۔

۲) میرے عزےزوں میں سے جومخالفت کرتے ہیں ،ان کی مثال ابن نوح اوربرادران ےوسف کی ہے ۔

۳) فقاع یعنی جوکی شراب کاپےنا حرام ہے ۔

۴) ہم تمہارے مال صرف اس لئے (بطورخمس قبول کرتے ہیں کہ تم پاک ہوجاؤ اورعذاب سے نجات حاصل کرسکو۔

۵) میرے ظہورکرنے اورنہ کرنے کا تعلق صرف خداسے ہے جولوگ وقت ظہورمقررکرتے ہیں وہ غلطی پرہیں جھوٹ بولتے ہیں ۔

۶) جولوگ یہ کہتے ہیں کہ امام حسین قتل نہیں ہوئے وہ کافرجھوٹے ا ورگمراہ ہیں ۔

۷) تمام واقع ہونے والے حوادث میں میرے سفراٗپراعتماد کرو ،وہ مےری طرف سے تمہارے لئے حجت ہیں اورمیں حجت اللہ ہوں ۔

۸) ”محمد بن عثمان “ امےن اورثقہ ہیں اوران کی تحرےرمےری تحرےرہے ۔

۹) محمد بن علی مہریاراہوازی کادل انشاء اللہ بہت صاف ہوجائے گا اورانھےں کوئی شک نہ رہے گا ۔

Presented by www.ziaraat.com

۱۰) گانے والی کی اجرت و قیمت حرام ہے ۔

۱۱) محمد بن شاذان بن نےعم ہمارے شےعوں میں سے ہے ۔

۱۲) ابوالخطاب محمدبن ابی زےنب اجدع ملعون ہے اوران کے ماننے والے بھی ملعون ہیں ۔ میں اورمیرے باپ دادا اس سے اور اس کے باپ دادا سے ہمےشہ بے زاررہے ہیں ۔

۱۳) جوہمارا مال کھاتے ہیں وہ اپنے پےٹوں میں آگ بھررہے ہیں ۔

۱۴) خمس ہمارے سادات شےعہ کے لئے حلال ہے ۔

۱۵) جولوگ دےن خدامیں شک کرتے ہیں وہ اپنے خود ذمہ دارہیں ۔

۱۶) مےری غیبت کےوں واقع ہوئی ہے ۔ یہ بات خداکی مصلحت سے متعلق ہے اس کے متعلق سوال بےکارہے۔ میرے آباؤاجداد دنیا والوں کے شکنجہ میں رہے ہیں لےکن خدانے مجھے اس شکنجہ سے بچالیاہے جب میں ظہورکروں‌گا بالکل آزاد ہوں‌گا ۔

0) زمانہ ٴ غیبت میں مجھ سے فائدہ کیاہے ؟ اس کے متعلق یہ سمجھ لوکہ مےری مثال غیبت میں وےسی ہے جےسے ابرمیں چھپے ہوئے آفتاب کی ۔ میں ستاروں کی مانند اہل ارض کے لئے امان ہوں تم لوگ غیبت اورظہورسے متعلق سوالات کا سلسلہ بندکرواورخداوندعالم کی بارگاہ میں دعاکرو کہ وہ جلد میرے ظہورکاحکم دے ،اے اسحاق ! تم پراوران لوگوں پرمےراسلام ہو جوہدایت کی اتباع کرتے ہیں ۔ (اعلام الوری ص ۲۵۸ مجالس المومنین ص۱۹۰، کشف الغمہ ص۱۴۰)۔

شیخ محمدبن محمد کے نام امام زمانہ کامکتوب گرامی

علماٴ کابیان ہے کہ حضرت امام عصرعلیہ السلام نے جناب شیخ مفید ابوعبداللہ محمد بن محمد بن نعمان کے نام ایک مکتوب ارسال فرمایا ہے ۔ جس میں انھوں نے شیخ مفید کی مدح فرمائی ہے اوربہت سے واقعات سے موصوف کوآگاہ کیا ہے ان کے **مکتوب گرامی کا ترجمہ یہ ہے** :

میرے نےک برادراورلائق محب، تم پرمےراسلام ہو ۔ تمہیں دےنی معاملہ میں خلوص حاصل ہے اورتم ہمارے بارے میں ےقےن کامل رکھتے ہو ۔ہم اس خداکی تعرےف کرتے ہیں جس کے سواکوئی معبود نہیں ہے ۔ ہم درود بھےجتے ہیں حضرت محمد مصطفی اوران کی پاک آل پرہماری دعاء ہے کہ خداتمہاری توفےقات دےنی ہمےشہ قائم رکھے اورتمہیں‌نصرت حق کی طرف ہمےشہ متوجہ رکھے ۔تم جوہمارے بارے میں صدق بیانی کرتے رہتے ہو ،خدا تم کواس کااجرعطافرمائے ۔تم نے جوہم سے خط وکتابت کاسلسہ جاری رکھا اوردوستوں کوفائدہ پہونچایا ، وہ قابل مدح وستائش ہے ۔ ہماری دعاہے کہ خداتم کو دشمنوں کے مقابلہ میں کامیاب رکھے ۔ اب ذرا ٹھرجاؤ ۔ اورجےساہم کہتے ہیں اس پرعمل کرو ۔ اگرچہ ہم ظالموں کے امکانات سے دورہیں لےکن ہمارے لئے خداکافی ہے جس نے ہم کوہمارے شےعہ مومنین کی بہتری کے لئے ذرائع دکھائے دئےے ہیں ۔ جب تک دولت دنیا فاسقوں کے ہاتھ میں رہے گی ۔ ہم کوتمہاری خبرےں پہونچتی رہیں گی اورتمہارے معاملات کے متعلق کوئی بات ہم سے پوشےدہ نہ رہے گی ۔ ہم ان لغزشوں کوجانتے ہیں جولوگوں سے اپنے نےک اسلاف کے خلاف ظاہرہورہی ہیں ۔ (شاےد اس سے اپنے چچا جعفرکی طرف اشارہ فرمایاہے) انھوں‌نے اپنے عہدوں

Presented by www.ziaraat.com

کوپس پشت ڈال دیاہے ،گویاوہ کچھ جانتے ہی نہیں ۔ تاہم ہم ان کی رعایتوں کوچھوڑنے والے نہیں اورنہ ان کے ذکربھولنے والے ہیں اگرایےساہوتا توان پرمصیبتےں نازل ہوجاتےں اوردشمنوں کوغلبہ حاصل ہوجاتا ،پس ان سے کہو کہ خداسے ڈرواورہمارے امرونہی کی حفاظت کرو اوراللہ اپنے نورکاکامل کرنے والاہے ،چاہے مشرک کےسے ہی کراہت کریں ۔ تقیہ کوپکڑے رہو ،میں اس کی نجات کاضامن ہوں جوخداکی مرضی کاراستہ چلے گا ۔ ا س سال جمادی الاول کامہےنہ آئے گا تواس کے واقعات سے عبرت حاصل کرنا تمہارے لئے زمین وآسمان سے روشن آیتےں ظاہرہوں‌گی ۔مسلمانوں کے گروہ حزن وقلق میں بمقام عراق پھنس جائیں گے اور ان کی بداعمالےوں کی وجہ سے رزق میں تنگی ہوجائے گی پھریہ ذلت ومصےبت شرےروں‌کی ہلاکت کے بعد دورہوجائےگی ۔ ان کی ہلاکت سے نےک اورمتقی لوگ خوش ہوں گے لوگوں کوچاہےے کہ وہ ا ےسے کام کریں جن سے ان میں ہماری محبت زیادہ ہو یہ معلوم ہوناچاہےے کہ جب موت ےکایک آجائے گی توباب توبہ بند ہوجائے گا اورخدائی قہرسے نجات نہ ملے گی خدا تم کونےکی پرقائم رکھے ،اورتم پررحمت نازل کرے “۔

میرے خیال میں یہ خط عہد غیبت کبری کاہے ،کےونکہ شیخ مفید کی ولادت ۱۱ ذیقعدہ ۳۳۶ہجری ہے اوروفات ۳ رمضان ۴۱۳ میں ہوئی ہے اورغیبت صغری کااختتام ۱۵ شعبان ۳۲۹ میں ہواہے علامہ کبےرحضرت شہےد ثالث علامہ نوراللہ شوشتری مجالس المومنین کے ص ۲۰۶ میں لکھتے ہیں کہ شیخ مفید کے مرنے کے بعد حضرت امام عصرنے تین شعر ارسال فرمائے تھے جومرحوم کی قبرپرکندہ ہیں ۔

واقعات روائے حاجات :

۱ ۔جناب محقق مدقق علامہ شیخ حسن بن ےوسف بن علی بن مطہرحلی علیہ الرحمہ ایسے محدث جلےل متعلم بے عدےل گزرے ہین کہ علوم وفنون عقلیہ ونقلیہ مینجن کانظےرنہ تھا ۔اپنے والدماجداوراپنے ماموں محقق صاحب شرائع الاسلام اورخواجہ نصےرالدےن طوسی کے شاگرد تھے ۔گیارہ سال کی عمرمین مدارج اجتہاد پرایسے فائزہوئے کہ بڑے بڑے طلبہ کودرس دےنے لگے تھے ۔

ایک مرتبہ چڑیاں لڑتی ہوئی سامنے آگریں ۔لڑکپن کازمانہ تھا پڑھاتے پڑھاتے اپنے سرسب عمامہ اتارکر اس پررکھ دیا اورچڑےوں کوپکڑلیا ،شاگرد بھی ہنس پڑے ۔

ایک دفعہ بچپن مین کسی غلطی پروالد کودےکه کربھاگے ۔والدپےچھے دوڑے ،قرےب تھاکہ پکڑلےں ، فورا علامہ نے سجدہ واجبہ کی آےت پڑھ دی جس کوسن کر والد توسجد ہ کرنے لگے اوریہ آگے نکل گئے کےونکہ خود نابالغ تھے ،ان پرسجدہ واجب نہ تھا ۔والدنے پھرپےچھاکیاانھوں نے پھر سجدہ کی آےت پڑھ دی والدسجدے مینپڑگئے اب سراٹھاکراپنے فرزند ارجمند کی اس تدبےرپر بہت خوش ہوئے اورپیارکے ساتہ پکارا، جس پرصاحبزادے واپس آگئے ۔

قدرت نے ایسے علمی برکات شامل حال فرمائے تھے کہ بچپن ہی مین خود مجتہد ،والد مجتہد ،بھائی مجتہد ،ماموں مجتہد ،بھتےجے مجتہد ، بھانجے مجتہد ،بےٹے مجتہد ، پوتے مجتہد ،سترکتابوں سے زیادہ علامہ کی تصنےفات ہین ۔ کتاب تبصرۃ المتعلمین اےسی مقبول ہوئی کہ جس کی ستائےس اٹھائےس شرحےں لکھےں گئےں ۔

شرح تجرید ایسی مشہورکتاب ہے جس کوپڑھنا ہرعالم کادستور ہے ۔ ا س کامتن تجرےد علامہ کے استاد جناب خواجہ نصےرالدےن طوسی کا ہے جوبہت بڑے مشہورعالم وحکےموفلسفی گزرے ہین ۔درود طوسی آپ ہی کاہے ۵۹۷ہجری مین

Presented by www.ziaraat.com

پےدائش ہے اورعلامہ حلی کی ولادت ۶۴۸اوررحلت ۷۲۶ھ مین ہوئی ۔نجف اشرف مین روضہٴ مبارکہ کے منارے سے متصل دفن ہین ۔

علامہ موصوف کے متعلق جناب شہیدثالث قاضی نوراللہ شوشتری اعلی اللہ مقامہ نے کتاب مجالس المومنےن مین اوردےگرحضرات علماء نے یہ واقعہ نقل کیاہے کہ ایک صاحب علم شخص نے جن کے علامہ بعض فنون مین شاگرد تھے ۔کوئی کتاب شےعوں کی رد مین تیارکی تھی اوراکثر لوگوں کو جلسوں مین سنایاکرتے تھے لےکن اس کی تردےد وجواب کے خوف سے کسی کودےتے نہ تھے علامہ نے اس کے حاصل کرنے کی بہت کوشش کی مگرکامیابی نہ ہوسکی ،یہاں تک کہ اپنی شاگردی کو استاد سے عارےۃ کتاب لےن کاذرےعہ بنایا جس پراستاد انکارنہ کرسکے اورمارے شرم کے کتاب دےناپڑی لےکن اس شرط کے ساتھ کہ ایک رات سے زیادہ نہ رکھےں گے مگرعلامہ نے اتناوقت بھی غنےمت سمجھا اورکتاب لے کراپنے گھرآئے تاکہ جس قدرہوسکے اس کی نقل کرلےں ،لکھناشروع کیا لکھتے لکھتے آدھی رات ہوگئی ،نےند آنے لگی اورسوگئے اورحضرت حجت علیہ السلام کوخواب مین دےکھا کہ حضرت فرمارہے ہین ، کتاب مجھ کودے دو اورتم سوتے رہو۔ جب اٹھے تودےکھا کہ حضرت کے اعجازسے پوری کتاب نقل ہوگئی ہے ۔اوربعض حضرات نے واقعہ کی یہ صورت لکھی ہے کہ وہ کتاب اتنی ضخےم تھی کہ ایک شب توکیاذکر ہے اس کو ایک شخص ایک سال سے کم مین نقل نہ کرسکتاتھا ۔جب علامہ نے لکھناشروع کیا توایک صاحب اہل حجاز کی صورت مین دروازے سے داخل ہوئے ،سلام کیا اوربےٹھ کر کہنے لگے کہ شیخ تم مسطرتیارکئے جاؤ اورمین لکھتاہوں ۔چنانچہ انہوں نے لکھناشروع کیا اورعلامہ اوراق درست کرتے رہے ۔مگرصورت لکھنے کی یہ تھی کہ ورق کی کتابت مین اس کی درستی سے بھی زیادہ تےزی تھی ۔بس مرغ بولے تھے کہ اس وقت تک ساری کتاب مکمل ہوگئی ۔

سفےنۃ البحارمین ہے کہ اس واقعہ کے متعلق بعض مجالس مین علامہ علیہ الرحمہ نے صاف صاف فرمایا کہ وہ تشرےف لانے والے حضرت حجت علیہ السلام تھے

۲۔یوں توعلماء متقدمین بھی قتل کئے گئے ہین لیکن متاخرین مین جن کاسلسہ آٹھویں قرن سے شروع ہوتاہے جواکابرعلماء ظلم ظالمین سے شہید ہوئے ،ان کولفظ شہید سے یادکیاجاتاہے شہید اول جناب شیخ شمس الدین ابوعبداللہ بن محمد بن جمال الدین مکی رحمۃاللہ علیہ ہین۔ لمعہ دمشقیہ آپ ہی کی کتاب ہے ایک سال شام کے قلعہ مین مقےد رہے ۔ للعبےد مین تلوارسے قتل کیاگیاہے ،پھرسولی پرچڑھاگیا ،پھرسنگسار کیاگیا ،پھرلاش کوجلادیا ۔سال ولادت ۷۶۴ہجری اورسال شہادت ۷۸۶ھ ہے اورشہید ثانی عالم ربانی جناب زےن الدےن عاملی علیہ الرحمہ ہین جوایسے متبحر وجامع فنون عقلیہ ونقلیہ تھے کہ مشہورکتاب لمعہ آپ ہی کی ہے جس کوہرعالم دےن پڑھتاہے گویا بعد کے تمام علماء ومحققےن آپ کے شاگرد ہین اوریہ سلسہ قیامت تک رہے گا موصوف مسجدالحرام سے گرفتارہوئے اورشہرقسطنطنیہ مین شہید کئے گئے ۹۱۱ھ مین ولادت اور۹۶۶ھ مین شہادت ہوئی ۔

شیخ فاضل اجل محمد بن علی بن حسن عودی نے کتاب بغےۃ المرےد فی الکشف عن احوال الشھید مین لکھا ہے کہ جب شہید ثانی علیہ الرحمہ نے دمشق سے مصرکا سفرکیا تھا توراستہ مین بہت سے الطاف الہیہ وکرامات جلےلہ کاظہور ہوتارہاہے ان مین سے ایک یہ واقعہ ہے کہ جب منزل رملہ پرزیارت انبیاٴ کے لے تنہا اس مسجد کی طرف آئے جوجامع ابےض کے نام سے مشہور ہے تواس کے دروازے کوقفل لگاہواتھا لےکن ذراکھےنچنے سے فورا کھل گیا ۔اندرجاکر نمازودعامین ایسے مشغول ہوئے کہ قافلہ روانہ ہوگیا ۔اس پربہت متفکروپرےشان تھے کہ کیاکرےں ۔ تنہائی کاعالم اورسارا سامان ہودج پرقافلہ کے ساتھ جاچکاہے ،مجبورا پےدل روانہ ہوگئے کہ شاےد قافلہ مل جائے ۔مگرچلتے چلتے تھک گئے اوروہ دورتک نظرنہ آیا ۔ےکایک ایک سوارآتے ہوئے دکھائی دےے جنھوں نے قرےب پہنچ کرفرمایا کہ مےرے ساتھ بےٹھ

Presented by www.ziaraat.com

جاؤ اورسوارکرلیا ۔اس کے بعد بجلی کی طرح ایک لمحہ مین قافلہ تک پہنچ گئے اوراپنی سواری سے اتاردیا ۔شہید علیہ الرحمہ فرماتے ہین کہ پھرمین نے راستہ مین ہرچند تلاش کیا کہ ان صاحب کودےکھ لوں مگروہ نظرنہ آسکے اوراس سے پہلے بھی مین نے ان کونہ دےکھاتھا۔

۳۔علامہ بحرالعلوم آقاسیدمہدی طباطبائی اعلی اللہ مقامہ کایہ واقعہ جنت الماوی مین علامہ کے کارکن مولانا سلماسی سے نقل ہے کہ مجاورت مکہ معظمہ کے زمانے مین باوجودےکہ عالم مسافرت تھا ،گھربارسے بہت دورتھے لےکن بذل وعطا،دادودہش کی یہ صورت کہ کثرت مصارف کی کچھ پرواہ نہ تھی ،یہاں‌تک نوبت پہنچی کہ خرچ کی کوئی سبےل نہ رہی ۔ایک درہم بھی مےرے پاس نہ تھا ۔مینںے علامہ سے عرض حال کیا جس کا کچھ جوا ب نہ دیا اورحسب عادت صبح طواف خانہ کعبہ کے لےے چلے گئے جب واپس تشرےف لائے تومین نے حسب معمول حقہ حاضرکیا ۔ ےکایک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا جس پروہ نہاےت بے چےنی کے ساتھ کھڑے ہوگئے اورمجھ سے فرمایا کہ جلدی یہاں سے حقہ ہٹاؤ اورفورا خود جاکر دروازہ کھولا اورایک شخص جلےل بہ ہےئبت اعراب داخل ہوئے اوربےٹھ گئے ۔ بحرالعلوم بھی انتہائی عجزوانکسارسے بےٹھے۔ کچھ باتےں ہوئےں وپھروہ صاحب کھرے ہوگئے ۔بحرالعلوم نے دروازہ کھولا ،ان کے ہاتھوں کابوسہ دیا ناقہ پرسوارکرایا۔ جب اندرتشرےف لائے توچہرے کارنگ بدلاہواتھا اسی وقت مجھ کوایک کاغذ دیا اورفرمایا کہ یہ رقعہ اس صراف سے متعلق ہے جوکوہ صفاپربےٹھا ہے۔ اس کولے کر اس کے پاس جاؤ اورجوکچھ وہ دے لے آؤ۔چنانچہ مین گیا اور وہ نوشتہ اس کودیا ۔اس نے ہاتھ مین لے کردےکھا ،چوما اورکہا کہ باربرداربلا کرلاؤ ۔ مین جاکر چارقلی لے آیا ۔ صراف نے وہ ریال جوپانچ قران عجمی سے بھی زیادہ ہوتاہے اتنی مقدارمین دےے کہ چارمزدوراپنے کاندھوں پراٹھاکرلائے اورمکان پرپہنچادےے۔

چندروز کے بعد مین صراف سے ملنے کے لےے چلاتاکہ اس کاحال بھی دریافت کروں اوریہ بھی پوچھوں کہ وہ رقعہ کس کاتھا ۔ لےکن جب مین اس مقام پرپہنچاتونہ وہ دکان نظرآئی نہ وہ صراف دکھائی دیا مین نے لوگوں سے جو اس وقت وہاں موجود تھے صراف کے متعلق سوال کیا ۔ سب نے یہ کہا کہ ہم نے آج تک یہاں کسی صراف کونہیں‌دےکھا ۔جس کے بعد مین سمجھ گیا کہ یہ سب کچھ اسرارخدااورالطاف امام زماں علیہ السلام ہین ۔

۴۔ صاحب کتاب دارالسلام تحرےرفرماتے ہین کہ ایک روز نجف اشرف مین ان صاحبان کے ذکرپرجن کوحضرت حجت علیہ السلام کی بارگاہ مین حضوری کاشرف حاصل ہواہے ،فاضل جلےل ،عادل نبےل آقاسےدباقراصفہانی نے بیان فرمایاہے کہ حسب عادت مجاورےن ایک مرتبہ مین نے شب چہارشنبہ مسجد سہلہ مین گزاری اوردن کوبھی اس ارادہ سے وہین رہا کہ عصر کے وقت مسجد کوفہ جاؤں گا اورپنجشنبہ کی شب وہاں رہ کر دن مین نجف اشرف واپس ہوں گا ۔لےکن صورت یہ پےش آئی کہ کھانے کاسامان ختم ہوگیا اس زمانہ مین مسجد سہلہ کا جوارآباد نہ تھا اورکوئی روٹی بےچنے والابھی وہاں نہ آتاتھا مجھ کوبھوک بہتلگ رہی تھی جس سے نہاےت پرےشان تھا َمگرنماز پڑھنے مین مشغول ہوگیا ۔ اسی اثنا مین ایک صاحب تشرےف لائے اورمےرے قرےب بےٹھ کر انھوں نے دسترخوان کھولا ۔ اس وقت مےرا دل چاہنے لگاکہ کاش یہ قےمت لے لےں اورمجھے بھی کھانے مین شرےک کرلےں کہ ےکایک خود انھوں نے مےری طرف دےکھ کرتواضع فرمائی ،مگر مین نے شرم کی وجہ سے انکار کیا۔ لےکن ان کے اصرارسے تیارہوگیا اورخوب پےٹ بھرکرکھایا ۔ فراغت کے بعد دسترخوان لپےٹ کروہ مسجد کے ایک حجرہ مین تشرےف لے گئے جس پرمےری نظرجمی رہی اوران کے باہرآنے کاانتظار کرتارہا ،مگر دےرہوگئی اوروہ نہ نکلے ۔ جس سے مین متفکرہوا کہ مےرے ساتھ ان صاحب کایہ عمل اتفاقی تھا ۔ مےری حالت اوردل کی بات پران کواطلاع تھی یہ سوچ کر مین اٹھا اوراسی حجرہ مین پہنچا ،دےکھا تووہ بالکل خالی ہے ،وہاں کوئی نظرنہ آیا ۔ باوجودےکہ اس مین آنے جانے کادوسرا راستہ نہ تھا ۔تب مین سمجا کہ مےرے ضمےربرمطلع ہوکر مجھ کوکھانا کھلانے والا سوائے حضرت حجت علیہ السلام کے کوئی دوسرا نہین ہوسکتا۔

Presented by www.ziaraat.com

۵۔ کتاب نجم ثاقب مین صالح متقی شیخ محمد طاہرنجفی کے متعلق ایک حکاےت مذکور ہے جس کاخلاصہ یہ ہے کہ شیخ برسوں مسجد کوفہ کے خادم رہے اورمع اہل وعیال کے وہین رہائش تھی ۔ بہت پرہےزگارمتدےن آدمی تھے ۔ آخرمین نابےنا ہوگئے تھے ان کایہ بیان بعض علماء متقےن نے نقل کیا ہے کہ کئی سال ہوئے کہ نجف کے دوگروہوں مین جن سے مےری معاش کاتعلق تھا باہم جنگ وجدال کی وجہ سے زائرےن کی آمد ورفت رک گئی تھی ، اہل علم کاآنابندتھا ، جس سے مین بہت پرےشان ہوا ،زندگی تلخ ہونے لگی کےونکہ کثےرالعیال تھا ۔کچھ ےتےموں کی پرورش بھی مےرے ذمہ تھی فاقوں کی نوبت آگئی ایک شب کواےساہوا کہ کھانے کوکچھ نہ تھا ،بچے مارے بھوک کے رورہے تھے اس وقت بہت دل تنگ ہوکر بارگاہ الہی مین دعاکرتے ہوے مین نے یہ عرض کیا کہ پروردگارا ! اے سوائے اس کے کچھ نہین چاہتاکہ اپنے مولاوآقاکی صورت دےکھ لوں ۔اسی اثنامین ایک جلےل القدرجن کے چہرے سے آثارہےبت وجلال نمایاں ہورہے تھے نفےس لباس پہنے ہوئے تشرےف لائے ۔ مین نے خیال کیا کہ یہ توکوئی بادشاہ ہین ۔ لےکن سرپرعمامہ بھی تھا جب انہوں نے نماز پڑھنی شروع کی تو روئے مبارک کانور اےسا بڑھنے لگا کہ نظرجمانامشکل نہ رہا ۔ تب مین سمجھاکہ مےرا یہ خیال غلط ہے ۔ اورانھوں نے خود مےری طرف متوجہ ہوکر فرمایاکہ اے طاہر ! مجھے کونسا بادشاہ خیال کرتے ہو ۔مین نے عرض کیاکہ مےرے مولا! آپ توبادشاہوں کے بادشاہ اورتمام عالم کے سردارہین فرمایا اے طاہر! تم اپنے مقصد مین کامیاب ہوگئے ،اب کیاچاہتے ہو ؟ کیاہم روزآنہ تم لوگوں کی دےکھ بھال نہین کرتے اورتمہارے اعمال ہمارے سامنے پےش نہین ہوتے اس فرمانے پران جناب کی ہےبت وعظمت اوراس حےرت کی وجہ سے جو مجھ پرطاری تھی کچھ جواب نہ دے سکا ۔ اورالحمدللہ اس وقت سے معاش کے دروازہ مےرے لےے کھل گئے اورآج تک کبھی تنگی مین مبتلانہ ہوا ۔

۶۔ فاضل جلیل سیدمحمد باقربن سید محمد شریف حسینی اصفہانی نے کتاب نورالعیون مین اپنے استاد عالم متقی میرزا محمد تقی الماسی سے ایک واقعہ نقل کیا ہے ۔ الماسی مولانا محمدتقی مجلسی اول کے پرپوتے تھے ۔ ان کے اس لقب کی وجہ یہ تھی کہ ان کے والد مےرزامحمد کاظم بڑے متمول تھے۔ انھوں نے ایک الماس جس کی قےمت پانچ ہزارتومان تھی بارگاہ امےرالمومنےن علیہ السلام مین ہدیہ کیاتھا جس سے الماسی مشہور ہوگئے ۔ ۱۱۵۹ھ مینرحلت ہوئی ۔

موصوف نے بیان فرمایا کہ من جملہ سادات شولستان ایک بزرگ عالم دےن نے اپنے معتمد شخص کایہ بیان مجھ سے نقل کیاکہ ایک مرتبہ بحرےن کے کچھ لوگوں مین یہ معاہدہ ہوا کہ ہم مین سے ہرشخص باری باری مومنےن کی ایک جماعت کوکھاناکھلائے۔ چنانچہ وہ لوگ اس طرح کرتے رہے یہاں‌تک کہ ایک شخص کانمبرآیا جس کے پاس پےسہ نہ تھا ۔ وہ اپنی تنگدستی وبے سروسامانی سے بہت پرےشان ہوا ۔

اسی فکروغم مین اتفاقا رات کوجنگل کی طرف سے گزررہاتھا کہ ایک صاحب اس کے سامنے آئے اورکہنے لگے کہ تم فلاں تاجرکے پاس جاؤ اورکہو کہ م ح م د بن الحسن نے کہاہے کہ وہ بارہ دےناردے دو جوتم نے ہمارے لےے نذرکےے تھے۔ انھےں لے کرتم اپنی مہمان داری مین صرف کرو چنانچہ وہ بے چارہ اس سوداگرکے پاس گیا اورپےغام پہنچایا۔ اس نے سن کرکہا کہ کیاخود انھوں نے تم سے یہ بات کہی ہے ۔ بحرےنی نے جواب دیا ہاں اےساہی ہے ۔پھرتاجرنے پوچھا کہ تم ان کوپہچانتے ہو؟ بحرےنی نے کہاکہ انھےں مین تونہین جانتا۔ سوداگرنے کہا وہ حضرت امام صاحب الز ماں علیہ السلام ہین اوران کی نذر کے بارہ دےنارمےرے پاس رکھے ہین ۔ اس کے بعد تاجرنے بحرےنی کابہت کچھ اکرام کیا اورکہاکہ چونکہ مےری یہ نذراس سرکارمین قبول ہوگئی ہے اس لےے مینچاہتاہوں کہ تبرکا آدھے دےنارکا مجھ سے تبادلہ کرلو۔ بحرےنی نے اےساہی کیا اوررقم لے کرخوش خوش اپنے گھرواپس آگئے اوراس مہمانی مینخوب صرف کیا۔

۶۔فاضل کامل سےد محمد حسےنی نے کفاےۃ المجتہد مین حسن بن حمزہ علوی طبری مرعشی کی یہ رواےت نقل کی ہے کہ ہمارے اصحاب امامیہ مین سے ایک مرد صالح نے بیان کیاکہ ایک مرتبہ مین حج کوگیا توسخت گرمی کا سال تھا

Presented by www.ziaraat.com

،قافلہ سے جداہوگیا ۔مارے پیاس کے دم نکلاجاتاتھا یہاں تک کہ زمین پردفعۃ گھوڑے کے ہنہنانے کی آوازآئی ۔آنکھےں کھولےں توایک خوش رو وخو ش بوجوان نظرآئے ۔ انھوں نے مجھ کو اےسا پانی پلایا جوبرف سے زیادہ ٹھنڈا اورشہدسے زیادہ مےٹھا تھا ۔ اس وقت مین مرنے سے بچ گیا اورمین نے ان سے پوچھا کہ آپ کون ہین جومجھ پراےسی مرحمت فرمائی ؟ فرمایا کہ مین بندوں پرحجۃ اللہ اورروئے زمین پربقےۃ اللہ ہوں۔ اورمین وہ ہوں کہ زمین کوعدل وداد سے بھردوں گا جبکہ وہ ظلم وجورسے بھرچکی ہوگی ۔ مین حسن بن علی بن محمدبن علی بن موسی بن جعفربن محمد بن علی بن حسےن بن علی بن ابی طالب کرفرزند ہوں ۔ اس کے بعد فرمایا کہ آنکھےں بندکرو ۔ مین نے آنکھےں بندکرلےں ،فرمایا کھول دو مین نے کھول دےں تواپنے کوقافلہ کے سامنے پایا اورحضرت نظرسے غائب ہوگئے تھے ۔ صلوات اللہ علیہ۔

۷۔ عالم متبحرشیخ ابوالحسن شرےف عاملی نے کتاب ضیاء العالمین مینحافظ ابونعےم وابوالعلاء ہمدانی سے ابن عمرکی یہ رواےت نقل کی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ک مہدی کاخروج اس بستی سے ہوگا جس کو کرعہ کہتے ہین ان کے سرپرابرکاسایہ ہوگا اورمنادی یہ آوازدےتاہوگا کہ یہ مہدی خلےفہ خداہین ،ان کی متابعت کرو۔اس سلسلہ مین محمد بن احمد سے ایک جماعت نے یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ مےرے والد ہمےشہ مقام کرعہ کے متعلق لوگوں سے دریافت کیاکرتے تھے کہ وہ کس طرف ہے ۔ا تفاقا ایک بڑا تاجرآگیا ،اس سے بھی پوچھا تواس نے کہا کہ مےرے باپ اکثرسفرمین رہاکرتے تھے اورمین بھی ساتھ ہوتاتھا ۔ ایک دفعہ ہم راستہ بھول گئے اورچند روز اسی پرےشانی مین گزرے ۔ کھانے پےنے کاسامان بھی ختم ہوگیا اورمرنے کی نوبت آگئی جوےکایک ایک مقام پرچمڑے کے چند خےمے نظرآئے اوران مین سے کچھ آدمی نکل کر ہماری طرف متوجہ ہوئے جن سے ہم نے اپنی اس حالت کوبیان کیا جب ظہرکاوقت آیاتو ایک ایسے خوب صورت جوان باہرنکلے جن سے زیادہ حسےن جلےل القدر ودبدبہ والاہم نے کبھی نہ دےکھا تھا۔ سب نے ان کے ساتھ نماز پڑھی ۔ جب وہ سلام پھےرچکے تو مےرے باپ نے ان کوسلام کیا اوراپناسارا قصہ سنایا ۔ جس کے بعد ہم کئی دن وہاں رہے اور ان سب کواےسا بڑا اخلاق ونےک کردارپایا کہ کبھی کسی کو ان صفات کاسنابھی نہ تھا ۔ بالاخرہم نے ان جناب سے عرض کیا کہ کسی آدمی کوہمارے ساتھ کردےجئے جوہمین ٹھےک راستہ پرلگادے ۔ چنانچہ انھوں نے ایک شخص کوحکم دیا جس کے ہمراہ ہم وہاں سے روانہ ہوگئے اوربہت تھوڑے سے وقت مین ہم اےسی جگہ پہنچ گئے جہاں جانا چاہتے تھے ،وہاں مےرے والد نے اس ہمراہی سے سوال کیا کہ تمہارے یہ سردارکون ہین ؟اس نے کہاکہ یہ حضرت مہدی م ح م د بن حسن علیہ السلام ہین اوراس مقام کو کرعہ کہتے ہین جوےمن مین داخل ہے ،اس طرف سے جو بلاد حبشہ سے متصل ہے ۔ دس دن کاراستہ ہے اورایسے بیابان مین ہے جہاں پانی کانام نہین ۔

اس حکاےت کونقل کرنے کے بعد عالم مذکورنے فرمایاہے کہ اس رواےت سے حضرت کاخروج کرعہ سے ہوگا اوراس خبرمین کہ حضرت مکہ سے ظاہرہوں گے ،کوئی مخالفت نہین ہے کےونکہ دونوں کوملاکر مطلب یہ ہوتاہے کہ اپنی قیام گاہ کرعہ سے مکہ تشرےف لائےں گے اوروہاں سے ظہورامرہوگا ۔ یہ بھی سمجھنا چاہےے کہ یہ مقام حضرت کی مستقل قیام گاہ ہے۔

ان حضرات کے نام جنھوں نے زمانۂ غیبت صغری میں امام کودیکھا ہے

چاروکلائے خصوصی اورسات وکلائے عمومی کے علاوہ جن لوگوں نے حضرت امام عصرعلیہ السلام کودےکھا ہے ان کے اسماء میں سے بعض کے نام یہ ہیں :

بغداد کے رہنے والوں میں سے (۱)ابوالقاسم بن رئےس (۲)ابوعبداللہ ابن فروخ (۳)مسرورالطباخ(۴۔۵) احمدومحمدپسران حسن (۶)اسحاق کاتب ازنوبخت (۷)صاحب الفراٴ (۸) صاحب الصرۃ المختومہ (۹) ابوالقاسم بن ابی جلےس (۱۰)ابوعبداللہ

Presented by www.ziaraat.com

الکندی (۱۱)ابوعبداللہ الجنےدی (۱۲) ہارون الفراز (۱۳) النےلی (ہمدان کے باشندوں میںسے) (۱۴) محمد بن کشمر(۱۵)و جعفربن ہمدان (دےنورکے رہنے والوں میں سے) (۱۶)حسن بن ہروان(۱۷) احمدبن ہروان (ازاصفہان) (۱۸)ابن بازشالہ (ازضےمر) (۱۹)زےدان (ازقم) (۲۰)حسن بن نصر (۲۱) محمدبن محمد (۲۲) علی بن محمد بن اسحاق (۲۳)محمدبن اسحاق (۲۴)حسن بن ےعقوب (ازری) (۲۵) قسم بن موسی (۲۶) فرزند قسم بن موسی (۹۲۷ ابن محمد بن ہارون (۲۸)صاحب الحصاۃ (۲۹)علی بن محمد (۳۰)محمد بن ےعقوب کلےنی (۳۱) ابوجعفرالرقاً (ازقزوےن) (۳۲)مرواس (۳۳)علی بن احمد (ازفارس) (۳۴)المجروح (ازشہزور) (۳۵)ابن الجمال (ازقدس) (۳۶)مجروح (ازمرو) (۳۷)صاحب الالف دےنار (۳۸)صاحب المال والرقۃ البےضاً (۳۹)ابوثابت (ازنےشابور) (۴۰)محمدبن شعےب بن صالح (ازےمن) (۴۱)فضل بن برےد (۴۲)حسن بن فضل (۴۳)جعفری (۴۴)ابن الاعجمی (۴۵) شمشاطی (ازمصر) (۴۶)صاحب المولودےن (۴۷)صاحب ا لمال (۴۸)ابورحاً (ازنصےبےن) (۴۹)ابومحمدابن الوجنا(ازاہواز) (۵۰) الحصےنی (غاےۃ المقصود جلد۱ ص۱۲۱)۔

امام مہدی علیہ السلام کاحمایت مذہب فرمانا واقعہ ٴانار :

کتاب کشف الغمہ ۱۳۳میں ہے کہ سےد باقی بن عطوہ امامیہ مذہب کے تھے اوران کے والدزےدیہ خیال رکھتے تھے ایک دن ان کے والدعطوہ نے کہا کہ میں سخت علےل ہوگیاہوں اوراب بچنے کی کوئی امےدنہیں ہرقسم کے اطباً کاعلاج کراچکاہوں، اے نورنظر ! میں تم سے وعدہ کرتاہوں کہ اگرمجھے تمہارے امام نے شفادےدی ،تومیں مذہب امامیہ اختیارکرلوں‌گا یہ کہنے کے بعد جب یہ رات کوبسترپرگئے توامام زمانہ کاان پرظہورہوا،امام نے مقام مرض کواپناہاتھ سے مس کردیا اوروہ مرض جاتارہا عطوہ نے اسی وقت مذہب امامیہ اختیارکرلیا اور رات ہی میں جاکر اپنے فرزند باقی علوی کوخوشخبری دےدی ۔

اسی طرح کتاب جواہرالبیان میں ہے کہ بحرین کاوالی نصرانی اوراس کاوزیرخارجی تھا ،وزیرنے بادشاہ کے سامنے چند تازہ انار پےش کئے جن پرخلفاً کے نام علی الترتےب کندہ تھے اوربادشاہ کوےقےن دلایاکہ ہمارامذہب حق ہے اورترتےب خلافت منشاٴقدرت کے مطابق درست ہے بادشاہ کے دل میں یہ بات کچھ اس طرح بےٹھ گئی کہ وہ یہ سمجھنے پرمجبور ہوگیا کہ وزیرکامذہب حق ہے اورامامیہ راہ باطل پرگامزن ہیں ،چنانچہ اس نے اپنے خیال کی تکمیل کے لئے جملہ علماً امامیہ کو جواس کے عہد حکومت تھے بلابھےجا اورانھےں اناردکھاکر ان سے کہاکہ اس کی رد میں کوئی معقول دلےل لاؤ ورنہ ہم تمہیں‌قتل کرکے تمام مذہب کوبےخ وبن سے اکھاڑدیں گے ،اس واقعہ نے علماٴکرام میں‌ایک عجےب قسم کاہےجان پےداکردیا ، بالاخرسب علماء آپس میں مشورہ کے بعد اےسے دس علماً پرمتفق ہوگئے جوان میں نسبتا مقدس تھے اورپروگرام یہ بنایا کہ جنگل میں ایک ایک عالم بوقت شب جاکرامام زمانہ سے استعانت کرے ،چونکہ ایک شب کی مہلت ومدت ملی تھی ،اس لئے پرےشانی زیادہ تھی غرضکہ علماء نے جنگل میں جاکرامام زمانہ سے فریاد کاسلسلہ شروع کیا،دوعالم اپنی اپنی مدت ،فریادوفغاں ختم ہونے پرجب واپس آئے اورتےسرے عالم حضرت محمدبن علی کی باری آئی توآپ نے بدستورصحرامیں جاکرمصلی بچھادیا ،اورنماز کے بعد امام زمانہ کواپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کی لےکن ناکام ہوکر واپس آتے ہوئے انھےں ایک شخص راستے میں ملا اس نے پوچھا ۔ کیابات ہے کےوں پرےشان ہو،آپ نے عرض کی امام زمانہ کی تلاش ہے اوروہ تشریف لانہیں رہے ۔ اس شخص نے کہا :” اناصاحب العصرفاذکرحاجتک “ میں ہی تمہارا امام زمانہ ہوں ،کہوکیاکہتے ہو محمدبن علی نے کہا کہ اگرآپ صاحب العصرہیں توآپ سے حاجت بیان کرنے کی ضرورت کیا،آپ کوخود ہی علم ہوگا ۔

Presented by www.ziaraat.com

اس کے جواب میں انھوں نے فرمایا کہ سنو ! وزیرکے فلاں کمرہ میں ایک لکڑی کا صندوق ہے اس مٹی کے چند سانچے رکھے ہوئے ہیں جب انارچھوٹاہوتاہے وزیراس پرسانچہ چڑھادےتاہے ۔ اورجب وہ بڑھتاہے تواس پروہ نام کندہ ہوجاتے ہیں جوسانچہ میں کندہ ہیں محمد بن علی ! تم بادشاہ کواپنے ہمراہ لے جاکروزیرکے دجل وفریب کوواضح کردو،وہ اپنے ارادہ سے بازآجائے گا اوروزیرکوسزا دے گا چنانچہ اےساہی کیاگیا اوروزیربرخواست کردیا گیا ۔ (کتاب بداے‌ع الاخبارملا اسماعےل سبزواری ص۱۵۰وسفےنة البحارجلد۱ ص۵۳۶طبع نجف اشرف)۔

زمانہ غیبت کبری میں امام مہدی کی بیعت :

حضرت شیخ عبداللطےف حلبی حنفی کاکہناہے کہ میرے والد شیخ ابراہےم حسین کاشمارحلب کے مشائخ عظام میں تھا ۔وہ فرماتے ہیں کہ میرے مصری استاد نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام مہدی علیہ السلام کے ہاتھ پربیعت کی ہے۔ (ےنابع المودةباب ۸۵ ص ۳۹۲)

حضرت امام مہدی علیہ السلام کی غیبت کے بعد:

حضرت امام مہدی علیہ السلام کی غیبت چونکہ خداوندعالم کی طرف سے بطورلطف خاص عمل میں آئی تھی ،اس لئے آپ خدائی خدمت میں ہمہ تن منہمک ہوگئے اورغائب ہونے کے بعد آپ نے دےن اسلام کی خدمت شروع فرمادی ۔ مسلمانوں، مومنوں کے خطوط کے جوابات دےنے ، ا ن کی بوقت ضرورت رہبری کرنے اورانھےں راہ راست دکھانے کا فرےضہ اداکرنا شروع کردیا ضروری خدمات آپ زمانہ ٔ غیبت صغری میں بواسطہ ٔسفرا ٔ یابلاوسطہ اورزمانہ غیبت کبری میں بلاواسطہ انجام دےتے رہے اورقیامت تک انجام دےتے رہیں‌گے۔

امام مہدی کی غیبت کی وجہ:

مذکورہ بالاتحرےروں سے علما‌ٔاسلام کااعتراف ثابت ہوچکا یعنی واضح ہوگیا کہ امام مہدی کے متعلق جوعقائد اہل تشےع کے ہیں وہی منصف مزاج اورغےرمتعصب اہل تسنن کے علماء کے بھی ہیں اورمقصد اصل کی تائےد قرآن کی آیتوں نے بھی کردی ،اب رہی غیبت امام مہدی کی ضرورت اس کے متعلق عرض ہے کہ :

۱) اخلاق عالم نے ہدایت خلق کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزارپےغمبراورکثیرالتعداد ان کے اوصیا ٔ بھےجے پےغمبروں میں سے ایک لاکھ تۓس ہزار نوسو نناوےں انبیاء کے بعد چونکہ حضوررسول کرےم تشریف لائے تھے لہٰذا ان کے جملہ صفات وکمالات ومعجزات حضرت محمدمصطفی صلعم میں جمع کردئےے تھے اورآپ کوخدانے تمام انبیاء کے صفات کا جلوہ بروارہنایا بلکہ خود اپنی ذات کامظہرقراردیا تھا اورچونکہ آپ کوبھی اس دنیائے فانی سے ظاہری طورپرجاناتھا اس لئے آپ نے اپنی زندگی ہی میں حضرت علی کوہرقسم کے کمالات سے بھرپورکردیاتھا یعنی حضرت علی اپنے ذاتی کمالات کے علاوہ نبوی کمالات سے بھی ممتازہوگئے تھے سرورکائنات کے بعد کائنات عالم صرف ایک علی کی ہستی تھی جوکمالات انبیاء کی حامل تھی آپ کے بعد سے یہ کمالات اوصیا‌ٔمیں منتقل ہوتے ہوئے امام مہدی تک پہونچے بادشاہ وقت امام مہدی کوقتل کرنا چاہتاتھا اگروہ قتل ہوجاتے تودنیاسے انبیاء واوصیاء کا نام ونشان مٹ جاتا اورسب کی یادگاربےک ضرب شمشےرختم ہوجاتی اورچونکہ انھےں انبیاء کے ذرےعہ سے خداوند عالم متعارف ہواتھا لہٰذا اس کابھی ذکرختم ہوجاتا اس لئے ضرورت تھی کہ اےسی ہستی کومحفوظ رکھا جائے جوجملہ انبیاء اوراوصیاء کی یادگاراورتمام کے کمالات کی مظہرہو ۔

Presented by www.ziaraat.com

۲) خداوندے عالم نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے " وجعلها کلمة باقےة فی عقبہ " ابراہےم کی نسل میں کلمہ باقیہ قراردیاہے نسل ابراہےم دوفرزندوں سے چلی ہے ایک اسحاق اوردوسرے اسماعےل ۔ اسحاق کی نسل سے خداوندعالم جناب عیسی کوزندہ وباقی قراردے کر آسمان پرمحفوظ کرچکاتھا ۔ اب بہ مقتضائے انصاف ضرورت تھی کہ نسل اسماعےل سے کسی ایک کوباقی رکھے اوروہ بھی زمین پرکےونکہ آسمان پرایک باقی موجودتھا ،لہذا امام مہدی کوجونسل اسماعےل سے ہیں زمین پرزندہ اورباقی رکھا اورانھےں بھی اسی طرح دشمنوں کے شرسے محفوظ کردیا جس طرح حضرت عیسی کومحفوظ کیاتھا ۔

۳) یہ مسلمات اسلامی سے ہے کہ زمین حجت خدا اورامام زمانہ سے خالی نہیں رہ سکتی (اصول کافی ۱۰۳طبع نولکشور) چونکہ حجت خدا اس وقت امام مہدی کے سوا کوئی نہ تھا اورانھےں دشمن قتل کردےنے پرتلے ہوئے تھے اس لئے انھےں محفوظ ومستورکردیاگیا ۔حدےث میں ہے کہ حجت خدا کی وجہ سے بارش ہوتی ہے اورانھےں کے ذرےعہ سے روزی تقسےم کی جاتی ہے (بحار)۔

۴) یہ مسلم ہے کہ حضرت امام مہدی جملہ انبیاء کے مظہرتھے اس لئے ضرورت تھی کہ انھےں کی طرح ان کی غیبت بھی ہوتی یعنی جس طرح بادشاہ وقت کے مظالم کی وجہ سے حضرت نوح ،حضرت ابراہےم ،حضرت موسی ،حضرت عیسی اورحضرت محمدمصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنے عہدحیات میں مناسب مدت تک غائب رہ چکے تھے اسی طرح یہ بھی غائب رہتے ۔

۵) قیامت کاآنا مسلم ہے اورواقعہ قیامت میں امام مہدی کا ذکربتاتاہے کہ آپ کی غیبت مصلحت خداوندی کی بناء پرہوئی ہے ۔

۶) سور ہ اناانزلنا سے معلوم ہوتاہے کہ نزول ملائکہ شب قدرمیں ہوتا رہتاہے یہ ظاہرہے کہ نزول ملائکہ انبیاء واوصیاء ہی پرہوا کرتاہے ۔امام مہدی کواس لئے موجود اورباقی رکھا گیاہے تاکہ نزول ملائکہ کی مرکزی غرض پوری ہوسکے ،اورشب قدرمیں انھےںپرنزول ملائکہ ہوسکے حدےث میں ہے کہ شب قدرمیں سال بھرکی روزی وغےرہ امام مہدی تک پہونچادی جاتی ہے اوروہی اس تقسےم کرتے رہتے ہیں ۔

۷) حکےم کافعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا یہ دوسری بات ہے کے عام لوگ اس حکمت ومصلحت سے واقف نہ ہوں غیبت امام مہدی اسی طرح مصلحت وحکمت خداوندی کی بناپرعمل میں آئی ہے جس طرح طواف کعبہ ،رمی جمرہ وغےرہ ہے جس کی اصل مصلحت خداوندعالم ہی کومعلوم ہے ۔

۸) امام جعفرصادق علیہ السلام کافرماناہے کہ امام مہدی کواس لئے غائب کیاجائے گا تاکہ خداوندعالم اپنی ساری مخلوق کا امتحان کرکے یہ جانچے کہ نےک بندے کون ہیں اورباطل پرست کون لوگ ہیں (اکمال الدےن)۔

۹) چونکہ آپ کواپنی جان کاخوف تھا اوریہ طے شدہ ہے کہ " من خاف علی نفسہ احتاج الی الاستتار" کہ جسے اپنے نفس اوراپنی جان کاخوف ہو وہ پوشےدہ ہونے کولازمی جانتاہے (المرتضی)۔

0) آپ کی غیبت اس لئے واقع ہوئی ہے کہ خداوندعالم ایک وقت معےن میں آل محمد پرجومظالم کےے گئے ہیں ۔ ان کابدلہ امام مہدی کے ذرےعہ سے لے گا یعنی آپ عہد اول سے لے کربنی امیہ اوربنی عباس کے ظالموں سے مکمل بدلہ لےں گے ۔ (اکمال الدےن)۔

Presented by www.ziaraat.com

غیبت امام مہدی پر علماٗ اہل سنت کااجماع :

جمہور علماٗ اسلام امام مہدی کے وجودکوتسلےم کرتے ہیں ، اس میں شےعہ اورسنی کاسوال نہیں ۔ ہرفرقہ کے علماء یہ مانتے ہیںکہ آپ پےدا ہوچکے ہیں اورموجودہیں ۔ہم علماء اہل سنت کے اسماء مع ان کی کتابوں اورمختصراقوال کے درج کرتے ہیں :

(۱)۔ علامہ محمدبن طلحہ ٗشافعی کتاب مطالب السوال میں فرماتے ہیں کہ امام مہدی سامرہ میں پےداہوئے ہیں جوبغداد سے ۲۰ فرسخ کے فاصلہ پرہے۔

(۲)۔ علامہ علی بن محمدصباغ مالکی کی کتاب فصول المہمہ میں لکھتے ہیں کہ امام حسن عسکری گیارہوےں امام نے اپنے بےٹے امام مہدی کی ولادت بادشاہ وقت کے خوف سے پرشےدہ رکھی ۔

(۳)۔علامہ شیخ عبداللہ بن احمد خشاب کی کتاب تاریخ موالےد میں ہے کہ امام مہدی کانام محمد اورکنےت ابوالقاسم ہے ۔آپ آخری زمانہ میں ظہوروخروج کریں گے ۔

(۴)۔ علامہ محی الدےن ابن عربی حنبلی کی کتاب فتوحات مکہ میں ہے کہ جب دنیا ظلو وجورسے بھرجائے گی توامام مہدی ظہورکریں گے۔

(۵) ۔علامہ شیخ عبدالوہاب شعرانی کی کتاب الےواقےت والجواہرمیں ہے کہ امام مہدی ۱۵ شعبان ۲۵۵ ہجری میں پےداہوئے اب اس وقت یعنی ۹۵۸ہجری میں ان کی عمر ۷۰۶ سال کی ہے ،یہی مضمون علامہ بدخشانی کی کتاب مفتاح النجاۃ میں بھی ہے ۔

(۶)۔ علامہ عبدالرحمن جامی حنفی کی کتاب شواہدالنبوت میں ہے کہ امام مہدی سامرہ میں پےداہوئے ہیں اوران کی ولادت پوشےدہ رکھی گئی ہے وہ امام حسن عسکری کی موجودگی میں غائب ہوگئے تھے ۔اسی کتاب میں ولادت کاپوراواقعہ حکےمہ خاتون کی زبانی مندرج ہے ۔

(۷) ۔ علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی کتاب مناقب الائمہ ہے کہ امام مہدی ۱۵ شعبان ۲۵۵ میں پےداہوئے ہیں امام حسن عسکری نے ان کے اذان واقامت کہی ہے اورتھوڑے عرصہ کے بعد آپ نے فرمایا کہ وہ اس مالک کے سپردہوگئے جن کے پاس حضرت موسی بچپنے میںتھے۔

(۸) ۔ علامہ جمال الدےن محدث کی کتاب روضۃالاحباب میں ہے کہ امام مہدی ۱۵ شعبان ۲۵۵ میں پےداہوئے اورزمانہ معتمد عباسی میں بمقام ”سرمن رائے“ ازنظربرایاغائب شد لوگوں کی نظرسے سرداب میں غائب ہوگئے ۔

(۹)۔ علامہ عبدالرحمن صوفی کی کتاب مراٗۃالاسرارمیں ہے کہ آپ بطن نرجس سے ۱۵ شعبان ۲۵۵ میں پےداہوئے ۔

(۱۰) ۔ علامہ شہاب الدےن دولت آبادی صاحب تفسیربحرمواج کی کتاب ہداےۃ السعداء میں ہے کہ خلافت رسول حضرت علی کے واسطہ سے امام مہدی تک پہونچی آپ ہی آخری امام ہیں ۔

(۱۱) ۔ علامہ نصربن علی جہمنی کی کتاب موالےدالائمہ میں ہے کہ امام مہدی نرجس خاتون کے بطن سے پےداہوئے ۔

Presented by www.ziaraat.com

(۱۲) ۔ علامہ ملا علی قاری کی کتاب مرقات شرح مشکوۃ میں ہے کہ امام مہدی باہوےں امام ہیں شےعوں کایہ کہناغلط ہے کہ اہل سنب اہل بےت کے دشمن ہےں۔

(۱۳) ۔ علامہ جواد ساباطی کی کتاب براہےن ساباطیہ میں ہے کہ امام مہدی اولادفاطمہ میں سے ہیں ، وہ بقولے ۲۵۵ میں متولد ہوکرایک عرصہ کے بعد غائب ہوگئے ہیں ۔

(۱۴) ۔ علامہ شیخ حسن عراقی کی تعرےف کتاب الواقع میں ہے کہ انھوں‌نے امام مہدی سے ملاقات کی ہے ۔

(۱۵)۔ علامہ علی خواص جن کے متعلق شعرانی نے الےواقےت میں لکھا ہے کہ انھوں‌نے امام مہدی سے ملاقات کی ہے ۔

(۱۶)۔ علامہ شیخ سعدالدےن کاکہناہے کہ امام مہدی پےداہوکرغائب ہوگئے ہیں ”دورآخرزمانہ آشکارگردد“ اوروہ آخرزمانہ میں ظاہرہوں گے ۔جےساکہ کتاب مقصداقصی میں لکھا ہے ۔

(۱۷)۔ علامہ علی اکبرابن اسعداللہ کی کتاب مکاشفات میں ہے کہ آپ پےداہوکرقطب ہوگئے ہیں ۔

(۱۸)۔ علامہ احمدبلاذری احادےث لکھتے ہیں کہ آپ پےداہوکرمحجوب ہوگئے ہیں ۔

(۱۹)۔ علامہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے رسالہ نوارد میں ہے، محمد بن حسن(المہدی) کے بارے میں شےعوں کاکہنا درست ہے ۔

(۲۰) ۔ علامہ شمس الدےن جزری نے بحوالہ مسلسلات بلاذری اعتراف کیاہے ۔

(۲۱) ۔علامہ علاٗالدولہ احمدمنانی صاحب تاریخ خمےس دراحوالی النفس نفےس اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ امام مہدی غیبت کے بعد ابدال پھرقطب ہوگئے۔

علامہ نوراللہ بحوالہ کتاببیان الاحسان لکھتے ہیں کہ امام مہدی تکمیل صفات کے لئے غائب ہوئے ہیں

۲۴ علامہ ذہبی اپنی تاریخ اسلام میں لکھتے ہیں کہ امام مہدی ۲۵۶ میں پےداہوکرمعدوم ہوگئے ہیں

۲۵ علامہ ابن حجرمکی کی کتاب صواعق محرقہ میں ہے کہ امام مہدی المنتظرپےداہوکرسرداب میں غائب ہوگئے ہیں ۔

۲۶ علامہ عصرکی کتاب وفیات الا عیان کی جلد۲ ص۴۵۱میں ہے کہ امام مہدی کی عمرامام حسن عسکری کی وفات کے وقت ۵سال تھی وہ سرداب میں غائب ہوکرپھرواپس نہیں ہوے ۔

۲۷ علامہ سبط ابن جوزی کی کتاب تذکرۃالخواص الامہ کے ص ۲۰۴ میں‌ہے کہ آپ کالقب القائم ، المنتظر،الباقی ہے ۔

۲۸ علامہ عبےداللہ امرتسری کی کتاب ارجح المطالب کے ص ۳۷۷ میں بحوالہ کتاب البیان فی اخبارصاحب الزمان مرقوم ہے کہ آپ اسی طرح زندہ باقی ہیں جس طرح عیسی ، خضر، الیاس وغےرہ ہم زندہ اورباقی ہیں ۔

۲۹ علامہ شیخ سلےمان تمندوزی نے کتاب ےنابع المودۃ ص ۳۹۳میں

Presented by www.ziaraat.com

۳۰ علامہ ابن خشاب نے کتاب موالےدابل بےت میں

۳۱علامہ شبلنجی نے نورالابصارکے ص۱۵۲ طبع مصر ۱۲۲۲میںبحوالہ کتاب البیان لکھا ہے کہ امام مہدی غائب ہونے کے بعد اب تک زندہ اورباقی ہیں اوران کے وجود کے باقی ،اورزندہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے وہ اسی طرح زندہ اورباقی ہیں جس طرح حضرت عیسی ،حضرت خضراورحضرت الیاس وغےرہم زندہ اورباقی ہیں ان اللہ والوں کے علاوہ دجال ،ابلےس بھی زندہ ہیں جےسا کہ قرآن مجید صحیح مسلم ،تاریخ طبری وغےرہ سے ثابت ہے لہذا ”لاامتناع فی بقائہ“ان کے باقی اورزندہ ہونے میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے علامہ چلپی کتاب کشف الظنون کے ص۲۰۸ میں لکھتے ہیں کہ کتاب البیان فی اخبارصاحب الزمان ابوعبداللہ محمد بن ےوسف کنجی شافعی کی تصنےف ہے ۔ (علامہ فاضل روزبہان کی ابطال الباطل میں ہے کہ امام مہدی قائم ومنتظرہیں وہ آفتاب کی مانند ظاہرہوکردنیاکی تارےکی ،کفرزائل کردے گے ۔

۳۱ علامہ علی متقی کی کتاب کنزالعمال کی جلد۷ کے ص۱۱۴ میں ہے کہ آپ غائب ہیں ظہورکرکے ۹سال حکزمت کریں گے ۔

۳۲علامہ جلال الدےن سیوطی کی کتاب درمنشورجلد۳ص ۲۳میں ہے کہ امام مہدی کے ظہورکے بعد عیسی نازل ہوںگے وغےرہ۔

امام مہدی کی غیبت اورآپ کاوجود وظہورقرآن مجیدکی روشنی میں :

حضرت امام مہدی علیہ السلام کی غیبت اورآپ کے موجودہونے اورآپ کے طول عمرنےزآپ کے ظہوروشہود اورظہورکے بعد سارے دےن کوایک کردےنے کے متعلق ۹۴ آیتےں قرآن مجید میں موجود ہیں جن میں سے اکثردونوں فرےق نے تسلےم کیاہے ۔اسی طرح بے شمارخصوصی احادےث بھی ہیںتفصےل کے لئے ملاحظہ ہو غایۃ المقصود وغایۃالمرام علامہ ہاشم بحرانی اورےنابع المودۃ ،میں اس مقام پرصرف دوتین آیتےں لکھتاہوں:

۱)آپ کی غیبت کے متعلق : آلم ذلک الکتاب لارےب فیہ ھدی للمتقےن الذےن ےومنون بالغےب ہے حضرت محمدمصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیںکہ اےمان بالغےب سے امام مہدی کی غیبت مراد ہے ۔نےک بخت ہیں وہ لوگ جوان کی غیبت پرصبرکریں گے اورمبارک باد کے قابل ہیں ۔ وہ سمجھدار لوگ جوغیبت میں بھی ان کی محبت پرقائم رہیں گے (ےنابع المودۃ ص۳۷۰طبع بمےئی)۔

۲)آپ کے موجود اورباقی ہونے کے متعلق ”جعلھا کلمۃباقےۃ فی عقبہ “ ہے ابراھےم کی نسل میں کلمہ باقیہ کوقراردیاہے جوباقی اورزندہ رہے گا اس کلمہ باقیہ سے امام مہدی کاباقی رہنا مراد ہے اوروہی آل محمد میں باقی ہیں ۔(تفسیرحسینی علامہ حسین واعظ کاشفی ص۲۲۶) ۔

0) آپ کے ظہوراورغلبہ کے متعلق ”ےظہرہ علی الدےن کلہ “ جب امام مہدی بحکم خداظہورفرمائےں گے توتمام دےنوں پرغلبہ حاصل کرلےں گے یعنی دنیا میں سوا ایک دےن ا سلام کے کوئی اوردےن نہ ہوگا ۔(نورالابصارص۱۵۳ طبع مصر)۔

Presented by www.ziaraat.com

غیبت امام مہدی جفرجامعہ کی روشنی میں :

علامہ شیخ قندوزی بلخی حنفی رقمطرازہیں کے سدےرصےرفی کابیان ہے کہ ہم اورمفضل بن عمر،ابوبصےر،ابان بن تغلب ایک دن صادق آل محمد کی خدمت میں حاضرہوئے تودےکھا کہ آپ زمین پربےٹھے ہوئے رورہے ہیں ، اورکہتے ہیں کہ " اے محمد!تمہاری غیبت کی خبرنے مےرا دل بے چےن کردیاہے " میں نے عرض کی حضورخدا آپ کی آنکھوں کوبھی نہ رلائے بات کیا ہے کس لئے حضورگریہ کناںہیں فرمایا ۔ ا ے سدےر!میں نے آج کتاب "جعفرجامع" میں بوقت صبح امام مہدی کی غیبت کا مطالعہ کیاہے ،اے سدےر!یہ وہ کتاب ہے جس میں "علم ماکان ومایکون" کااندراج ہے اورجوکچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب اس میں لکھا ہواہے اے سدےر! میں نے اس کتاب میں یہ دےکھا ہے کہ ہماری نسل سے امام مہدی ہوں گے ۔ پھروہ غائب ہوجائیں گے اور ان کی غیبت نےزعمر بہت طویل ہوگی ان کی غیبت کے زمانہ میں مومنین مصائب میں مبتلا ہوںگے اور ان کے امتحانات ہوتے رہیں گے اورغیبت میں تاخےرکی وجہ سے ان کے دلوں میں شکوک پےداہوتے ہوں گے پھرفرمایا : اے سدےرسنو! ان کی ولادت حضرت موسی کی طرح ہوگی اوران غیبت عیسی کی مانندہوگی اوران کے ظہورکا حال حضرت نوح کے مانند ہوگا اوران کی عمرحضرت خضرکی عمرجےسی ہوگی (ےنابع المودۃ) اس حدےث کی مختصرشرح یہ ہے کہ :

۱) تاریخ میں ہے کہ جب فرعون کومعلوم ہوا کہ مےری سلطنت کا زوال ایک مولود بنی اسرائےل کے ذرےعہ ہوگا تواس نے حکم جاری کردیا کہ ملک میں کوئی عورت حاملہ نہ رہنے پائے اورکوئی بچہ باقی نہ رکھا جائے چنانچہ اسی سلسلہ میں ۴۰ ہزاربچے ضائع کئے گئے لےکن نے خدا حضرت موسی کوفرعون کی تمام ترکےبوں کے باوجود پےداکیا،باقی رکھا اورانھےں کے ہاتھوں سے اس کی سلطنت کاتختہ الٹوایا ۔ اسی طرح امام مہدی کے لئے ہوا کہ تمام بنی امیہ اوربنی عباسیہ کی سعی بلےغ کے باوجود آپ بطن نرجس خاتون سے پےداہوئے اورکوئی آپ کودےکھ تک نہ سکا.

۲) حضرت عیسی کے بارے میں تمام یہودی اورنصرانی متفق ہیں کہ آپ کو سولی دےد ی گئی اور آپ قتل کئے جاچکے ،لےکن خدا وندعالم نے اس کی ردفرمادی اورکہ دیا کہ وہ نہ قتل ہوئے ہیں اورنہ ان کوسولی دی گئی ہے یعنی خداوندعالم نے اپنے پاس بلالیاہے اوروہ آسمان پرامن وامان خدا میں ہیں ۔اسی طرح حضرت امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں بھی لوگوں کایہ کہنا ہے کہ پےداہی نہیں ہوئے حالانکہ وہ پےداہوکر حضرت عیسی کی طرح غائب ہوچکے ہیں ۔

۳حضرت نوح نے لوگوں کی نافرمانی سے عاجزآکرخداکے عذاب کے نزول کی درخواست کی خداوند عالم نے فرمایا کہ پہلے ایک درخت لگاؤوہ پھل لائے گاتب عذاب کروںگا اسی طرح نوح نے سات مرتبہ کیا بالاخراس تاخےرکی وجہ سے آپ کے تمام دوست وموالی اورا ےمان دار کافرہوگئے اورصرف سترمومن رہ گئے ۔ اسی طرح غیبت امام مہدی اورتاخےرظہورکی وجہ سے ہورہا ہے ۔ لوگ فرامےن پےغمبراور آئمہ علیہم السلام کی تکذےب کررہے ہیں اورعوام مسلم بلاوجہ اعتراضات کرکے اپنی عاقبت خراب کررہے ہیں اورشاےد اسی وجہ سے مشہور ہے کہ جب دنیا میں چالےس مومن کامل رہ جائیں گے تب آپ کا ظہورہوگا ۔

٥) حضرت خضرجوزندہ اورباقی ہیں اورقیامت تک موجود رہیں گے اورجب کہ حضرت خضرکے زندہ اورباقی رہنے میں مسلمانوں کوکوئی اختلاف نہیں ہے حضرت امام مہدی کے زندہ اورباقی رہنے میں بھی کوئی اختلاف کی وجہ نہیں ہے ۔

1)

Presented by www.ziaraat.com

حضرت امام مہدی علیہ السلام کی غیبت اوراس کی ضرورت :

بادشاہ وقت خلےفہ معتمدبن متوکل عباسی جواپنے آباؤاجداد کی طرح ظلم وستم کاخوگراورآل محمد کاجانی دشمن تھا ۔ اس کے کانوں میں مہدی کی ولادت کی بھنک پڑچکی تھی ۔ اس نے حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت کے بعد تکفےن وتدفےن سے پہلے بقول علامہ مجلسی حضرت کے گھرپرپولےس کاچھاپہ ڈلوایااورچاہاکہ امام مہدی علیہ السلام کو گرفتارکرالے لےکن چونکہ وہ بحکم خدا۲۳ رمضان المبارک ۲۵۹ہجری کوسرداب میں جاکرغائب ہوچکے تھے۔ جےسا کہ شواہدالنبوت ،نورالابصار،دمعۃ ساکبہ ،روضۃ الشہداٴ ،مناقب الا ئمہ ،انوارالحسینیہ وغےرہ سے مستفاد ومستنبط ہوتاہے ۔ اس لئے وہ اسے دستیاب نہ ہوسکے ۔اس نے اس کے رد عمل میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی تمام بےبےوں کوگرفتارکرالیا اورحکم دیا کہ اس امرکی تحقےق کی جائے کہ آیاکوئی ان میں سے حاملہ تونہیں ہے اگرکوئی حاملہ ہو تواس کاحمل ضائع کردیاجائے ،کےونکہ وہ حضرت سرورکائنات صلعم کی پےشےن گوئی سے خائف تھا کہ آخری زمانہ میں مےرا ایک فرزند جس کانام مہدی ہوگا ۔ کائنات عالم کے انقلاب کا ضامن ہوگا ۔ اوراسے یہ معلوم تھا کہ وہ فرزند امام حسن عسکر ی علیہ السلام کی اولاد سے ہوگا لہذا اس نے آپ کی تلاش اورآپ کے قتل کی پوری کوشش کی ۔تاریخ اسلام جلد ۱ ص ۳۱میں ہے کہ ۲۶۰ میں امام حسن عسکری کی شہادت کے بعد جب معتمد خلےفہٴ عباسی نے آپ کے قتل کرنے کے لئے آدمی بھےجے توآپ سرداب (۱) ” سرمن رائے “میں غائب ہوگئے بعض اکابرعلماٴ اہل سنت بھی اس امرمیں شےعوں کے ہم زبان ہیں ۔ چنانچہ ملاجامی نے شواہدالنبوت میں امام عبدالوہاب شعرانی نے لواقع الانواروالےواقےت والجواہرمیں اورشیخ احمدمحی الدےن ابن عربی نے فتوحات مکہ میں اورخواجہ پارسانے فصل الخطاب میں اورعبدالحق محدث دہلوی نے رسالہٴ ا ئمہ طاہرین میں اورجمال الدےن محدث نے روضۃالاحباب میں ،اورابوعبداللہ شامی صاحب کفاےۃالطالب نے کتاب التبیان فی اخبارصاحب الزمان میں اورسبط ابن جوزی نے تذکرۃ خواص الامۃ میں اورابن صباغ نورالدےن علی مالکی نے فصول المہمہ میں اورکمال الدےن ابن طلحہ شافعی نے مطالب السؤل میں اورشاہ ولی اللہ نے فضل المبےن میں اورشیخ سلےمان حنفی نے ےنابع المودۃ میں اوربعض دیگرعلماٴ نے بھی اےساہی لکھا ہے اورجولوگ ان حضرت کے طول عمرمیں تعجب کرکب انکارکرتے ہیں ۔ ان کویہ جواب دےتے ہیں کہ خدا کی قدرت سے کچھ بعےدنہیں ہے جس نے آدم کوبغیرماں باپ کے اورعیسی کوبغیرباپ کے پےداکیا ،تمام اہل اسلام نے حضرت خضرکواب تک زندہ ماناہوا ہے ،ادرےس بہشت میں اورحضرت عیسی آسمان پراب تک زندہ مانے جاتے ہیں اگرخدائے تعالی نے آل محمد میں سے ایک شخص کوعمرعنایت کیاتوتعجب کیاہے ؟حالانکہ اہل اسلام کودجال کے موجود ہونے اورقرےب قیامت ظہورکرنے سے بھی انکارنہیں ہے ۔

(۱) یہ سرداب ،مقام ”سرمن رائے“ میں واقع ہے جسے اصل میں سامراٴکہتے ہیں

سامراٴکی آبادی بہت ہی قدےمی ہے اوردنیاکے قدےم ترین شہروں میں سے ایک ہے ، اس سام بن نوح نے آبادکیاتھا (معجم البلدان) اس کی اصل سام راہ تھی بعدمیں سامراٴہوگیا ، آب وہواکی عمدگی کی وجہ سے خلےفہ معتصم نے فوجی کےمپ بناکرآبادکیاتھا اوراسی کو دارالسلطنت بھی بنادیاتھا ، اس کی آبادی ۸فرسخ لمبی تھی ، اسے اس نے نہآیت خوبصورت شہربنادیاتھا ۔ ا سی لئے اس کانام سرمن رائے رکھ دیاتھا یعنی وہ شہرجسے جوبھی دےکھے خوش ہوجائے ،عسکری اسی کاایک محلہ ہے جس میں امام علی نقی علیہ السلام نظربندتھے بعد میں انھوں نے دلےل بن ےعقوب نصرانی سے ایک مکان خرےدلیاتھا جس میں اب بھی آپ کامزارمقدس واقع ہے ۔

سامراٴمیں ہمےشہ غےرشےعہ آبادی رہی ہے اس لئے اب تک وہاں شےعہ آباد نہیں ہیں وہاں کے جملہ خدام بھی غےرشےعہ ہیں ۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت حجت علیہ السلام کے غائب ہونے کاسرداب وہیں ایک مسجدکے کنارے واقع ہے جوکہ حضرت امام علی نقی اورحضرت امام حسن عسکری کے مزاراقدس کے قریب ہے ۱۲منہ۔

کتاب شواہدالنبوت کے ص۶۸ میں ہے کہ خاندان نبوت کے گیارہویں امام حسن عسکری ۲۶۰ میں زہرسے شہیدکردیئے گئے تھے ان کی وفات پران کے صاحبزادے محمد ملقب بہ مہدی شیعوں کے آخری امام ہوئے۔مولوی امیرعلی لکھتے ہیں کہ خاندان رسالت کے ان اماموں کے حالات نہایت دردناک ہیں ۔ ظالم متوکل نے حضرت امام حسن عسکری کے والدماجد امام علی نقی کومدینہ سے سامرہ پکڑبلایاتھا ۔اوروہاں ان کی وفات تک ان کونظربندرکھا تھا ۔ (پھرزہرسے ہلاک کردیاتھا) اسی طرح متوکل کے جانشینوں نے بدگمانی اورحسدکے مارے حضرت امام حسن عسکری کوقیدرکھاتھا ،ان کے کمسن صاحبزادے محمدالمہدی جن کی عمراپنے والدکی وفات کے وقت پانچ سال کی تھی ۔ خوف کے مارے اپنے گھرکے قریب ہی ایک غارمیں چھپ گئے اورغائب ہوگئے ۔الخ ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے کہ جس غارمیں امام مہدی کی غیبت بتائی جاتی ہے ۔ اسے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ۔(نورالابصارجلد۱ص ۱۵۲) علامہ ابن حجرمکی کاارشادہے، کہ امام مہدی سرداب میں غائب ہوے ہیں ۔" فلم یعرف این ذھب " پھرمعلوم نہیں کہاں تشریف لے گئے۔ (صواعق محرقہ ص۱۲۴)۔

امام مہدی اورحج کعبہ

یہ مسلمات میں‌سے ہے کہ حضرت امام مہدی علیہ السلام ہرسال حج کعبہ کے لئے مکہ معظمہ اسی طرح تشریف لے جاتے ہیں جس طرح حضرت خضروالیاس جاتے ہیں (سراج القلوب ۷۷) علی احمد کوفی کابیان ہے کہ میں طواف کعبہ میں مصروف ومشغول تھا کہ میری نظرایک نہایت خوبصورت نوجوان پرپڑی ،میں نے پوچھا آپ کون ہیں ؟ اورکہاں‌سے تشریف لائے ہیں ؟ آپ نے فرمایا "انا المھدی وانا القائم۔" میں مہدی آخرالزماں اورقائم آل محمد ہوں ۔ غانم ہندی کابیان ہے کہ میں امام مہدی کی تلاش میں ایک مرتبہ بغداد گیا،ایک پل سے گزرتے ہوئے مجھے ایک صاحب ملے اور وہ مجھے ایک باغ میں لے گئے اورانھوں‌نے مجھ سے ہندی زبان میں کلام کیا اورفرمایاکہ تم امسال حج کے لئے نہ جاؤ،ورنہ نقصان پہونچے گا محمد بن شاذان کاکہنا ہے کہ میں ایک دفعہ مدینہ میں داخل ہوا توحضرت امام مہدی علیہ السلام سے ملاقات ہوئی ،انھوں نے میراپورانام لے کرمجھے پکارا ،چونکہ میرے پورے نام سے کوئی واقف نہ تھا اس لئے مجھے تعجب ہوا۔ میں نے پوچھا آپ کون ہیں ؟فرمایا میں امام زمانہ ہوں ۔ علامہ شیخ سلیمان قندوزی بلخی تحریرفرماتے ہیں کہ عبداللہ بن صالح نے کہا کہ میں نے غیبت کبری کے بعد امام مہدی علیہ السلام کوحجراسود کے نزدیک اس حال میں کھڑے ہوئے دیکھاکہ انھیں لوگ چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں ۔ (ینابع المودۃ)۔

غیبت کبری میں امام مہدی کامرکزی مقام:

امام مہدی علیہ السلام چونکہ اسی طرح زندہ اورباقی ہیں جس طرح حضرت عیسی ،حضرت ادریس ،حضرت خضر،حضرت الیاس ۔ نیز دجال بطال ، یاجوج ماجوج اورابلیس لعین زندہ اورباقی ہیں اوران سب کامرکزی مقام موجود ہے ۔ جہاں یہ رہتے ہیں مثلا حضرت عیسی چوتھے آسمان پر(قرآن مجید) حضرت ادریس جنت میں (قرآن مجید) حضرت خضراورالیاس ،مجمع البحرین یعنی دریائے فارس وروم کے درمیان پانی کے قصرمیں (عجائب القصص علامہ عبدالواحد ص ۱۷۶) اوردجال بطال طبرستان کے جزیرہ مغرب میں (کتاب غایۃ المقصود جلد۱ ص ۱۰۲) اوریاجوج ماجوج بحیرہ ٔ روم کے عقب میں دوپہاڑوں کے درمیان (کتاب غایۃ المقصود جلد۲ص ۴۷) اورابلیس لعین ،استعمارارضی کے وقت والے پایہ ٔ تخت ملتان میں(کتاب ارشادالطالبین علامہ اخوند درویزہ ص۲۴۳) تو لامحالہ حضرت امام مہدی علیہ السلام کابھی

Presented by www.ziaraat.com

کوئی مرکزی مقام ہوناضروری ہے جہاں آپ تشریف فرماہوں اوروہاں سے ساری کائنات میں اپنے فرائض انجام دےتے ہوں اسی لئے کہاجاتاہے کہ زمانہ غیبت میں حضرت امام مہدی علیہ السلام (جزیرہ خضراٴاوربحرابےض) میں اپنی اولاد اپنے اصحاب سمےت قیام فرماہیں اوروہیں سے باعجازتمام کام کیاکرتے اورہرجگہ پہنچاکرتے ہیں ،یہ جزیرہ خضراٴ سرزمین ولایت بربرمیں درمیان دریائے اندلس واقع ہے یہ جزیرہ معموروآبادہے ، اس دریاکے ساحل میں ایک موضع بھی ہے جوبشکل جزیرہ ہے اسے اندلس والے (جزیرہ رفضہ) کہتے ہیں ،کےونکہ اس میں ساری آبادی شےعوں کی ہے اس تمام آبادی کی خوراک وغےرہ جزیرہ خضراسے براہ بحرابےض سال میں دوبار ارسال کی جاتی ہے ۔ملاحظہ ہو(تاریخ جہاں آرا۔ ریاض العماء ،کفاےۃ المہدی ،کشف القناع ، ریاض المومنین ،غایۃ المقصود ،رسالہ جزیرہ خضراء وبحرابےض اورمجالس المومنین علامہ نوراللہ شوشتری وبحارالانوار،علامہ مجلسی کتاب روضۃ الشہداء علامہ حسین واعظ کاشفی ص۴۳۹ میں امام مہدی کے اقصائے بلاد مغرب میں ہونے اوران کے شہروں پرتصرف رکھنے اورصاحب اولادوغےرہ ہونے کاحوالہ ہے ۔ امام شبلنجی علامہ عبدالمومن نے بھی اپنی کتاب نورالابصارکے ص ۱۵۲ میں اس کی طرف بحوالہ کتاب جامع الفنون اشارہ کیاہے ، غیاث اللغاث کے ص ۷۲ میں ہے کہ یہ وہ دریاہے جس کے جانب مشرق چےن ،جانب غربی ےمن ، جانب شمالی ہند، جانب جنوبی دریائے محےط واقع ہے ۔ اس بحرابےض واخضرکاطول ۲ہزارفرسخ اورعرض پانچ سوفرسخ ہے اس میں‌بہت سے جزےزے آباد ہیں جن میں ایک سراندےب بھی ہے اس کتاب کے ص ۲۹۵ میں ہے کہ ”صاحب الزمان“ حضرت امام مہدی علیہ السلام کالقب ہے علامہ طبرسی لکھتے ہیں کہ آپ جس مکان میں رہتے ہیں اسے ”بےت الحمد“ کہتے ہیں ۔ (اعلام الوری ص۲۶۳) ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت حجت علیہ السلام کامسکن

ابتدامیں حضرت کامقام سامرہ کامکان تھا لےکن جس وقت حضرت کے تجسس میں حکومت کی طرف سے خانہ تلاشی کاحکم ہواتوآنے والے آئے ۔ سرداب میں تشرےف رکھتے تھے (جس کوتہ خانہ کہاجاتاہے)وہاں سے اعجازی شان کے ساتھ حضرت ان لوگوں کی نظروں سے غائب ہوگئے ۔اس احترام کی نظرسے زائرےن سرداب مقدس میں خداوندعالم سے دعائےں کرتے ہیں ،زےارتےں پڑھتے ہیں اورجن مقامات مخصوصہ پرغیبت صغری میں حضرت کاقےام رہاہے ،اس زمانہ کی قےام گاہ کوناحیہ مقدسہ کہاجاتاہے جس سے نائبےن ووکلاء مطلع رہتے اوروہاں حاضرخدمت ہوتے تھے ۔ اس کے بعد جب غیبت کبری ہوگئی توحضرت کی جائے قےام بھی سب پرمخفی ہے۔

حضرت کے اذکارمیں جن جگہوں کانام آئے ہیں‌مثلاکرعسرےاذی طوی ےاکوئی جنگل ےابہت سے شہروں کاکوئی جزیرہ ےاجزیرہ خضراوغےرہ یہ سب کے سب اس زمانہ میں حضرت کے مقامات رہائش نہیں ہیں‌بلکہ کسی کاتعلق قرب ظہورکے وقت سے ہے ۔کوئی مقام وقت ذوج سے متعلق ہے ۔کوئی صرف وقتی زےارت کامقام تھا ۔ کوئی منزل سفرہے کوئی منزل حضر ہے کسی میں حضرت کے فرزندوں کاذکرملتا ہے پھریہ بھی لازم نہیں ہے کہ اگرکئی نام ہوں تونام والے بھی کئی ہوں بلکہ اےسا ہوتاہے کہ چیز ایک ہوتی ہے مگراس کے نام متعدد ہوتے ہیں ۔ان مقامات کے بےانات میں کوئی اختلافی صورت نہیں ہے اوران کوکہیں حضرت کی جائے سکونت اس وقت کے لئے نہیں کہاگیا۔

Presented by www.ziaraat.com

جزیرہ خضری جس کاروایات میں ذکرہے ،اس کاپتہ نہ لگناکوئی غےرمعقول بات نہیں ہے۔ آج وہ دنےاوالے جن کاےورپ کے محققےن کی تحقےقات پراےمان ہے ،جن کی دماغی کوششوں کاکلمہ پڑھاجاتاہے جن کی معلومات پریہ لوگ فرےفتہ اوران کی مادی قوت وطاقت سے اےسے مرعوب ہیں کہ علمی مےدان میں ان کے سامنے سپرانداختہ ہوچکے ہیں ۔

اگران لوگوںکاخداپراےمان ہے توذرادےکھےں کہ جزیرہ گرےن لےنڈجس کاشمالی حصہ قطب شمالی سے قرےب ہے اس میںداخل ہونے سے،وہاں پہنچے سے عاجزوقاصرہیں ۔قابل حےرت سا زوسامان والے بڑے بڑے مدبرےن کے قدم پےچھے ہٹے ہوئے ہیں ۔برف کے درےا کوعبورنہیں کرسکتے ،وہاں جاکرکوئی زندہ نہیں آسکتاسےنکڑوں مےل تک کوئی انسان وحےوان نظرنہیں آتایہ ساررقبہ میں ڈھکارہتاہے ۔صحےح طورپر اندرونی حالات کی آج تک خبرنہیں حالانکہ ایک خاص قسم کی روشنی کبھی کبھی دکھائی دے جاتی ہے مگرسردی کی شدت ،برف باری کی کثرت کچھ نہیں ہونے دےتی اوربروبحرپراقتداروالے اہل مملکت یہاںمجبوروناچارہیں اوران کے لئے بھی اس موقع پرقدرتی اسباب کاسمندرحائل ہورہاہے پھرکون سے تعجب کی بات ہے اگرعالم کے اندر گرےن لےنڈسے بالاترقدرتی پردوں میں زمےن کااےساحصہ بھی ہو جس کے حالات دنےا سے بالکل پوشےدہ ہوں اورخدا وندعالم نے اس مقام کوسمندرکے قلعہ میں اےسا محفوظ رکھا ہو جس کااحساس ان دوربےن نظروں کی قوت سے بھی باہرہواورجہاںتک کہ رسائی کے لئے ہوائی وبرقی جملہ آلات بھی ناکام رہیں ۔

گرےن لےنڈ کاترجمہ اردومیں ”سبززمےن “ہے ۔ جہاں برف کا سفےددرےاہے اوریہی معنی جزیرہ خضراکے ہیں ،ےعنی سبزجزیرہ ۔ اس سبزجزیرہ کوحضرت کے صاحبزادوں کی حکومت کامقام کہاگےاہے ۔اس کاتعلق بھی بحرابےض ےعنی سفےددرےاسے ہے۔

جزیرہ خضراکانام حضرت کے متعلقےن ومومنےن ومخلصےن کی آبادی کے سلسہ میں مبہم طرےقہ پربتاےاگےاہے ۔یہی فلسفہ غیبت کا مقتضی تھا تاکہ مقام کاذکر بھی ہوجائے اورپردہ بھی رہے دوستوں کے دل روشن ہوں اوراس ابہام سے دشمن حےران رہیں اوران کوخضراکے سبزے ےاابےض کی سفےدی کے سواکچھ معلوم نہ ہوسکے کہ وہاں کتنے صحرا ہیں ، کتنے درےاہیں ،کتنے پہاڑہیں ،کتنی آبادےاں ہیں اورکون کون شخصیتیں آبادہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ زمیں وآسمان ،بروبحرکی وسعت خداہی جانتاہے جواس کابنانا والاہے ۔ دنےاوالوں کو اس کاپوراعلم نہیں ہوسکتاوہ لوگ جوعقل وحکمت کے فرماں رواسمجھے جاتے ہیں آج تک یہ بھی نہیں سمجھ سکے کہ ہم کس لئے پےداہوئے ہیں ،اورہماریخلقت کی غرض وغاےت کےاہے ؟ان کی عقلےں تودنےا کی دولت ومملکت کیباتوں میں ا لجھ کررہ گئی ہیں مادےت کی تارےکی اورروحانےت کی روشنی میں زمےن وآسمان کافرق ہے خداخداہے ،بندے بندے ہیں ۔ کہاں قوت الہیہ اورکہاں قوت بشری اس کااس سے کےامقابلہ کائنات عالم کی تفصےلات اورکل ارض وسماوات کے حالات رب العالمےن ہی خوب جانتاہے ےاوہ حضرات جانتے ہیںجن کویہ باتےں اس نےتعلےم فرمائی ہیں اورانھوںنے دورسروںکوسمجھائی ہیں ۔ اس لئے اےسی آبادےاں جوحضرت حجت علیہ السلام سے منسوب ہیں ان کی خبرےں بالکل قرےن عقل ہیں اورجزیرہ خضراوغےرہ کودنےاکے قابل فخرونازجغرافےائی معلومات والوں کانہ دےکھنابھی ٹھےک ہے ا ورخداوالوں کادےکھنابھی صحےح ہے ۔

کسی امرکے نہ معلوم ہونے سے اس کے نہ ہونے کاےقےن یہں ہوسکتا۔ کچھ مقامات کواہل تحقےقات کانہ دےکھنا وجودمقامات کی نفی نہیں کرسکتادنےابھری کی سےروسےاحت والے ،فضائے عالم میںپروازکرنے والے ا گرجزیرہ خضراوغےرہ کے حالات سے مطلع نہیں ہوسکتے توکوئی مضائقہ نہیں ہے قادرمطلق کے سامنے دنےاکی ساری مشےنں

Presented by www.ziaraat.com

اور آلات بے کار ہیں ۔قدرت کے آگے مملکتوں کو ہتھےار ڈالنے پڑتے ہیں حکےم برحق کی حکمت کے مقابل کسی کا فلسفہ وفن ہےئت کام ےاب نہیں ہٹاسکتی جو چےز ےں اس نے پردے میں رکھی ہیں جب تک اس کی مصلحت ہے وہ پردے ہی میں رہیں گی ۔لہذا اس وقت دنےا والوں کا جزیرہ خضرا کانہ دےکھنا اور مخصوص حصہ ارض کا ان کے علم میں نہ آنا اس کے نہ ہونے کی دلےل نہیں بن سکتا ۔معجزہ خلاف عقل نہیں ہوتا بلکہ صرف عادت کے خلاف اےسی بات ہوا کرتی ہے جس کو وجود میں لانا اس وقت کے لوگوں کی طاقت بشری سے باہر ہوتا ہے ۔

ہر مسلمان کی پےغمبر اسلام کے یہ معجزات تسلےم ہیں کہ حضرت کعبہ وبیت المقدس کی طرف رخ کئے ہوئے حجر اسود کے مقابل نماز میں مشغول ہیں مگر کسی کو نظر نہیں آتے ےا ہجرت کے موقع پر گھر کا محاصرہ ہے لےکن حضرت باہر آئے اور دشمنوں کے سامنے سے نکل کر تشرےف لے گئے اور کسی نے نہ دےکھا گھر کے اندر بے خوف وخطر بڑے اطمےنان سے تلواروں کے سایہ میں حضرت کی جگہ شےر خدا علی مرتضی سورہے ہیں ۔نیچے بستر رسول ،اوپر چادر رسول تھی جانشےنی کا فرےضہ ادا ہورہا تھا ےا ان کے اجاتا ہے کہ جب حضرت غار کے اندر پہنچے اور ہمراہی پرےشان ہوئے تو حضرت نے اپنا پائے مبارک غار کی پشت پر مارا، فورا دروازہ نمودار ہوا اور ایک درےا دکھائی دےنے لگا جس میں کشتی بھی تھی حضرت نے فرماےا کہ گھبراو نہیں اگر کفار یہاں داخل ہونے لگے تو ہم اس راستہ سے نکل جائےں گے ۔

پس جب خدا کی ذات سے یہ ہوسکتا ہے کہ ایک ذات آنکھوں کے سامنے ہوتے ہوئے نگاہوں سے پوشےدہ رہے ےا خشکی میں درےا نظر آجائے تو یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بہت سے پررونق مقام ہزاروں ،لاکھوں آدمیوں سے آبادہوں اور عام نظروں میں بالکل خالی دکھائی دےں ،ےا بحر ذخار و مےدان سبزہ زار نظر آئےں ۔

خداوندعالم ارشادفرمارہاہے :واذا قرات القران جعلنا بےنک وبےن الذےن لاےومنون بالاخرۃحجابامستورا (پارہ ۱۵ع۵)

ےعنی اے رسول جب تم قرآن پڑھتے ہو تو ہم تمہارے اوران لوگوں کے درمےان جوآخرت پراےمان نہیں رکھتب ایک گہرا پردہ ڈال دےتے ہیں ۔

کتب سےرت وتارےخ میں ملاحظہ فرمائےے کہ کتنی مرتبہ ابوسفےان ،نضربن حارث ،ابوجہل اورزوجہ ابوجہل ام جمےل ،آنحضرت کواذےت پہنچانے کی غرض سے آئے ۔جب آپ کے قرےب آتے تھے ،انھےں آپ نظرہی نہ آتے تھے جب قدرت نے اپنے رسول کی حفاظت کااےساانتظام کردےا تھا تونائب رسول (امام) کی حفاظت کااےساانتظام پرحےرت نہ ہونی چاہئے کہ ان کی جائے سکونت پردنےاکی نظرےں نہ پڑسکےں اورجہاں حضرت کی اولادآبادہیں اس طرف سے گزرنے والوں کے اوراس مقام کے درمےان اےسے اےسے حجاب حائل ہوجائےں کہ وہاں سوائے سمندرےابےابان اورسبزمےدان کے کچھ دکھائی نہ دے ۔

حدسکندرجس کاذکرقرآن میں آےاہے ،اس کاکہیں پتہ نہیں لگتا،جس کودنےابھرکے بادشاہ برگزےدہٴ خداسکندرذوالقرنین نے تیارکی تھی اوروہ لوہے کی دےوارہے جوقوم ےاجوج وماجوج کوحملہ سے روکے ہوئے ہے ۔ یہ لوگ حضرت ےافث بن نوح کی اولاد سے لاکھوں کی تعداد میں دوگروہ ہیں یہ آبادی نظرسے مخفی ہے ان کاخروج بھی قےامت کی علامت ہے جب اس کاوقت آئے گا یہ دےوارگرجائے گی اورےاجوج ماجوج کے لے راستہ کھل جائے گا ۔

Presented by www.ziaraat.com

اصحاب کہف والاغاربھی کسی کونظرنہیں آتا حالانکہ ان چےزوں کے تذکرے قرآن میں‌موجود ہیں لےکن یہ مقامات اورآبادےاں تحقےقاتی دنےاکے سےاحوں کی نگاہوں سے غائب اورتمام قوتےں ان تک پہنچنے سے قاصرہیں اورتاقےامت عاجزرہیں گی ۔

اسی طرح حضرت حجت علیہ السلام کامسکن عام نظروں سے مخفی ہے اورجب تک خداکی مصلحت ہے مخفی رہے گا ظہور کے وقت آنے پردےکھنے والے دےکھےں گے توجنت کانمونہ نظرآئے گا کہ وہاں ہرطرح کی نعمت اوربہت بڑی مملکت ہے حضرت خضر،حضرت الےاس کودنےازندہ کہہ رہی ہے مگرکسی کوان حضرات کے مقامات رہائش معلوم نہیں ،پھربھی ان برگزےدگان خداکی زندگی سے انکارنہیں ہے ۔ یہی صورت حضرت حجت علیہ السلام کے مقام رہائش کی ہے۔

بکثرت اخباراس مضمون کی وارد ہیں کہ روئے زمےن پرمشرق ومغرب میں دوبڑی آبادےاں ہیں ، جن کوجابلساوجابلقاکہتے ہیں وہاں کے تمام رہنے والے حضرت حجت علیہ السلام کے انصارہیں ۔

حضرت ائمہ معالم دےن کی تعلےم کے لئے اوقات معےنہ میں ان مقامات پرپہنچتے رہے ہیں ان لوگوں کی عمرےں طوےل ہوتی ہیں اورا‌ےسے قوی ہیں کہ اگرحملہ کرےں تودونوں طرف کے درمےان کی آبادی کوختم کردےں ۔موجودہ لوہاان کے جسم پراثرنہیں کرسکتا۔ان کی تلوارےں دوسری قسم کی ہیں جن کی ضرب سے پہاڑکے بھی ٹکڑے ہوجائےں گے یہ سب حضرت حجت علیہ السلام کے ظہورپرجہاد میں شرےک ہوں گے اوران کے مقابلہ میں مخالفےن کے تمام آلات جنگ بے کاررہیں گے یہ ہرطرح کے ہتھےاروالوں پرغالب ہوں گے ان لوگوں کے اےسے حالات ہیں لےکن ہماری نگاہوں کے سامنے نہیں ہیں بہت بڑی آبادی ہے مگرہماری آنکھوں سے وہ بالکل ہرطرح سے پوشےدہ ہے۔

اسی طرح حضرت کی قےام گاہ نظرنہیں آتی ۔چونکہ روایات صحےحہ کی بناپرتمام مسلمانوں کا اس پراتفاق ہے کہ جب حضرت حجت علیہ السلام کاظہورہوگا تودنےا بھرکے سارے وہ خزانے اوردفےنے ظاہرہوجائےں‌گے جواس وقت خلائق کی نظروں سے مخفی ہیں اورتمام دنےاحضرت کے قبضہ واختےارمیں‌آجائے گی اس وقت یہ سے کچھ خداکی قدرت ورحمت سے ہوگا۔توکون سے تعجب کی بات ہے کہ خداوندعالم نے اس وقت بھی حضرت کووہ قوت وطاقت کرامت فرمائی ہے کہ روئے زمےن کے اےسے علاقے قبضہ میں ہیں جن سے دنےاکے صاحبان مملکت واقتدارخبردارنہیں ۔ انھےں میں حضرت کی قےام گاہ ہے کہ وہاں تک بغےرحکم کے کسی کی رسائی نہیں ہوسکتی ۔انھےں میں حضرت کے متعلقےن کی رہائش ہے ،انھےں میں‌خدام مومنےن رہتے ہیں یہاں بڑی بڑی آبادےاں ہیں اورایک ہی نہیں بلکہ بہت سے جزےرے ہیں جن کے نام بھی بعض موقعوں پربتائے ہیں ۔مبارکہ وزاہرہ ورائقہ وصافیہ وناعمہ وصالحیہ ونوریہ وبےضاویہ وخضرویہ وعقلمیہ وغےرہ ۔ان سب میں اس وقت بھی حضرت کی عظےم الشان سلطنت ہے جس کے کچھ حالات بعض واقعات ملاقات میں بےان ہوں‌گے ۔

خلاصہ یہ کہ جب اس وقت حضرت حجت علیہ السلام کی غیبت ہے توحضرت سے متعلق بعض دےگرامورمکان وغےرہ بھی عوام الناس کے لئے حجاب غیبت میں ہیں اوراس کامنشاکہ حضرت نظرخلائق سے غائب ہیں یہی ہے کہ حضرت کی رہائش دنےاوالوں کی نظروں سے پوشےدہ ہے جس طرح اس زمانہ میں بعض خوش قسمت مومنےن حضرت کی ملاقات سے مشرف ہوسکتے ہیں اسی طرح حضرت کی حےات طےبہ سے تعلق رکھنے والے دوسرے معاملات کی بھی اطلاع خاص لوگوں کو ہوسکتی ہے اوراےسی باتوں کوبعےد ازعقل سمجھنااےمانی کمزوری کی دلےل ہے۔

اس ذات اقدس کی خصوصےت یہ معجزہ ہے کہ اگر کسی بے آب وگےاہ مقام پربھی مع اپنے خواص کے قےام فرمائےں تووہ سرسبزوشاداب ہوجاتاہے وہاں نہرےں جاری ہونے لگتی ہیں اورجب حضرت وہاں سے تشرےف لے جاتے

Presented by www.ziaraat.com

ہیں تووہ منزل اپنی پہلی صورت اختےارکرلےتی ہے جس معجزنما کی یہ شان ہو تواس کی جائے سکونت ،اس کادارالسلطنت اس کے لوازم مملکت سب کے سب آےات الہیہ ہوں گے ۔پس یہ رازکی باتےں جوپردے کے ا ندرہیں ان کوعقل ونقل دونوں کی روشنی میں دےکھنے کی ضرورت ہے۔

اوصاف وعلامات امام مہدی :

احادےث نبویہ اورروایات ائمہ میں امام مہدی کے علامات اوراوصاف بتائے گئے ہیں ۔ ان علامات اوراوصاف کابتانا اپنے مقام پرانتہائی ضروری تھا کےونکہ جھوٹے مدعےان مہدوےت کے جھوٹ کی قلعی ان ہی علامات اوراوصاف سے کھل سکتی تھی ۔

ذات احدےت کوعلم تھا کہ بہت سے طالع آزماامت مسلمہ کی کمزوری اورسادگی سے فائدہ اٹھاکرانھےں گمراہ کرےں گے۔ اس لئے ذات احدےت نے اےسی حتمی علامات مقررکردی ہیں جوآپ کے ظہورسے قبل اس عالم کون میں پہلے کبھی ظاہرہوئی ہی نہ ہوں تاکہ ایک طرف سادہ لوح اہل اےمان جھوٹے مدعےان مہدوےت کی فرےب کاری سے محفوظ رہیں اوردوسری طرف ان کاکوئی دعوی اورافترادلےل نہ بن سکے ۔

جب ہم تاریخ کامطالعہ کرتے ہیں توہمیں کئ ایسے گمراہ چہرے نظرآتے ہیں جنھوں نے قبائے مہدویت کواپنے اوپرفٹ کرنے کی کوشش کی ہے لےکن ان میں وہ اوصاف اورعلامات نہ تھےں جواحادےث نبویہ اورروےات ائمہ میں امام مہدی کے لئے بتائی گئی ہیں بعض کواتناکم وقت نصےب ہواکہ وہ دےگرشرائط کے فقدان کے علاوہ ایک شہرمیں بھی عدل وانصاف قائم نہ کرسکے چہ جائکہ پورے کرۂ ارض کو گہوارہ عدل بناتے ۔ جس کانتےجہ یہ ہواکہ وہ تارےخ کی لعنت اورلوگوں میں مذاق بن کررہ گئے ۔

اب ذےل میں ہم چند ایک اےسی احادےث اورروایات کاتذکرہ کرےں گے جن میں امام مہدی کے اوصاف اورعلامات بتائے گئے ہیں

:

۱۔حافظ کنجی کی کتاب البےان ،حافظ ابونعےم کی کتاب الاربعےن فرائدالسمطےن میں نبی اکرم نے فرماےا :

”امام مہدی میری اولاد سے ہوگا چالےس برس کے لگ بھگ معلوم ہوگا ۔ اس کاچہرہ کوکب دری کی طر ح درخشاں ہوگا اس کے دائےں رخسارپرتل ہوگا ۔بےس برس تک حکومت کرے گا زمےن میں پوشےدہ تمام خزانے برآمد کرے گا اورتمام مشرکانہ شہروں کوفتح کرے گا ۔“

۲۔ صاحب کنزالعمال کی ابرہان اورخطےب بغدادی کی تلخےص المتشابہ میں نبی ا کرم کاارشاد گرامی ہے کہ :

”جب امام مہدی کاظہورہوگا تواس کے سرپرایک بادل ہوگا بادل میں سے ایک منادی کرے گا ۔ یہ خلےفۂ خداامام مہدی ہے اس کا اتباع کرو۔“

۳۔ صاحب کنزالعمال کی ابرہان اورعلامہ کنجی کی البےان میں نبی الانبےاء کاارشادہے کہ”امام مہدی مجھ سے ہوگا جوکشادہ جبےن اوربلند ناک ہوگا ۔“

Presented by www.ziaraat.com

۴۔علامہ کنجی کی البےان ،ےوسف ابن ےحی کی عقدالدرر،حافظ ابونعےم کی مناقب المہدی اورحافظ ابوالقاسم کی ابوالمعجم میں ہے کہ رحمت دوعالم نے فرم ”امام مہدی مےری اولاد سے ہوگا ۔اس کاچہرہ ماہتاب فروزاں کی طرح ہوگا ۔رنگ عربی اوربنی اسرائےل کی طرح دراز قد ہوگا ۔ ظلم وجورسے پرروئے ارض کو عدل وانصاف سے بھردے گا ۔“

۵۔ حرعاملی کی اثبات الہداة میںہے حضرت علی نے اپنے ایک خطبے میں فرماےاہے :

”امام مہدی مےری ذرےت سے ہوگا ۔مقام ابراہےم اوررکن کے مابےن ظہورکرے گا قمےص قلےل خدازےب تن کےے ہوگا ،اس کے اوپر حلہٴ حضرت اسماعےل ہوگا پاﺅں میں حضرت شےث کی نعلےن ہوگی اوراس کی دلےل امام الانبےاء کایہ ارشاد ہے کہ :” عےسی بن مرےم آسمان سے نازل ہوکر مےری ذرےت سے مےرے مہدی کاساتھ دے گا ۔“

۶۔ خطبة البےان میں حضرت علی نے ارشادفرماےا ہے کہ :

”امام مہدی کاچہرہ ماہتابی ہوگا ،جبےن روشن ہوگی ،سےاہ تل رخسارپرہوگا بلاعالم غےرمعلم ہوگا کائنات کے اسرارسے آشناہوگا۔امام مہدی ان سے قصاص لے گا جوہمارا حق نہیں پہچانتے وہ حق کاشاہد اورمخلوق خداپراللہ کاخلےفہ ہوگا نبی کونےن کاہم نام ہوگا فاطمہ کی اولاد سے ہوگا ۔حسن ابن علی نقی کافرزند ہوگا اورمےرے حسےن کی ذرےت سے ہوگا ۔“

۷۔ عقدالدارفی اخبارالامام المنتظرمیں ہے کہ سےدالشہداء امام حسےن نے فرماےا ہے کہ :”جب امام مہدی کاظہورہوگا تولوگ اسے تسلےم کرنے سے انکارکردےں گے کےونکہ لوگوں کے خےال میں اسے بوڑھا ہوناچاہےے تھا جبکہ وہ نوجوان ہوگا ۔“

۸۔ اکمال الدےن میں ہے کہ مروی نے امام رضا سے سوال کےا ۔آپ کے قائم کی بوقت ظہورکےاعلامت ہوں گی ؟آپ نے فرمایا :

”دےکھنے میں جوان ،حقیقت میں سن رسےدہ ہوگا ۔دےکھنے والے چالےس برس سے بھی کم کاخےال کرےں گے ۔اپنی زندگی کے آخری لمحہ تک ان پربڑھاپے کے آثارظاہرنہیں ہوں گے ۔“

۳۰۷ہجری میں آپ کا حجراسود نصب کرنا

علامہ اربلی لکھتے ہیں کہ زمانہٴ نیابت میں بعہد حسین بن روح ،ابوالقاسم جعفربن محمد بن قولویہ بارادہٴ حج بغداد گئے اوروہ مکہ معظمہ پہنچ کرحج کرنے کافےصلہ کئے ہوئے تھے ۔ لےکن وہ بغداد پہنچ کرسخت علےل ہوگئے ۔ اسی دوران میں آپ نے سناکہ قرامطہ نے حجراسود کونکال لیاہے اوروہ اسے کچھ درست کرکے ایام حج میں پھرنصب کریں‌گے ۔ کتابوں میںچونکہ پڑھ چکے تھے کہ حجراسود صرف امام زمانہ ہی نصب کرسکتاہے جےساکہ پہلے آنحضرت صلعم نے نصب کیاتھا ،پھرزمانہٴ حجاج میں امام زےن العابدےن نے نصب کیاتھا ۔ اسی بناء پرانھوں نے اپنے ایک کرم فرما” ابن ہشام “ کے ذرےعہ سے ایک خط ارسال کیا اوراسے کہ دیا کہ جوحجراسود نصب کرے اسے یہ خط دےدےنا ۔ نصب حجرکی لوگ سعی کررہے تھے ۔لےکن وہ اپنی جگہ پرقرارنہیں لےتاتھا کہ اتنے میں ایک خوبصورت نوجوان ایک طرف سے سامنے آیا اور اس نے اسے نصب کردیا اوروہ اپنی جگہ پرمستقرہوگیا ۔جب وہ وہاںسے روانہ ہوا توابن ہشام ان کے پےچھے ہولئے ۔راستہ میں انھوںنے پلٹ کرکہا اے ابن ہشام ،توجعفربن محمد کاخط مجھے دےدے ۔دےکھ اس میں اس نے مجھ سے

Presented by www.ziaraat.com

سوال کیاہے کہ وہ کب تک زندہ رہے گا ۔ ا س سے یہ کہدےنا کہ وہ ابھی تےس سال اورزندہ رہے گا یہ کہہ کروہ ونظروں سے غائب ہوگئے ۔ ابن ہشام نے ساراواقعہ بغداد پہنچ کرجعفربن قولویہ سے بیان کردیا ۔ غرضکہ وہ تےس سال کے بعد وفات پاگئے ۔(کشف الغمہ ص۱۳۳) اسی قسم کے کئی واقعات کتاب مذکورمیں موجودہیں ۔

علامہ عبدالرحمن ملاجامی رقمطرازہیں کہ ایک شخص اسماعےل بن حسن ہرقلی جونواحی حلہ میں مقےم تھا اس کی ران پرایک زخم نمودارہوگیاتھا جوہرزمانہ ٔ بحارمیں ابل آتاتھا جس کے علاج سے تمام دنیا کے اطبأ عاجزاورقاصرہوگئے تھے وہ ایک دن اپنے بےٹے شمس الدےن کوہمراہ لے کرسےدرضی الدےن علی بن طاؤس کی خدمت میں گیا ۔انھوں نے پہلے توبڑی سعی کی ،لےکن کوئی چارہ کارنہ ہوا ہرطبےب یہ کہتاتھا کہ یہ پھوڑا ”رگ اکحل “ پرہے اگراسے نشتر دیاجائے توجان کاخطرہ ہے اس لئے اس کاعلاج ناممکن ہے ۔اسماعےل کابیان ہے کہ ”چون ازاطبأمأےوس شدم عزےمت مشہدشرےف سرمن رائے کردم“ جب میں تمام اطباء سے ماےوس ہوگیا توسامرہ کے سرداب کے قرےب گیا،اوروہاں پرحضرت صاحب الامرکومتوجہ کیا ،ایک شب دریائے دجلہ سے غسل کرکے واپس آرہاتھا کہ چارسوارنظرآئے ،ان میں سے ایک نے میرے زخم کے قرےب ہاتھ پھےرا اورمیں بالکل اچھا ہوگیا میں ابھی اپنی صحت پرتعجب ہی کررہاتھا کہ ان میں سے ایک سوارنے جوسفےد رےش تھے کہا کہ تعجب کیا ہے تجھے شفادےنے والے امام مہدی علیہ السلام ہیں یہ سن کرمیں نے ان کے قدموں کا بوسہ دیا اوروہ لوگ نظروں سے غائب ہوگئے ۔ (شواہدالنبوت ص۲۱۴وکشف الغمہ ص۱۳۲)۔